رجسٹرڈ بی سی نمبر 12
قیمت 10 روپے
MEMBER OF APNS
کوئٹہ اسلام آباد اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ
A.B.C Certified
DAILY AWAM QUETTA
روزنامہ عوام کوئٹہ
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 38 | بدھ | 24 ربیع الثانی | 1448ھ | 07 اکتوبر 2026ء | فون 2832244-2829384 فیکس 2832255 | شمارہ 85

وزیر اعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت اجلاس، پولیس کو ہر گز دہشت گردی کے خلاف میدان میں اتارا ہے تو ہر سہولت ممکن بھی دی جائے گی، میر سرفراز بگٹی

اجلاس میں صوبے کی مجموعی سکیورٹی صورتحال، پولیس اصلاحات، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور دہشتگردی کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

صوبائی حکومت اپنی بہادر پولیس اور سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور پولیس کی استعداد کار میں اضافے کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبے میں سکیورٹی اور پولیسنگ کے نظام کو مزید موثر اور جدید بنانے کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں صوبے کی مجموعی سکیورٹی صورتحال، پولیس اصلاحات، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال (بقیہ نمبر 37 صفحہ 6 پر)

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات رواں ہفتے مکمل ہو جائیں گے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور عالمی مالیاتی (بقیہ نمبر 41 صفحہ 6 پر)

صدر/وزیر اعظم شہباز شریف کی اہم ملاقات، خیبر پختونخوا کی صورتحال پر غور

آئینی و قانونی اقدامات سے قبل مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق، ذرائع

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے صدر مملکت آصف علی زرداری سے اہم ملاقات کی، جس میں ملک کی مجموعی سیاسی اور سکیورٹی صورتحال سمیت (بقیہ نمبر 40 صفحہ 6 پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کوئٹہ انٹیگریٹڈ سکیورٹی پروجیکٹ سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مذاکرات کی پیشکش برائے نام، مثبت قدم نہیں اٹھایا، ہماری نیک نیتی کے باوجود لیڈر سے ملنے نہیں دیا جا رہا، بیرسٹر گوہر

مذاکرات کا اختیار اچکزئی اور راجہ ناصر کے پاس، حکومت ان سے رابطہ کر لیں، مذاکرات کیلئے ہم اجتماعی فیصلہ کریں گے، سلمان اکرم راجہ

مذاکرات کے دوران وزیر اعلیٰ کی ٹوٹ پر کوئی فرق نہیں پڑتا سیاست میں ایسا چلتا ہے، اڈیالہ روڈ فیکٹری ناکے کے قریب میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (آن لائن) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ مذاکرات کی پیشکش برائے نام ہے، مذاکرات صرف پیشکش کی حد تک کوئی مثبت قدم نہیں اٹھایا جاتا، ایک سال سے ملاقات بند ہے، ہماری نیک نیتی کے باوجود ہمیں اپنے لیڈر سے ملنے نہیں (بقیہ نمبر 39 صفحہ 6 پر)

محمود اچکزئی نے اپوزیشن ٹیم کو مذاکرات سے متعلق ہدایات جاری کر دیں

حکومت کے رابطے پر پہلے شرط بانی سے ملاقات ہونی چاہیے، اپوزیشن لیڈر

وفاق اپنی ناکام پالیسی ترک کرکے ہمارے کہنے پر عمل کرے امن قائم ہو جائے گا، سہیل آفریدی

اگر بانی کو کوئی نقصان پہنچا تو جیل انتظامیہ، وزیر اعظم اور دیگر متعلقہ ذمہ دار براہ راست ذمہ دار ہوں گے، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا

ہم نے اپنے مطالبات جاری کر دیئے اگر ایک بھی نکتہ غیر آئینی ہوا تو لانگ مارچ منسوخ کر دوں گا، کوہاٹ سے روانگی پر خطاب

کوہاٹ (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ مطالبات کا ڈرافٹ سوشل میڈیا پر جاری کر دیا ہے، اگر ایک بھی نکتہ غیر آئینی ہوا تو لانگ مارچ منسوخ کر دوں گا۔ کوہاٹ سے روانگی پر یونیورسٹی چوک میں لانگ مارچ کے شرکا سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ کوہاٹ کے غیرت مند لوگوں کا مشکور ہوں اور جوش و جذبے کو سلام پیش کرتا ہوں، یہ وہ جذبہ اور حب الوطنی ہے جو ہمیشہ ٹارگٹ کی جاتی (بقیہ نمبر 42 صفحہ 6 پر)

اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف کشمیر چوک انڈر پاس کی سنگ بنیاد کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

وزیر اعظم کی ایک بار پھر اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت، حکومت مذاکرات میں بیٹھنے کیلئے تیار ہے، ٹھنڈے دل سے سوچیں اور دھرنوں، لانگ مارچ کی سیاست ترک کریں، شہباز شریف

پی ٹی آئی قیادت سے کہتا، ہوش کے ناخن لیں اجتماعی کاوشوں کے ساتھ ملکی معیشت کو اپنے پاؤں پر کھڑا کیا، معیشت کو نقصان پہنچانا ترقی کا پہیہ جام کرنا ملک دشمنی نہیں تو اور کیا ہے؟

حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے گی، معاشی ترقی کے سفر کو جاری رکھنے کیلئے ہر طریقہ اختیار کریں گے، وزیر اعظم کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم شہباز شریف نے ایک بار پھر اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ پی ٹی آئی قیادت سے کہتا ہوں کہ ہوش کے ناخن لیں ٹھنڈے دل سے سوچیں، دھرنوں اور لانگ مارچ کی سیاست کو ترک کریں۔ حکومت مذاکرات میں بیٹھنے کے لئے تیار ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کشمیر چوک انڈر پاس کے سنگ بنیاد کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کشمیر چوک کی توسیع حوالے سے انڈر پاس کا ابھی سنگ بنیاد رکھا ہے یہ بات خوش آئند ہے کہ وزیر داخلہ محسن نقوی نے اس پراجیکٹ کو ایک ماہ میں مکمل کرنے کا اعلان کیا اس پر انہیں خراج تحسین پیش کرتا ہوں انہوں نے کہا کشمیر چوک کا نام ہی کشمیر کے نام سے منسوب ہے۔ انشاء اللہ ایک دن آئے گا یہی شاہراہ سرینگر تک پہنچے گی کشمیری عوام آزادی سے اس شاہراہ پر سفر کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ سڑکیں، پل انڈر پاس بنانے کا مقصد عوام کو بہترین اور معیاری سفری سہولیات میسر کر کے ان کے وقت کو بچا کر زیادہ وقت ملک کی تعمیر و ترقی میں دینے کے اہل بنانا ہے۔ انہوں نے کہا طرف ملک کی تعمیر و ترقی کے لئے کام جاری ہے دوسری طرف بدقسمتی سے دھرنوں اور لانگ مارچ کی سیاست کی جا رہی ہے جو ملکی معیشت کے لئے تباہ کن ہے۔ انہوں نے کہا ن لیگ اور پیپلز (بقیہ نمبر 43 صفحہ 6 پر)

آزاد کشمیر انتخابات میں عوامی مینڈیٹ علاقائی ترقی کیلئے بروئے کار لانا ہے، شہباز شریف

اے جے کے کونسل آزاد کشمیر اور وفاقی حکومت کے درمیان پل کا کردار ادا کرتی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کے حالیہ انتخابات میں عوام نے اپنا مینڈیٹ دیا، عوامی مینڈیٹ کو علاقائی ترقی اور خوشحالی کیلئے بروئے کار لانا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے منتخب ارکان سے حلف لیا۔ تقریب میں صدر آزاد کشمیر محمد نجیب نقی، وزیر اعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی اور وفاقی کابینہ کے ارکان (بقیہ نمبر 44 صفحہ 6 پر)

جب تک کچھ طے نہیں ہو جاتا لانگ مارچ قائم رہے گا، سلمان اکرم راجا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجا نے کہا ہے کہ جب تک کچھ طے نہیں ہو جاتا لانگ مارچ قائم رہے گا۔ ہائیکورٹ کے (بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر)

نائب وزیر اعظم سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کی ملاقات، چاہتے ہیں کہ تنازعات کے حل کیلئے اقوام متحدہ کی مرکزی حیثیت برقرار رہے، اسحاق ڈار

فلسطینی عوام کو حق خود ارادیت ملنے تک امن ممکن نہیں، تمام فریق آزاد تجارتی نقل و حرکت کو یقینی، مذاکرات پر واپس آئیں، گوتریس

2022 کے سیلاب میں دیکھے تباہی کے مناظر کبھی نہیں بھلا سکتا، ترقی یافتہ ممالک کو وعدوں کا احترام کرنا چاہئے، مشترکہ پریس کانفرنس

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان چاہتا ہے کہ تنازعات کے حل کے لئے اقوام متحدہ کی مرکزی حیثیت برقرار رہے، یقینی بنانا ہوگا کہ بھارت سندھ طاس معاہدے کے تحت ذمہ داریاں پوری کرے جبکہ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے کہا ہے کہ فلسطینی عوام کو حق خود ارادیت ملنے تک خطے میں امن ممکن نہیں، 2022 کے سیلاب میں دیکھے تباہی کے مناظر کبھی نہیں بھلا سکتا، ترقی یافتہ ممالک کو اپنے وعدوں کا احترام کرنا چاہئے۔ منگل کو یہاں ملاقات کے بعد پریس کانفرنس سے خطاب (بقیہ نمبر 45 صفحہ 6 پر)

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریش کی دفتر خارجہ آمد پر تپاک خیر مقدم

اسلام آباد (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریش کا دفتر خارجہ آمد پر تپاک استقبال کیا گیا۔ دفتر خارجہ پہنچنے پر نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد (بقیہ نمبر 42 صفحہ 7 پر)

عمران خان کا بلڈ پریشر انتہائی حد تک بڑھ چکا، غیر ملکی ڈاکٹر سے مشورہ کیے جانے کا دعویٰ

بانی پی ٹی آئی عمران خان کے سابق ترجمان فیصل چوہدری نے اڈیالہ جیل کو ملاقات کے لیے درخواست دیدی

رانا ثنا اللہ، نوید قمر اور اعجاز جاکھرانی سمیت حکومتی کمیٹی کے ارکان نے معلومات کی تصدیق کی ہے

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کے سابق ترجمان اور وکیل فیصل چوہدری نے اڈیالہ جیل کے سپرنٹنڈنٹ جیل کو درخواست دی کہ عمران خان کا بلڈ پریشر انتہائی حد تک بڑھ چکا ہے لہٰذا ملاقات کرائی جائے اور ساتھ ہی غیر ملکی ڈاکٹر سے مشورے کا بھی دعویٰ کیا ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق عمران خان کے سابق ترجمان فیصل چوہدری نے بانی پی ٹی آئی سے فوری ملاقات کے لیے سپرنٹنڈنٹ (بقیہ نمبر 41 صفحہ 7 پر)

پاکستان کا فتح-4 کروز میزائل کا کامیاب تجربہ، طویل فاصلے تک انتہائی درستگی سے ہدف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے

توسیع شدہ ورژن جدید ایویانکس اور جدید نیوی گیشنل نظام سے لیس، مختلف تکنیکی ذیلی نظاموں کے پیرامیٹرز کی بھی کامیاب توثیق

لانچ کے دوران، بہتر درستگی اور نظام کی بقا کی صلاحیت میں اضافے کیلئے شامل مختلف ذیلی نظاموں کے اضافی تکنیکی پیرامیٹرز کو بھی جانچا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (آن لائن) پاکستان نے دفاعی صلاحیتوں میں ایک اور اہم سنگ میل عبور کرتے ہوئے مقامی طور پر تیار کردہ فتح-4 گراؤنڈ لانچڈ کروز میزائل کے توسیع شدہ ورژن کا کامیاب تجرباتی لانچ کیا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق جدید ہتھیاروں کے نظام کے تجربے کے دوران اس کی تکنیکی صلاحیتوں اور مختلف ذیلی نظاموں کے اہم پیرامیٹرز کی بھی کامیابی سے توثیق کی گئی۔ آئی ایس (بقیہ نمبر 43 صفحہ 7 پر)

وزارت اطلاعات نے مکہ معاہدے پر غیر ملکی خبر ایجنسی کی رپورٹس کو مسترد کر دیا

مکہ معاہدے پر غیر ملکی خبر ایجنسی کی رپورٹس قیاس آرائیوں پر مبنی ہیں، وزارت اطلاعات و نشریات

اسلام آباد (این این آئی) وزارت اطلاعات نے مکہ معاہدے پر غیر ملکی خبر ایجنسی کی رپورٹس کو مسترد کر دیا۔ وزارت اطلاعات و نشریات کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ مکہ معاہدے پر غیر ملکی خبر ایجنسی کی رپورٹس قیاس آرائیوں پر مبنی ہیں۔ وزارت اطلاعات (بقیہ نمبر 58 صفحہ 7 پر)

وزارت مذہبی امور کو سرکاری سکیم میں حج واجبات کی دوسری قسط وصول

اسلام آباد (این این آئی) وزارت مذہبی امور کو سرکاری سکیم میں حج واجبات کی دوسری قسط کی وصولی جاری ہے، پہلے دن 14 ہزار 605 عازمین حج نے دوسری قسط کی ادائیگی مکمل کر لی۔ منگل کو ترجمان وزارت مذہبی امور کے مطابق آن لائن کے ذریعے 10 ہزار عازمین حج نے گھر بیٹھے دوسری قسط کی ادائیگی مکمل کی اور 899 افراد نے بینک کارڈ جبکہ 3 ہزار 612 افراد (بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد: نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس ملاقات کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

عالمی امن کے لیے مکالمے اور باہمی تعاون کو فروغ دینا ہوگا، یوسف رضا گیلانی

تنزانیہ (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ عالمی امن کے لیے مکالمے اور باہمی تعاون کو فروغ دینا ہوگا۔ تنزانیہ میں بین الپارلیمانی یونین کی 153 ویں اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ پائیدار ترقی اور انسانی بااختیاری کا عالمی امن اور استحکام سے گہرا تعلق ہے۔ انہوں نے کہا کہ شمولیت، اعتماد، امن (بقیہ نمبر 44 صفحہ 7 پر)

وزیر خزانہ سے آئی ایف سی کے علاقائی ڈائریکٹر کی ملاقات

نجی شعبے کی ترقی، سرمایہ کاری اور مالی سہولیات تک رسائی بڑھانے پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے پیداواری سرمایہ کاری کے لیے ملکی وسائل کے ساتھ بین الاقوامی ترقیاتی اداروں کی مالی معاونت سے فائدہ اٹھانے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایس ایم ایز، کاروباری افراد (بقیہ نمبر 57 صفحہ 7 پر)

ہارون اختر سے پاکستان میں ازبکستان کے سفیر کی ملاقات

دونوں رہنماؤں کا اقتصادی تعاون، تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان سے پاکستان میں ازبکستان کے سفیر علی شیر تختیف نے ملاقات کی جس میں پاکستان اور ازبکستان کے درمیان دوطرفہ تعلقات، اقتصادی تعاون، تجارت، سرمایہ کاری، برآمدات اور عوامی (بقیہ نمبر 56 صفحہ 7 پر)

مستونگ، فتنہ الہندوستان کیخلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، 4 دہشتگرد ہلاک

باریک بینی سے نگرانی کے بعد کواڈ کاپٹر کے ذریعے حملہ کیا، قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود برآمد

آپریشن رد الفتنہ تھری کے تحت سکیورٹی فورسز کے عملے کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد موجود ہیں، ذرائع

کوئٹہ (آن لائن) سکیورٹی فورسز کے عملے نے آپریشن رد الفتنہ تھری کے تحت مستونگ کے علاقے میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 4 خوارج کو ہلاک کر کے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود برآمد کرلیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق آپریشن رد الفتنہ تھری کے تحت سکیورٹی فورسز کے عملے کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد موجود ہیں (بقیہ نمبر 60 صفحہ 7 پر)

مذاکرات میں بڑا بریک تھرو ہو چکا، وزیر اعلیٰ کے پی شرائط واپس لیں، طلال چوہدری

دہشتگردی کے معاملے پر 100 فیصد تعاون چاہیے، مذاکرات میں شامل اپوزیشن کے لوگ اپنی پارٹی اور سوشل میڈیا کی تنقید کی زد میں آ رہے ہیں

مذاکرات کے اگلے دن دہشت گردی کے معاملے پر مکمل اتفاق پایا جانا تھا، اس بار غلط فہمی دور ہو گی کہ پھر ملک میں مارچ نہیں ہو گا، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن کے مذاکرات میں بڑا بریک تھرو ہو چکا تھا، تاہم وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی آخری وقت میں شرائط مذاکرات کی ناکامی کا باعث بنیں۔ میڈیا سے گفتگو میں طلال چوہدری نے کہا کہ مذاکرات میں شامل اپوزیشن کے لوگ اپنی پارٹی اور سوشل میڈیا کی تنقید کی زد میں آ رہے ہیں، مذاکرات کے پہلے دن حکومت کی جانب (بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر)

ریاض: کثیر الجہتی دفاعی معاہدے کے تحت اسٹریٹجک، سیاسی اور دفاعی کمیٹی کے اجلاس کے موقع پر اسحاق ڈار، خواجہ آصف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

چاغی، نامعلوم ڈرون حملے میں بند مائنز کمپنی کے کئی کمرے تباہ، مائنز اونر

چاغی (آن لائن) بلوچستان کے ضلع چاغی کا علاقہ یوسی موکنوک زرکوہ میں واقع بند مائنز کمپنی کے لیبر کے لیے تعمیر کیے گئے کمروں پر مبینہ نامعلوم ڈرون حملے کے نتیجے میں (بقیہ نمبر 62 صفحہ 7 پر)

مسلسل احتجاجی سیاست سے تنگ خیبر پختونخوا کے عوام پی ٹی آئی قیادت پر برس پڑے

پی ٹی آئی کی خیبر پختونخوا حکومت 13 سال سے صرف احتجاج اور دھرنوں میں مصروف ہے، عوام

پشاور (این این آئی) مسائل میں ڈوبا صوبہ اور مسلسل احتجاجی سیاست سے تنگ خیبر پختونخوا کے عوام پی ٹی آئی قیادت پر برس پڑے، صوابی، رستم، چارسدہ، تخت بھائی سمیت دیگر علاقوں کے عوام نے صوبائی حکومت پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا (بقیہ نمبر 61 صفحہ 7 پر)

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کو نشان امتیاز عطا کر دیا گیا

تقریب میں اعلیٰ حکومتی شخصیات اور سفارتی نمائندوں کی شرکت نے تقریب کی اہمیت کو اجاگر کیا

اسلام آباد (این این آئی) صدر آصف علی زرداری نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کو نشان امتیاز عطا کر دیا۔ ایوان صدر میں اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کے اعزاز میں اعزاز دینے کی پروقار تقریب منعقد ہوئی جس میں صدر مملکت آصف (بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر)

بیرونی ممالک میں کیمونٹی ویلفیئر اتاشیز کی تعیناتی روکنے کی درخواست پر سماعت

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ میں پاکستان کے بیرون ممالک میں کیمونٹی ویلفیئر اتاشیز کی تعیناتی روکنے کی درخواست پر سماعت کے دوران پاکستان کے بیرون (بقیہ نمبر 46 صفحہ 7 پر)

ایل این جی سپلائی پر خدشات، حکومت کا قطر سے 3 کارگو لینے کا فیصلہ

حکومت کا ایل این جی کارگوز کی محفوظ اور بلاتعطل گزرگاہ کو یقینی بنانے کے لیے ایرانی حکام سے بھی رابطہ

اسلام آباد (این این آئی) آبنائے ہرمز کے راستے توانائی کی ترسیل میں بڑھتی ہوئی غیر یقینی صورتحال کے پیش نظر حکومت نے اکتوبر کے دوران قطر سے ایل این جی کے تین کارگو حاصل کرنے کا اہم فیصلہ کر لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق حکومت ایل این جی کارگوز کی محفوظ اور (بقیہ نمبر 55 صفحہ 7 پر)

ڈیرہ اسماعیل خان، نامعلوم دہشتگردوں کی فائرنگ سے 5 سرکاری اہلکار شہید، ملزمان فرار

صدر، وزیر اعظم اور وزیر داخلہ محسن نقوی کا ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گردی کے واقعات پر تشویش کا اظہار

دہشتگرد عناصر کے خلاف قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری رہیں گی، آصف علی زرداری، شہباز شریف

ڈیرہ اسماعیل خان/اسلام آباد (این این آئی) ڈیرہ اسماعیل خان میں نامعلوم دہشت گردوں نے دن دیہاڑے آٹومیٹک گنوں سے فائرنگ کر کے دو مختلف واقعات میں 5 سرکاری اہلکاروں کو شہید کر دیا اور ملزمان فرار ہو گئے جبکہ صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم شہباز شریف (بقیہ نمبر 63 صفحہ 7 پر)

آئی ایم ایف پیٹرول سبسڈی اسکیم میں مزید صارفین نہ بڑھانے پر رضامند

آئی ایم ایف نے آٹو پالیسی میں ای وی گاڑیوں کو دی گئی ٹیکس چھوٹ ختم کرنے کا مطالبہ کر دیا

پاکستان کو قرض پروگرام کی پانچویں قسط کے لیے آئی ایم ایف ایگزیکٹو بورڈ کی منظوری درکار ہو گی

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف پیٹرول سبسڈی اسکیم جاری رکھنے پر رضامند ہو گیا جبکہ عالمی مالیاتی فنڈ نے پیٹرول سبسڈی اسکیم میں مزید صارفین نہ بڑھانے کا مطالبہ کر دیا۔ پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان چوتھے اقتصادی جائزہ مذاکرات آخری مراحل میں داخل ہو گئے جب کہ رواں ہفتے پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان اسٹاف لیول معاہدہ طے پانے کا امکان ہے۔ ذرائع نے کہا کہ آئی ایم ایف (بقیہ نمبر 48 صفحہ 7 پر)

مریم نواز کا کرپشن کے خاتمے کا ویژن، سپرنٹنڈنٹ جیل اٹک رشوت لفافے سمیت رنگے ہاتھوں گرفتار

کسی بھی افسر یا اہلکار کو قانون سے بالاتر نہیں سمجھا جائے گا، آئی جی جیل خانہ جات پنجاب کی بات چیت

راولپنڈی (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے کرپشن کے خاتمے کے ویژن کے تحت اہم کارروائی کے دوران آئی جی جیل خانہ جات پنجاب نے سپرنٹنڈنٹ جیل اٹک کو رشوت کے لفافے سمیت رنگے ہاتھوں گرفتار کروا دیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب (بقیہ نمبر 54 صفحہ 7 پر)

ریاست خیرپور کے آخری حکمران علی مراد خان تالپور انتقال کر گئے

سکھر (این این آئی) سابق ریاست خیرپور کے آخری حکمران ہز ہائینس علی مراد خان تالپور 93 برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔ اہل خانہ نے انتقال کی تصدیق کرتے (بقیہ نمبر 65 صفحہ 7 پر)

اڈیالہ جیل میں لوڈشیڈنگ؛ عدم پیشی پر ایمان مزاری اور شوہر کے خلاف فرد جرم ٹل گئی

آئندہ سماعت پر ملزمان کی ویڈیو لنک کے ذریعے حاضری یقینی نہ بنانے پر توہین عدالت کی کارروائی ہو گی، جج

اسلام آباد (این این آئی) اڈیالہ جیل میں بجلی کی بندش کے باعث عدم پیشی پر ایمان مزاری اور انکے شوہر ہادی علی چٹھہ کے خلاف فرد جرم ٹل گئی۔ انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد کے جج طاہر عباس سپرا نے ملزمان کے خلاف انٹرنیشنل کرکٹ ٹیم کی آمد (بقیہ نمبر 64 صفحہ 7 پر)

ہمیشہ کہتا ہوں ناچنے والے گھوڑے میدان میں نہیں دوڑتے، گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی

وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کو چلانے والا ہی بھگوڑا ہے اور علی امین گنڈاپور کی بھاگنے کی عادت پرانی ہے، گورنر کا بیان

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ ہمیشہ کہتا ہوں ناچنے والے گھوڑے میدان میں نہیں دوڑتے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کو چلانے والا ہی بھگوڑا ہے اور علی امین گنڈاپور کی بھاگنے کی عادت (بقیہ نمبر 53 صفحہ 7 پر)

بلوچستان اسمبلی اجلاس، زابد ریکی کا روکے جانے پر احتجاج، اسمبلی نے دو اہم ترمیمی قوانین منظور کر لیے

ایئرپورٹ پر عمرہ ادائیگی کے لیے روانگی کے دوران روکا گیا اور ایف آئی اے حکام نے مجھے دہشت گرد قرار دے کر سفر سے روک دیا

ایف آئی اے حکام نے بتایا کہ ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات نے میرا پاسپورٹ بلاک کر کے نام پی این آئی ایل اور ای سی ایل میں شامل کیا، زابد ریکی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن میر زابد ریکی کا سفر سے روکے جانے پر احتجاج، اسمبلی نے دو اہم ترمیمی قوانین منظور کر لیے، اسپیکر کا جنگلات بھرتی اسکینڈل کی تحقیقات کیلئے دو روز میں کمیٹی بنانے کا اعلان۔ بلوچستان (بقیہ نمبر 66 صفحہ 7 پر)

سکیورٹی فورسز کی شمالی وزیرستان میں کارروائی، 5 خوارج ہلاک، دو زخمی

سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان اور گردونواح میں فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں کو کامیابی سے نشانہ بنایا

صدر، وزیر اعظم اور وزیر داخلہ کا دہشتگردوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

شمالی وزیرستان/اسلام آباد (این این آئی) شمالی وزیرستان میں سکیورٹی فورسز کی جانب سے خفیہ اطلاعات پر کارروائی میں 5 خارجی دہشت گرد ہلاک اور دو زخمی ہو گئے جبکہ صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم شہباز شریف اور وزیر داخلہ محسن نقوی نے شمالی (بقیہ نمبر 49 صفحہ 7 پر)

سردار ایاز صادق کا شمالی وزیرستان میں کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

خوارجی دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت کا مظہر ہے، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے شمالی وزیرستان میں کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ خوارجی دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت کا مظہر ہے۔ (بقیہ نمبر 52 صفحہ 7 پر)

مذاکرات ناکام ہونے کی ذمہ دار پی ٹی آئی نہیں وفاقی وزرا ہیں، شوکت یوسف زئی

پشاور (این این آئی) تحریک انصاف خیبر پختونخوا کے ترجمان شوکت یوسف زئی نے وفاقی وزرا کی پریس کانفرنس پر کہا ہے کہ مذاکرات کی ناکامی کے ذمہ دار وفاقی وزرا ہیں، 99 فیصد پر اتفاق رائے ہونے کا دعویٰ کرنے والی حکومت مذاکرات سے پسپا کیوں ہوئی، ایک فیصد مسئلہ کے حل کے لیے مزید وقت دیا جاسکتا تھا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ وزرا کی جانب (بقیہ نمبر 67 صفحہ 7 پر)

پی ٹی آئی لانگ مارچ کے باعث خیبر پختونخوا میں میٹرک کے امتحانات منسوخ

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے تعلیمی بورڈز نے 7 سے 10 اکتوبر کے درمیان ہونے والے میٹرک کے پرچے منسوخ کر دیئے۔ میٹرک کے سالانہ امتحانات دوئم کا آغاز اب 12 اکتوبر سے ہوگا جبکہ 7 سے 10 اکتوبر کے پرچوں کا شیڈول بعد میں جاری کیا جائے گا اس حوالے سے بورڈ انتظامیہ نے وجوہات (بقیہ نمبر 50 صفحہ 7 پر)

شمالی وزیرستان میں کامیاب آپریشن، حنیف عباسی کا سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز نے لازوال قربانیاں دی ہیں جن پر قوم کو ناز ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے شمالی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائی پر سکیورٹی فورسز کے افسران و جوانوں کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف سکیورٹی فورسز کی بڑی اور کامیاب (بقیہ نمبر 51 صفحہ 7 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل آل بلوچستان کیڈٹ کالجز کے 19ویں بورڈ آف گورنرز اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف کو کشمیر چوک انڈر پاس کی سنگ بنیاد کی تقریب کے موقع پر بریفنگ دی جا رہی ہے

روزنامہ عوام MEMBER OF APNS
ایڈیٹر انچیف نعیم احمد

کھیلوں کی دنیا

انچارج شجاع



بیجنگ اوپن، تماشائی کی آنکھ پر گیند مارنے پر میدویدیف نااہل قرار

[illegible]

حیدرآباد کا تاریخی نیاز اسٹیڈیم 20 سال کے لیے پی سی بی کے حوالے

[illegible]

کولمبیا اور چلی کی ٹیمیں نومبر میں دو دوستانہ فٹبال میچز کھیلنے جاپان جائیں گی

[illegible]

ہاکی ٹیم کا ایشین گیمز جاپان سے برانز میڈل حاصل کرکے پاکستان پہنچنے پر پرتپاک استقبال

[illegible]

بانیہ عامر کا عربی ٹیٹو توجہ کا مرکز بن گیا، تحریر کا کیا معنی ہے؟

[illegible]

سوئی ماسک کی کل برآمدات میں اگست 2026 کے دوران 49 فیصد سے زیادہ کا اضافہ ریکارڈ

[illegible]

اسلام آباد: انڈر 17 فٹ بال چیمپئن شپ کے دوران گلگت بلتستان اور سندھ مہران کے کھلاڑی ایکشن میں ہیں

بھارتی ٹیم کے بعد سوریا کمار یادیو ڈومیسٹک اسکواڈ سے بھی آؤٹ

سوریا کمار یادیو کو ممبئی کے 16 رکنی اسکواڈ میں شامل نہیں کیا گیا

[illegible]

اصلی پیکنیس جونیئر کہاں ہیں؟ برازیلین اسٹار کے کلون ہونے کی افواہوں نے ہلچل مچادی

[illegible]

تیسرا ون ڈے، آئی سی سی نے بھارت اور ویسٹ انڈیز پر جرمانہ عائد کردیا

بھارتی ٹیم پر میچ فیس کا 20 فیصد، ویسٹ انڈیز پر 10 فیصد جرمانہ

[illegible]

پوچھو کو تاریخ میں پہلی مرتبہ نیشنل فٹبال چیمپئن شپ

[illegible]

یوئیفا نیشنز لیگ: فرانس نے آخری 13 منٹ میں 4 گول کرکے بیلجیم کو ہرا دیا 2026

اس کامیابی کے ساتھ زین الدین زیدان کی زیر قیادت فرانس کا ناقابل شکست آغاز برقرار ہے

مائیکل اولیزے نے دو جبکہ ڈیسیرڈ ڈووے اور ریان شرقی نے ایک، ایک گول کر کے اپنی ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کیا

[illegible] اولیزے نے دو جبکہ ڈیسیرڈ ڈووے اور ریان شرقی نے ایک، ایک گول کر کے اپنی ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔ ای ایس پی این کے مطابق سٹیڈ ڈی فرانس، سینٹ ڈینس، فرانس میں کھیلے گئے میچ [illegible] نے مائیکل اولیزے کے پاس پر فرانس کو برتری دلائی، جبکہ مائیکل اولیزے نے خود بھی ڈووے کی مدد سے مزید 2 گول داغ کر ٹیم کی فتح یقینی بنا دی۔ بائرن میونخ سے تعلق رکھنے والے [illegible] میں کھیلنے والی بیلجیم کی ٹیم 6 پوائنٹس کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔اس کامیابی کے ساتھ زین الدین زیدان کی زیر قیادت فرانس کا ناقابل شکست آغاز برقرار ہے۔

کینیڈا سپر 60 میں کرکٹ کا انوکھا واقعہ، کھلاڑی و شائقین حیران رہ گئے

[illegible] خطرناک باؤنسر کرایا۔گیند پولارڈ کے سر کے اوپر سے گزرتی ہوئی وکٹ کیپر کو بھی عبور کرگئی اور بغیر بیٹر کو چھوئے سیدھی باؤنڈری پار کرگئی۔ابتدائی طور پر یہ گیند شاندار چھکا دکھائی دی، تاہم امپائر نے اسے وائیڈ قرار دیتے ہوئے باؤنڈری کے 4 رنز بھی دے دیے، یوں ٹورنٹو سکسرز کو مجموعی طور پر 5 رنز ملے۔کرکٹ کے قوانین کے مطابق 6 رنز [illegible] 4 باؤنڈری رنز دیے گئے۔اس غیر معمولی واقعے نے کمنٹیٹرز اور شائقین کی خاص توجہ حاصل کی کیونکہ گیند بولر کے ہاتھ سے نکلنے کے بعد نہ بیٹر سے ٹکرائی اور نہ ہی زمین پر لگی اور براہ راست باؤنڈری پار کرگئی۔ٹورنٹو سکسرز نے سیمی فائنل میں مسی ساگا ماسٹرز کو 9 رنز سے شکست دے کر کینیڈا سپر 60 کے فائنل میں جگہ بنالی۔

فیصل آباد: پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان یونیورسٹی آف لاہور انڈر 19 ویمنز ٹی ٹوئنٹی سہ فریقی سیریز کے چوتھے میچ کا منظر

ون ڈے ورلڈکپ 2027ء

دو میزبان ممالک سمیت 10 ٹیموں نے براہ راست رسائی حاصل کرلی

اسلام آباد (این این آئی) ون ڈے ورلڈکپ 2027 میں دو میزبان ممالک سمیت 10 ٹیموں نے براہ راست رسائی حاصل کرلی۔تفصیلات کے مطابق تین میں سے دو میزبان ممالک جنوبی افریقا اور زمبابوے سمیت 30 ستمبر 2026 تک آئی سی سی رینکنگ میں ٹاپ پوزیشن پر موجود آٹھ ٹیموں نے رسائی حاصل کرلی۔ براہ راست رسائی حاصل کرنے والی ٹیموں میں پاکستان، بھارت، نیوزی لینڈ، آسٹریلیا، انگلینڈ، سری لنکا، افغانستان اور بنگلا دیش شامل ہیں جبکہ دو بار کی عالمی چیمپئن ویسٹ انڈیز کو کوالیفائنگ راؤنڈ کھیلنا ہوگا۔ ورلڈکپ 2027 میں مجموعی طور پر 14 ٹیمیں حصہ لیں گی اور سیمی فائنل سے قبل تین مختلف راؤنڈز کھیلے جائیں گے۔اس راؤنڈ میں کوالیفائنگ راؤنڈ کی رنز اپ، دوسری اور تیسری پوزیشن والی ٹیمیں حصہ لیں گی اور مجموعی طور پر تین میچز کھیلے جائیں گے۔ٹاپ پوزیشن حاصل کرنے والی ٹیم دوسرے راؤنڈ یعنی گروپ مرحلے میں رسائی حاصل کرلے گی۔راؤنڈون میں 10 براہ راست، ایک کوالیفائنگ راؤنڈ ونر اور ایک سپر سیریز ونر ٹیم کو چھ چھ کے دو گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے۔دونو گروپس میں راؤنڈ رابن کی طرز پر مجموعی طور پر 30 میچز کھیلے جائیں گے جس کے بعد دونوں گروپس کی ٹاپ 3، 3 ٹیموں سمیت دونوں گروپس کی مجموعی طور پر چوتھی پوزیشن والی ٹیم سپر 7 میں رسائی حاصل کریں گی۔سپر 7 کا مرحلہ مکمل راؤنڈ رابن کی بنیاد پر کھیلا جائے گا جس میں کوالیفائی کرنے والی ساتوں ٹیمیں ایک دوسرے کے خلاف ایک ایک میچ کھیلیں گی اور یوں اس راؤنڈ میں مجموعی طور پر 21 میچز کھیلے جائیں گے۔آئی سی سی ممکنہ طور پر سپر 7 مرحلے میں رسائی حاصل کرنے والی ٹیموں کی پری سیڈنگ کر رکھی ہے جس میں بھارت، آسٹریلیا، پاکستان، انگلینڈ، نیوزی لینڈ، جنوبی افریقا اور سری لنکا شامل ہیں تاہم یہ حتمی نہیں ہے، اس میں گروپ مرحلے کے نتائج کے بعد تبدیلی بھی ممکن ہے۔

پاکستان چیمپئنز کی لیجنڈز ٹورنامنٹ سے دستبرداری کی تصدیق

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان چیمپئنز کی متحدہ عرب امارات میں جاری ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز سے دستبرداری کی تصدیق ہوگئی۔ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر موجود اپنے آفیشل اکاؤنٹ کے ذریعے پاکستان کی ایونٹ سے دستبرداری کی تصدیق کی ہے۔ڈبلیو سی ایل کی جانب سے جاری کردہ بیان میں لکھا کہ ہم اپنے مداحوں، شراکت داروں اور کرکٹ کمیونٹی کو مطلع کرنا چاہتے ہیں کہ پاکستان چیمپئنز غیر متوقع وجوہات کی وجہ سے ڈبلیو سی ایل سیزن 3 میں شرکت نہیں کریں گے۔بیان میں لکھا کہ اب 3 اکتوبر سے 18 اکتوبر تک شارجہ اور دبئی اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے اس ٹورنامنٹ میں 7 کے بجائے 6 ٹیمز حصہ لے رہی ہیں۔واضح رہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ نے پاکستان چیمپئنز کو ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز کے لیے کھلاڑیوں کو این او سی جاری نہیں کیا۔پاکستان چیمپئنز کے مالک کامل خان کا کہنا ہے کہ پاکستان چیمپئنز نے باضابطہ طور پر پی سی بی سے اپنے فیصلے پر نظر ثانی کی درخواست کی تھی۔

رونالڈو نے قومی ٹیم میں واپسی کیلئے شرط رکھ دی

موجودہ کوچ جارجے جیزس کی موجودگی تک قومی ٹیم کا حصہ نہ بننے کا فیصلہ

عالمی شہرت یافتہ فٹبالر اختلافات کے بعد کیمپ چھوڑ کر سعودی عرب روانہ ہوگئے تھے

لزبن (این این آئی) پرتگال کے عالمی شہرت یافتہ فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے قومی ٹیم میں واپسی کے لیے ایک اہم شرط رکھی ہے۔پرتگالی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق 41 سالہ کرسٹیانو رونالڈو اس وقت تک پرتگال کی نمائندگی نہیں کرنا چاہتے جب تک موجودہ ہیڈ کوچ جارجے جیزس عہدے پر موجود ہیں۔یاد رہے کہ کرسٹیانو رونالڈو گزشتہ ہفتے کوچ سے اختلافات کے بعد قومی ٹیم کا کیمپ چھوڑ گئے تھے۔انہیں ناروے کے خلاف میچ میں متبادل کھلاڑی کے طور پر بھی میدان میں نہیں اتارا گیا تھا جب کہ ڈنمارک کے خلاف میچ میں دوبارہ بینچ پر رکھنے کا فیصلہ کیا گیا۔اس واقعے کے بعد کرسٹیانو رونالڈو قومی ٹیم کا کیمپ چھوڑ کر سعودی عرب واپس چلے گئے۔دوسری جانب پرتگالی ٹیم کے ہیڈ کوچ جارجے جیزس نے ٹیم میں رونالڈو کی واپسی کا دروازہ کھلا رکھتے ہوئے کہا ہے کہ اگر وہ چاہیں تو اگلے انٹرنیشنل کال اپ میں قومی ٹیم کا حصہ بن سکتے ہیں اور ہم دونوں کے درمیان بات چیت بھی ہوسکتی ہے۔پرتگالی فٹبال فیڈریشن کے صدر پیڈرو پروینسا نے بھی رونالڈو اور کوچ کے درمیان پیدا ہونے والی صورتِ حال کو غلط فہمی قرار دیا ہے۔کرسٹیانو رونالڈو پرتگال کے سب سے زیادہ گول کرنے والے اور سب سے زیادہ میچز کھیلنے والے کھلاڑی ہیں۔انہوں نے 2003 میں پرتگال کے لیے ڈیبیو کیا تھا اور وہ حال ہی میں کہہ چکے ہیں کہ موجودہ سال ممکنہ طور پر میرے فٹبال کیریئر کا آخری سال ہوسکتا ہے۔

شگر فیسٹیول: فٹبال اور پولو کے سنسنی خیز مقابلے جاری

فٹبال میں ڈیرہ لسہ نے گانچھے الیون کو 3-1 سے شکست دے دی، جبکہ سکردو فرینڈز نے نگر الیون کو ایک گول سے ہرادیا

شگر (آن لائن) شگر میں جشنِ خزاں فیسٹیول کے چوتھے روز بھی فٹبال اور پولو کے مقابلے جاری ہیں۔فٹبال میں ڈیرہ لسہ نے گانچھے الیون کو 3-1 سے شکست دے دی، جبکہ سکردو فرینڈز نے نگر الیون کو ایک گول سے ہرادیا۔اماچہ پولو گراؤنڈ میں سکردو نے ڈوغونی کو شکست دی، جبکہ چھوربٹ نے استور کے خلاف پہلے ہاف میں 9 گول کر کے کامیابی حاصل کی۔فٹبال اور پولو کے مقابلے دیکھنے کے لیے ملکی و غیر ملکی سیاحوں کی بڑی تعداد موجود ہے۔دوسری جانب الچوڑی کرکٹ لیگ سیزن 14 کا فائنل بھی سنسنی خیز مقابلے کے بعد اختتام پذیر ہوگیا۔الچوڑی نے کامیابی حاصل کرتے ہوئے کرکٹ لیگ سیزن 14 کا ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔جشنِ خزاں فیسٹیول کے فٹبال اور پولو مقابلے 8 اکتوبر تک جاری رہیں گے۔ پولو، نیزہ بازی، تیراندازی، رسہ کشی اور روایتی کھانوں کے اسٹالز بھی فیسٹیول کی رونق بڑھا رہے ہیں۔

شگر فیسٹیول، فٹبال اور پولو کے سنسنی خیز مقابلے، الچوڑی نے کرکٹ لیگ کا ٹائٹل جیت لیا

شگر (این این آئی) شگر میں جشنِ خزاں فیسٹیول کے چوتھے روز بھی فٹبال اور پولو کے مقابلوں میں فٹبال میں ڈیرہ لسہ نے گانچھے الیون کو 1-3 سے شکست دے دی جبکہ سکردو فرینڈز نے نگر الیون کو ایک گول سے ہرادیا۔اماچہ پولو گراؤنڈ میں سکردو نے ڈوغونی کو شکست دی، جبکہ چھوربٹ نے استور کے خلاف پہلے ہاف میں 9 گول کرکے کامیابی حاصل کی۔فٹبال اور پولو کے مقابلے دیکھنے کے لیے ملکی و غیر ملکی سیاحوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔دوسری جانب الچوڑی کرکٹ لیگ سیزن 14 کا فائنل بھی سنسنی خیز مقابلے کے بعد اختتام پذیر ہوگیا۔الچوڑی نے کامیابی حاصل کرتے ہوئے کرکٹ لیگ سیزن 14 کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔جشنِ خزاں فیسٹیول کے فٹبال اور پولو مقابلے 8 اکتوبر تک جاری رہیں گے

پاکستان اور سری لنکا کے درمیان ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچوں پر مشتمل سیریز کا پہلا میچ نو اکتوبر کو راولپنڈی میں کھیلا جائیگا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور سری لنکا کے درمیان ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچوں پر مشتمل سیریز کا پہلا میچ نو اکتوبر کو راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا جائیگا۔ شیڈول کے مطابق دونوں ٹیموں کے درمیان مقابلے 9، 11 اور 13 اکتوبر کو راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں کھیلے جائیں گے۔سری لنکا کے 8 کھلاڑی اور 5 آفیشلز اتوار کی شب راولپنڈی پہنچے تھے جبکہ مزید 5 کھلاڑی پیر کی صبح پہنچے تھے۔سات اکتوبر کو دونوں ٹیمیں شام 5 بجے پریکٹس کریں گی۔ٹریننگ سے قبل پاکستان کی جانب سے ایک کھلاڑی یا سپورٹ سٹاف کا رکن میڈیا سے گفتگو کریگا جبکہ سری لنکا کی جانب سے بھی ایک کھلاڑی یا سپورٹ سٹاف کے رکن کی مختصر میڈیا گفتگو متوقع ہے۔8 اکتوبر کو دونوں ٹیمیں شام 5 بجے ٹریننگ کریں گی،اس سے قبل پاکستان کے کپتان صاحبزادہ فرحان اور سری لنکا کے کپتان کوسل مینڈس پری سیریز میڈیا کانفرنس میں شرکت کریں گے اور ٹرافی کی رونمائی بھی کی جائیگی،سیریز کا پہلا ٹی ٹونٹی 9 اکتوبر کو کھیلا جائے گا،جس کے اختتام پر دونوں ٹیموں کی جانب سے ایک کھلاڑی یا سپورٹ سٹاف کے رکن کی پوسٹ میچ میڈیا کانفرنس متوقع ہے۔دوسرا ٹی ٹونٹی 11 اکتوبر جبکہ تیسرا اور آخری ٹی ٹونٹی 13 اکتوبر کو کھیلا جائے گا،دونوں میچز کے بعد بھی میڈیا کانفرنسز ہوں گی۔

راولپنڈی: پاکستان اور سری لنکا کے درمیان ٹی ٹوئنٹی سیریز سے قبل سری لنکن کھلاڑی پریکٹس میں حصہ لے رہے ہیں

پاکستان اور ارجنٹائن کے درمیان زرعی شعبے میں تعاون کو مزید مستحکم کیا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان میں ارجنٹائن کے سفیر سیباسٹین سایوس نے کہا ہے کہ پاکستان اور ارجنٹائن کے درمیان زرعی شعبے میں تعاون کو مزید مستحکم کیا جائے گا تاکہ دونوں ممالک ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ کرتے ہوئے درپیش اور ابھرتے ہوئے چیلنجز سے مشترکہ طور پر نمٹ سکیں۔ ارجنٹائن کے سفیر نے ڈپٹی ہیڈ آف مشن مس اریکا لوسرو کے ہمراہ گزشتہ روز زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے دورہ کے دوران وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار علی اور اساتذہ سے ملاقات کی۔ ملاقات میں زرعی یونیورسٹی فیصل آباد اور ارجنٹائن کے تعلیمی و تحقیقی اداروں کے درمیان تعلیمی، تحقیقی اور ادارہ جاتی تعاون کو فروغ دینے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں بالخصوص زرعی تحقیق، تعلیم، جدت، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور اساتذہ و طلبہ کے تبادلے کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔شرکاء نے زراعت اور غذائی تحفظ کو درپیش ابھرتے ہوئے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مشترکہ اقدامات پر بھی گفتگو کی۔ سفیر سیباسٹین سایوس نے کہا کہ زراعت دونوں ممالک کی معیشتوں کا ایک اہم ستون ہے اور اس شعبے میں مزید تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک باہمی تعاون کے موجودہ راستوں کو وسعت دینے اور ایسے شراکت داری کے منصوبے تشکیل دینے کے خواہاں ہیں جن کے معاشی اور تکنیکی اثرات زیادہ نمایاں ہوں۔انہوں نے کہا کہ ارجنٹائن اور پاکستان کو موسمیاتی تبدیلی، مصنوعی ذہانت، غذائی تحفظ اور زراعت کو زیادہ پیداواری اور پائیدار بنانے سمیت کئی مشترکہ چیلنجز کا سامنا ہے۔ انہوں نے زراعت اور متعلقہ شعبوں میں خواتین کی شمولیت بڑھانے کی کوششوں کو بھی سراہا اور کہا کہ صنفی شمولیت مستقبل کی ترقی کا ایک اہم جزو ہے۔ ارجنٹائن کے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ایگریکلچرل ٹیکنالوجی (INTA) کا حوالہ دیتے ہوئے سفیر نے ارجنٹائن کے اداروں اور زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے درمیان مزید تعاون کے وسیع امکانات کو اجاگر کیا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار علی نے کہا کہ پاکستان اور ارجنٹائن کی زرعی شناخت مضبوط ہے اور دونوں ممالک کو موسمیاتی تبدیلی، غذائی تحفظ، وسائل کی کمی اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے زرعی پیداوار میں اضافے سمیت کئی مشترکہ چیلنجز کا سامنا ہے۔

دوگنا آمدن، رونالڈو نے سالانہ کمائی میں میسی کو بہت پیچھے چھوڑ دیا

رونالڈو کی مجموعی سالانہ آمدن تقریباً 300 ملین ڈالر ہے جو ارجنٹائن کے اسٹار لیونل میسی کی 150 ملین ڈالر آمدن سے دگنی ہے

لزبن (آن لائن) عالمی شہرت یافتہ پرتگالی فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو 2026 میں دنیا کے سب سے زیادہ معاوضہ لینے والے فٹبالر بن گئے ہیں۔اسپورٹیکو کی فہرست کے مطابق رونالڈو کی مجموعی سالانہ آمدن تقریباً 300 ملین ڈالر ہے جو ارجنٹائن کے اسٹار لیونل میسی کی 150 ملین ڈالر آمدن سے دگنی ہے۔رونالڈو کو میدان میں کھیل سے تقریباً 250 ملین ڈالر جبکہ تشہیری اور دیگر کاروباری سرگرمیوں سے مزید 50 ملین ڈالر ملنے کا اندازہ ہے۔وہ سعودی کلب النصر کی نمائندگی کرنے کے ساتھ مختلف عالمی برانڈز کے ساتھ معاہدوں اور سرمایہ کاری کے ذریعے اپنے کاروباری دائرے کو بھی وسعت دے رہے ہیں۔دوسری جانب میسی کی آمدن کھیل اور تجارتی سرگرمیوں سے تقریباً 75، 75 ملین ڈالر بتائی گئی ہے۔وہ انٹر میامی کے ساتھ 2028 تک معاہدے میں ہیں۔دونوں سپر اسٹارز فٹبال کے علاوہ کاروباری میدان میں بھی سرگرم ہیں۔میسی نے ہسپانوی کلب یو ای کارنیلا میں مکمل ملکیت حاصل کرلی ہے جبکہ رونالڈو کے بارے میں بھی النصر میں ممکنہ سرمایہ کاری کی قیاس آرائیاں جاری ہیں۔بین الاقوامی فٹبال میں بھی دونوں کے مستقبل پر توجہ مرکوز ہے۔

ٹین ایج مڈفیلڈر گلبرٹو مورا کی ٹخنے کی چوٹ کے باعث چلی کے خلاف دوستانہ میچ سے باہر ہونے کی تصدیق

میکسیکو سٹی (این این آئی) میکسیکن فٹ بال فیڈریشن (ایف ایم ایف) نے ٹین ایج مڈفیلڈر گلبرٹو مورا کی ٹخنے کی چوٹ کے باعث چلی کے خلاف دوستانہ میچ سے باہر ہونے کی تصدیق کردی ہے۔غیر ملکی میڈیا کے مطابق 17 سالہ کھلاڑی گلبرٹو مورا 26 ستمبر کو کولمبیا کے خلاف 1-1 سے ڈرا ہونے والے میچ میں زخمی ہوئے تھے جس کی وجہ سے وہ پیرو اور امریکا کے خلاف میچز میں بھی شرکت نہیں کرسکے تھے۔ فیڈریشن نے سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں بتایا کہ گلبرٹو مورا وقت سے پہلے اپنے کلب تیجوانا واپس لوٹ جائیں گے، معطل شدہ لیفٹ بیک میٹیو چاویز بھی اپنے ڈچ کلب اے زیڈ الکمار واپس چلے جائیں گے۔یاد رہے کہ آئندہ میچ میں میکسیکو اور چلی کا آمنا سامنا لاس اینجلس میں ہوگا۔

سلمان علی آغا کا شمار ٹی ٹوئنٹی میں 10 سے زائد میچز میں قیادت کرنے والے کامیاب ترین کپتانوں میں دوسرے نمبر کے بڑے موڑ دیکھے

لاہور (این این آئی) سلمان علی آغا کا شمار ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں 10 سے زائد میچز میں پاکستان کی قیادت کرنے والے کامیاب ترین کپتانوں میں دوسرے نمبر پر ہوتا ہے، تاہم سلمان علی آغا کے لیے گزشتہ چند ماہ انتہائی اتار چڑھا کا شکار رہے ہیں۔انگلینڈ کے خلاف لیڈز میں کھیلے گئے پہلے ٹیسٹ میں انہوں نے قومی ٹیم کی قیادت کی تاہم لارڈز میں دوسرے ٹیسٹ کے لیے انہیں ٹیم سے باہر کردیا گیا اور اس کے بعد برمنگھم میں تیسرے ٹیسٹ سے قبل انہیں وطن واپس بھیج دیا گیا۔سلمان آغا نے ڈومیسٹک کرکٹ میں شاندار واپسی کرتے ہوئے پریذیڈنٹ ٹرافی میں فرسٹ کلاس ٹرپل سنچری اسکور کی لیکن اس کے باوجود ان کے لیے مشکلات ختم نہ ہوئیں۔اب انہیں پاکستان کی ٹی ٹوئنٹی ٹیم کی کپتانی سے بھی ہٹا دیا گیا ہے اور سری لنکا کے خلاف سیریز کے اسکواڈ سے بھی باہر کردیا گیا ہے۔ یوں مختصر عرصے میں سلمان علی آغا نے قومی ٹیم کی قیادت سے ڈراپ ہونے تک کئی بڑے موڑ دیکھے ہیں۔سلمان علی آغا کو بابر اعظم (85) کے بعد سب سے زیادہ (50) میچز میں پاکستان کی قیادت کرنے کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ان 50 میچز میں سے 31 میں پاکستان ٹیم کو فتح حاصل ہوئی، 18 میچز میں شکست ہوئی جبکہ ایک میچ بے نتیجہ رہا۔اس حساب سے سلمان آغا کی قیادت میں ٹیم کی ہار جیت کا تناسب 1.720 رہا جو سرفراز احمد کے 3.620 کے بعد سب سے زیادہ ہے۔سلمان علی آغا کی قیادت میں قومی ٹیم نے ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ 2026 میں 7 میں سے 4 میچز جیتے، 2 میں شکست ہوئی اور ایک میچ بے نتیجہ رہا۔مجموعی طور پر ٹیم کی کارکردگی بہتر رہی تاہم کپتان کی ذاتی کارکردگی کئی سوالیہ نشان چھوڑ گئی جنہوں نے 6 اننگز میں 9.28 کی اوسط سے صرف 65 رنز بنائے۔ان کی اس کارکردگی کے بعد انہیں کپتانی سے ہٹانے کی قیاس آرائیاں شروع ہوگئی تھیں اور رواں ماہ ایشین گیمز کے فائنل میں بھارت کے خلاف ٹیم کی قیادت کرنے والے صاحبزادہ فرحان کو اب مستقل ٹی ٹوئنٹی کپتان بنادیا گیا۔یاد رہے کہ صاحبزادہ فرحان ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ میں بہترین فارم میں تھے اور 6 اننگز میں دو سنچریز اور دو نصف سنچریز کی مدد سے 383 رنز بنائے تھے۔

ایشین گیمز 2026 میں 52 تمغے، جنگ زدہ ایران نے دنیا کو حیران کردیا

سونے کے 19، چاندی کے 18 اور کانسی کے 15 میڈل جیت کر ایونٹ میں مجموعی طور پر 52 تمغے جیتے

ٹوکیو (آن لائن) حال ہی میں ختم ہونے والے ایشین گیمز 2026 میں جنگ زدہ ایران نے 52 تمغے جیت کر دنیا کو حیران کردیا۔جاپان میں کھیلے گئے ایشین گیمز میں ایران نے سونے کے 19، چاندی کے 18 اور کانسی کے 15 میڈل جیت کر ایونٹ میں مجموعی طور پر 52 تمغے جیتے اور موجودہ جنگ کی صورتحال میں اس کارکردگی سے دنیا کو حیران کردیا ہے۔ایرانی ایتھلیٹس نے سب سے زیادہ 6 طلائی تمغے ریسلنگ میں جیتے۔ویٹ لفٹنگ، والی بال، تائیکوانڈو اور روئنگ میں بھی کمال کھیل کا مظاہرہ کیا۔ایشین گیمز میں ایران نے مجموعی طور پر 52 تمغے جیت کر چھٹی پوزیشن حاصل کی۔

فیصل آباد، پاورلومز انڈسٹری شدید بحران کا شکار

مزدوروں کے روزگار پر خطرات منڈلانے لگے

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد: پاورلومز انڈسٹری شدید بحران کا شکار، مزدوروں کے روزگار پر خطرات منڈلانے لگے فیصل آباد کے لاکھوں محنت کشوں کا روزگار پاور لومز انڈسٹری سے وابستہ ہے، تاہم موجودہ بحران کے باعث متعدد فیکٹریاں بند ہونے سے مزدور طبقہ شدید مشکلات کا شکار ہے۔فیکٹریوں کی بندش کے باعث مزدوروں کے گھروں کے چولہے ٹھنڈے ہونے لگے ہیں اور روزگار کا مسئلہ سنگین صورتحال اختیار کرتا جا رہا ہے۔عوامی ورکرز پارٹی مارکسٹ فیصل آباد کی جانب سے ملک بھر کے محنت کشوں، مزدور رہنماؤں اور سیاسی رہنماؤں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ پاور لومز کے مزدوروں کے ساتھ کھڑے ہوں اور ان کے روزگار کے تحفظ کے لیے آواز بلند کریں۔حکومت سے بھی مطالبہ کیا گیا ہے کہ پاور لومز انڈسٹری کو بحران سے نکالنے، صنعتوں کو بند ہونے سے بچانے اور مزدوروں کا روزگار محفوظ بنانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔

رضوان کو انکوائری شروع ہونے سے قبل تقریباً دو گھنٹے انتظار کروایا گیا، انکوائری کا دورانیہ مختصر رہا، اندرونی کہانی

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے بیٹر و وکٹ کیپر محمد رضوان کی نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) لاہور آفس میں پیشی کی اندرونی کہانی سامنے آگئی، ذرائع کے مطابق محمد رضوان کو تاحال موبائل فون واپس نہیں کیا گیا، رضوان کو انکوائری شروع ہونے سے قبل تقریباً دو گھنٹے انتظار کروایا گیا، وکٹ کیپر سے انکوائری کا دورانیہ انتہائی مختصر رہا۔محمد رضوان سے موبائل فون کے استعمال کے حوالے سے سوالات کیے گئے، انہیں بتایا گیا کہ موبائل فون فورنزک کیلئے بھیجا گیا ہے، رضوان کی جانب سے پوچھے گئے سوالات کے جوابات دورانِ انکوائری نہیں دیئے گئے۔ذرائع کے مطابق پاکستان ٹیم کے کیپر محمد رضوان کی جانب سے پوچھے گئے سوالات کے جلد جوابات دینے کا عندیہ دیا گیا ہے، دورانِ انکوائری ضرورت پڑنے پر رضوان کو دوبارہ این سی سی آئی اے طلب کیے جانے کا عندیہ بھی دیا گیا جبکہ قومی ٹیم کے کھلاڑی سے انکوائری خوشگوار ماحول میں ہوئی۔خیال رہے کہ انگلینڈ کے دورے کے بعد پاکستانی کرکٹ ٹیم کے 2 کھلاڑی محمد رضوان اور امام الحق کی مشکلات میں کمی نہیں آسکی۔دونوں کھلاڑی گزشتہ ماہ دورہ انگلینڈ سے واپسی کے بعد نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی لاہور کے سامنے پیش ہوئے تھے جہاں دونوں کھلاڑیوں نے سوالوں کے جواب دینے کے لیے مزید وقت مانگ لیا تھا۔کرکٹ بورڈ نے دونوں کھلاڑیوں کے موبائل فون این سی سی آئی اے کے حوالے کیے تھے، تحقیقات میں فون رابطوں، پیغامات، ملاقاتوں، کنڈکٹ اور مبینہ ڈریسنگ روم لیکس سے متعلق معلومات کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ذرائع کے مطابق ایک کھلاڑی کے کم اسکور پر آؤٹ ہونے اور دوسرے کھلاڑی کے انجری کے باعث میدان سے باہر ہونے کے پس منظر کو بھی تحقیقات کا حصہ بنایا گیا ہے۔

امریکی ٹینس سٹار کوکو گف نے چائنا اوپن میں کامیابی کے بعد سوشل میڈیا پر نسل پرستی پر مبنی بدسلوکی کی مذمت

بیجنگ (این این آئی) امریکی ٹینس سٹار کوکو گف نے چائنا اوپن میں کامیابی کے بعد سوشل میڈیا پر نسل پرستی پر مبنی بدسلوکی کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ چند گھنٹوں کے دوران انہیں بڑی تعداد میں نسل پرستی پر مبنی تبصرے اور براہِ راست پیغامات موصول ہوئے۔غیر ملکی میڈیا کے مطابق امریکی ٹینس سٹار کوکو گف نے چائنا اوپن میں خواتین کے سنگلز مقابلوں کے تیسرے راؤنڈ میچ میں وائلڈ کارڈ پر انٹری حاصل کرنے والی 16 سالہ میزبان کھلاڑی سن شران کو سٹریٹ سیٹس میں 0-2 سے شکست دے کر ٹاپ 16 راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کیا۔کوکو گف نے اس میچ کے دوران پیش آنے والے ایک واقعے کے بعد سوشل میڈیا پر نسل پرستی پر مبنی ٹرولنگ کا نشانہ بننے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔عالمی نمبر 4 کھلاڑی کوکو گف نے بیجنگ میں کھیلے گئے میچ کے پہلے سیٹ میں کورٹ کے اطراف نصب پینل پر فلکرنگ لائٹ کی وجہ سے کھیل روکا تھا، جس کے بعد انہوں نے شاندار واپسی کرتے ہوئے 5-7 اور 1-6 سے کامیابی حاصل کرکے پری کوارٹر فائنل راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کیا۔واقعے کے بعد کوکو گف نے ایکس (سابق ٹوئٹر) پر وضاحت جاری کرتے ہوئے بتایا کہ ان کی حریف کھلاڑی نے ان کی معذرت قبول کرلی ہے، لیکن اس کے باوجود انہیں بے شمار نسل پرستانہ پیغامات کے ساتھ ٹرولنگ کا سامنا کرنا پڑا۔

سرگودھا چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری چاروں اضلاع کی نمائندگی پر مشتمل ہے، قیصر محمود کھرل

انڈسٹری کا قیام تاجروں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات ہیں، صدر چیمبر کی گفتگو

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر قیصر محمود کھرل سینئر نائب صدر شیخ عمر فاروق سابق نائب صدر راحمزہ قیوم نے چیمبر صرف سرگودھا نہیں بلکہ چاروں اضلاع کی نمائندگی پر مشتمل ہے اس لئے ڈویژن بھر کے تاجروں کے مسائل حل کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں بجلی اور پٹرول کی قیمتوں کو کنٹرول کرنا وقت کی ضرورت ہے اگر اس پر عمل نہ ہوا تو ملک میں رہی سہی انڈسٹری ختم ہوجائے گی ان کا کہنا تھا کہ انڈسٹری کا قیام تاجروں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات ہیں جس میں سرگودھا چیمبر اپنا کلیدی کردار ادا کرے گا انہوں نے کہا کہ اس وقت انڈسٹری کا قیام عمل میں لا کر بے روزگاری کو کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے جس کے لئے فانڈر گروپ کی معاونت سے چاروں اضلاع میں انڈسٹریل اسٹیٹس کا قیام عمل میں لانا ہماری اولین ترجیح ہوگا انہوں نے کہا تاجران چیمبر کی افادیت سے آگاہ تو ہیں مگر وہ اس سے فائدہ نہیں اٹھا رہے یہ واحد پلیٹ فارم ہے جس کی آواز ایوان بالا تک جاتی ہے۔انہوں نے کہا کہ سرگودھا چیمبر اور پریس مل کر شہر کی تعمیر و ترقی کے لیے مثبت اقدامات اٹھا کر حقیقی معنوں میں شاہینوں کا شہر بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔

بھارتی ویمنز ٹیم کی کپتان اپنے عہدے سے مستعفی

ہرمن پریت کور کی کپتانی میں بھارت نے 2025 کا ورلڈکپ، 2026 کا ایشیا کپ اور ایشین گیمز میں لگاتار دو گولڈ میڈل جیتے

نئی دہلی (این این آئی) ہرمن پریت کور نے بھارتی ویمنز کرکٹ ٹیم کی کپتانی سے استعفیٰ دے دیا۔ہرمن پریت کور نے سوشل میڈیا پر جاری پیغام میں کہا کہ تمام فارمیٹس کی کپتانی چھوڑنا آسان فیصلہ نہیں ہے، برسوں کی یادیں، جذبات، قربانیاں اور لمحات وابستہ ہیں۔انہوں نے کہا کہ اپنی ذاتی کارکردگی، ترقی اور ذاتی خواہشات کو پسِ پشت ڈال دیا تھا۔ہرمن پریت کور کی کپتانی میں بھارت نے 2025 کا ورلڈکپ، 2026 کا ایشیا کپ اور ایشین گیمز میں لگاتار دو گولڈ میڈل جیتے۔ان کی کپتانی میں بھارت نے پہلی مرتبہ آسٹریلیا کو ٹیسٹ میں شکست دی اور 1999 کے بعد پہلی مرتبہ انگلینڈ میں دوطرفہ سیریز جیتی، ہرمن پریت کور کی جگہ اب سمرتی مندھانا کپتانی کے لیے مضبوط امیدوار ہیں۔

اشتہار برائے انٹرویو ڈسٹرکٹ کونسل کوہلو

بحوالہ اشتہار AB No 276/18-09-2026 ان تمام امیدواران کو اطلاع دی جاتی ہے کہ جنہوں نے ڈسٹرکٹ کونسل کوہلو میں خالی آسامیوں کیلئے درخواستیں جمع کیے ہیں وہ امیدوار مندرجہ ذیل شیڈول کے تحت انٹرویو کیلئے دفتر ہذا میں ریکروٹمنٹ کمیٹی کے سامنے پیش ہوجائیں۔

شیڈول برائے انٹرویو

نمبر شمار	تاریخ	پوسٹ	بوقت
1	12-10-2026	نائب قاصد / ڈرائیور الیکٹریشن	صبح 09 تا 05 بجے دن
2	13-10-2026	مالی / سینٹری ورکر ہیلپر	صبح 09 تا 05 بجے دن
3	14-10-2026	چوکیدار / کک سٹور کیپر	صبح 09 تا 05 بجے دن

نوٹ: تمام امیدوار انٹرویو کے دن اپنے اصل ڈاکومنٹس ہمراہ لائیں کسی بھی امیدوار کو کوئی سفری خرچہ نہیں دیا جائیگا بوقت صبح 09:00 بجے بمقام دفتر ڈسٹرکٹ کونسل کوہلو

چیف آفیسر
ڈسٹرکٹ کونسل کوہلو

AB No 389/06-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

کوئٹہ اور حب سے بیک وقت شائع ہونے والا بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ ABC Certified
روزنامہ عوام کوئٹہ
MEMBER OF APNS
ایڈیٹر انچیف
وسیم احمد

ایران سے لین دین بند کرو ورنہ پابندیوں کیلئے تیار رہو، امریکہ کی غیر ملکی بینکوں کو وارننگ

ایرانی مالیاتی اداروں کے ساتھ کاروباری روابط ختم کریں، مالیاتی نظام کو عالمی مالیاتی نظام تک رسائی فراہم کرنے والے ادارے بھی امریکی پابندیوں کی زد میں آسکتے ہیں، محکمہ خزانہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے ایران کے ساتھ کاروبار اور مالی لین دین کرنے والے غیر ملکی مالیاتی اداروں کو سخت وارننگ دیتے ہوئے کہا ہے کہ تہران کے مالیاتی شعبے کے ساتھ معاملات جاری رکھنے والے بینکوں کو واشنگٹن کی جانب سے کسی بھی وقت پابندیوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی محکمہ خزانہ نے واضح کیا کہ ایسے اداروں کو پیشگی اطلاع کے بغیر بھی نشانہ بنایا جا سکتا ہے۔ امریکی محکمہ خزانہ کے مطابق جو غیر ملکی مالیاتی ادارے پابندیوں کی زد میں موجود ایرانی بینکوں کے ساتھ لین دین جاری رکھیں گے، انہیں فوری طور پر ایسے معاملات اور مالیاتی تعلقات ختم کرنے چاہئیں۔ امریکہ نے خبردار کیا کہ ایران کے مالیاتی نظام کو عالمی مالیاتی نظام تک رسائی فراہم کرنے والے ادارے بھی امریکی پابندیوں کی زد میں آسکتے ہیں۔ امریکی حکام کے مطابق غیر ملکی مالیاتی اداروں کی جانب سے ایرانی بینکوں یا ان کی بیرون ملک شاخوں (بقیہ نمبر 2 صفحہ 6 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اسپیکر صوبائی اسمبلی عبدالخالق خان اچکزئی اسمبلی اجلاس سے قبل مصافحہ کر رہے ہیں

ٹرمپ کو نوبیل انعام ملنے کے امکانات کم ہیں، ماہرین کی رائے سامنے آگئی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو ایران کے خلاف جنگ کے دوران 2026 کا نوبیل امن انعام (بقیہ نمبر 6 صفحہ 6 پر)

عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں معمولی کمی ریکارڈ

امریکی خام تیل 95 سینٹ کمی کے بعد 90.12 ڈالر فی بیرل پر آ گیا

لندن (این این آئی) عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں معمولی کمی ریکارڈ کی گئی، جس کی بڑی وجہ مشرق وسطی سے خام تیل کی برآمدات میں اضافہ اور گروپ سیون ممالک کی جانب سے ہنگامی تیل و ڈیزل ذخائر جاری کرنے کا فیصلہ قرار دیا جا رہا ہے۔ امریکا کی (بقیہ نمبر 5 صفحہ 6 پر)

میساچوسٹس کے ساحل کے قریب لاپتہ ایئر ایمبولینس کا ملبہ مل گیا، 6 افراد کی ہلاکت کا خدشہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ریاست میساچوسٹس کے ساحل کے قریب لاپتہ ہونے والی ایئر ایمبولینس کا ملبہ مل گیا جس میں سوار تمام 6 افراد کے ہلاک ہونے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ امریکی کوسٹ گارڈ نے طیارے کی تلاش اور امدادی کارروائیاں ختم کر دیں۔ امریکی حکام کے مطابق ایئر ایمبولینس برمودا سے بوسٹن جاتے ہوئے لاپتہ ہوئی تھی جس میں 4 کینیڈین اور 2 برمودین شہری سوار تھے۔ طیارے (بقیہ نمبر 4 صفحہ 6 پر)

ایلون مسک کا اسپیس ایکس اے آئی کا نام تبدیل کرنے کا اعلان

نیو یارک (این این آئی) اسپیس ایکس کے سربراہ ایلون مسک نے اپنی کمپنی کے اے آئی یونٹ اسپیس ایکس اے آئی کا نام بدلنے کا اعلان کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایلون مسک سے سوشل میڈیا ویب سائٹ ایکس پر ایک صارف نے یہ سوال کیا کہ کیا (بقیہ نمبر 7 صفحہ 6 پر)

بھارتی ڈاکٹروں نے خاتون کے پیٹ سے 28.6 کلووزنی رسولی نکال لی

خاتون کو نگرانی کے لیے انتہائی نگہداشت کے یونٹ منتقل کر دیا گیا، حالت مستحکم ہے، رپورٹ

جے پور (این این آئی) بھارتی شہر جے پور کے سوائی مان سنگھ اسپتال کے ڈاکٹروں نے 59 سالہ خاتون کے پیٹ سے 28.6 کلووزنی بڑی رسولی کامیابی سے نکال لی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اس پیچیدہ اور پرخطر آپریشن میں تقریبا 3 گھنٹے لگے، جبکہ رسولی کو ریٹرو پیریٹونیل سارکوما قرار دیا گیا۔ اسپتال کے مطابق خاتون تقریبا 3 سال سے پیٹ میں بڑھتی ہوئی رسولی کا شکار تھیں اور علاج کے لیے مختلف مقامات پر جاتی رہی تھیں، تاہم رسولی کے غیر معمولی حجم کے باعث ڈاکٹروں نے سرجری کو انتہائی خطرناک قرار دیا تھا۔ رسولی کے بڑھنے کے باعث خاتون کو چلنے پھرنے اور روزمرہ نقل و حرکت میں بھی دشواری کا سامنا ہونے لگا تھا، جس کے بعد وہ سوائی مان سنگھ اسپتال (بقیہ نمبر 3 صفحہ 6 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اسمبلی اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری میر محمد خان لہڑی بات چیت کر رہے ہیں

برطانیہ قونصل خانہ بند کرنے پر اسرائیل کے 27 سفارتکاروں کو ملک بدر کرنے کی دھمکی

اسرائیل نے مقبوضہ مغربی کنارے میں غیر قانونی یہودی بستیوں پر برطانیہ کی پابندیوں کے ردعمل میں قونصل خانہ 8 اکتوبر تک بند کرنے کا حکم دیا ہے، ذرائع

لندن (این این آئی) برطانوی سفیر سائمن والٹرز نے اسرائیل کو خبردار کیا ہے کہ اگر اسرائیل نے مقبوضہ مشرقی یروشلم میں برطانوی قونصل خانہ بند کیا تو برطانیہ 27 اسرائیلی سفارت کاروں کو ملک بدر کر دے گا۔ عرب میڈیا کی رپورٹ کے مطابق برطانوی حکومت نے واضح کیا ہے کہ قونصل خانہ بند ہونے کی صورت میں وہاں تعینات 27 برطانوی سفارت کاروں کی سفارتی حیثیت ختم کیے جانے کے جواب میں 27 اسرائیلی سفارت کاروں کو بھی ملک بدر کر دیا جائے گا۔ واضح رہے کہ اسرائیل نے مقبوضہ مغربی کنارے میں غیر قانونی یہودی بستیوں پر برطانیہ کی پابندیوں کے ردعمل میں قونصل خانہ 8 اکتوبر تک بند کرنے کا حکم دیا ہے۔

مشرق وسطی سے خام تیل کی برآمدات ایران جنگ سے پہلے کی سطح سے تجاوز کر گئیں

کیم اکتوبر کو خام تیل کی 7 روزہ اوسط برآمدات 18.5 ملین بیرل یومیہ رہیں، اعداد و شمار

واشنگٹن (این این آئی) شپ ٹریکنگ فرم کپلر نے دعوی کیا ہے کہ ستمبر کے آخری ہفتے کے 7 دنوں میں سے 4 دن مشرق وسطی سے خام تیل کی برآمدات جنگ سے پہلے کی سطح سے زیادہ رہیں۔ عرب ٹی وی کے مطابق جہازوں کی نقل و حرکت پر نظر رکھنے والی کمپنی کپلر کے اعداد و شمار میں انکشاف کیا گیا کہ 24 ستمبر اور 27 سے 29 ستمبر کے دوران خطے سے خام تیل کی برآمدات روزانہ 19.5 ملین سے 22.5 ملین بیرل تک پہنچ گئیں جبکہ ایران کے خلاف امریکی اور اسرائیلی جنگ شروع ہونے سے قبل ایک سال کے دوران اوسط برآمدات 18 ملین بیرل یومیہ تھیں۔ کپلر کی جانب سے جاری کیے گئے اعداد و شمار کے مطابق کیم اکتوبر کو خام تیل کی 7 روزہ اوسط بر (بقیہ نمبر 36 صفحہ 6 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا آل بلوچستان کیڈٹ کالجز کے 19 ویں بورڈ آف گورنرز اجلاس کے شرکاء کے ساتھ گروپ فوٹو

شریک پائلٹ نے اماراتی طیارہ اسرائیل میں عمارت سے ٹکرانے کا منصوبہ بنایا تھا، تحقیقات میں انکشاف

کپتان کو راستے سے ہٹانے کے بعد طیارے کو کسی عمارت یا دوسرے طیارے سے ٹکرانے کا ارادہ رکھتا تھا، زیر حراست پائلٹ

دبئی (این این آئی) اماراتی پرواز کے معاون پائلٹ حمام الحمانی نے کپتان کو قتل کر کے طیارہ ہائی جیک کرنے اور 9/11 طرز کا حملہ کرتے ہوئے تل ابیب کی کسی بلند عمارت سے ٹکرانے کی منصوبہ بندی کی تھی۔ تحقیقاتی حکام کے مطابق 29 سالہ عمانی شہری نے گزشتہ ہفتے دبئی سے تل ابیب جانے والی پرواز کے کاک پٹ میں بھارت سے تعلق رکھنے والے کپتان سمت پر حملہ کیا تھا اور وہ اکیلا ہی اس منصوبے پر عمل کر رہا تھا۔ اطالوی اخبار کے مطابق الحمانی نے 30 ستمبر کو خفیہ طور پر کپتان کو قتل کرنے، طیارے کے انجن بند کرنے اور اسے تل ابیب کی کسی عمارت سے ٹکرانے کا منصوبہ بنایا تھا۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق زیر حراست معاون پائلٹ نے تفتیش کاروں کو بتایا ہے (بقیہ نمبر 35 صفحہ 6 پر)

جنگ بندی اور بڑے پیمانے پر امداد کی اجازت دی جائے، انتونیو گوتریس

حملوں کے بعد تباہ کن جنگ نے غزہ کے فلسطینیوں کو ناقابل بیان تکالیف سے دوچار کیا، بیان

نیو یارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے 7 اکتوبر 2023 کے حملوں کے 3 سال مکمل ہونے پر غزہ میں مستقل جنگ بندی کا مطالبہ کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک بیان میں انتونیو گوتریس نے فریقین پر وعدوں پر عمل درآمد اور جنگ بندی کے اگلے مرحلے کی جانب پیشرفت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ 7 اکتوبر کے حملوں کی ہولناکیاں دوبارہ کبھی نہیں دہرائی جانی چاہئیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حملوں کے بعد تباہ کن جنگ نے غزہ کے فلسطینیوں کو ناقابل بیان تکالیف سے دوچار کیا جبکہ فلسطینی اب بھی (بقیہ نمبر 8 صفحہ 6 پر)

سعودی وزیر خارجہ کی ایرانی ہم منصب سے بہن کے انتقال پر تعزیت

ریاض (این این آئی) سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان نے ایرانی وزیر خارجہ سید عباس عراقچی سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا۔ شہزادہ فیصل بن فرحان نے عباس عراقچی سے ان کی بہن کے انتقال پر تعزیت اور دلی (بقیہ نمبر 9 صفحہ 6 پر)

حملہ آور شریک پائلٹ کے آسٹریلیا سے روابط کی تحقیقات کر رہے ہیں، آسٹریلوی حکام

معاون پائلٹ نے آسٹریلیا کے شہر میلبورن کی ایک یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کی تھی، باخبر ذرائع

کینبرا (این این آئی) آسٹریلوی حکام فلائی دبئی کی پرواز ایف زیڈ 1073 کے معاون پائلٹ کے آسٹریلیا سے روابط کی تحقیقات کر رہے ہیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق آسٹریلوی وفاقی پولیس کے ترجمان نے کہا ہے کہ اس تحقیقات میں وکٹوریہ جوائنٹ کاؤنٹر ٹیررازم ٹیم، جس میں وفاقی پولیس، ریاست وکٹوریہ کی پولیس اور انٹیلی جنس ایجنسی اے ایس آئی او شامل ہیں۔ تحقیقات سے باخبر دو ذرائع نے بتایا کہ معاون پائلٹ نے آسٹریلیا کے شہر میلبورن کی ایک (بقیہ نمبر 10 صفحہ 6 پر)

چھٹی حج کانفرنس سعودی عرب کے شہر جدہ میں آئندہ ماہ ہوگی

جدہ (این این آئی) سعودی عرب کی وزارت حج و عمرہ نے اعلان کیا ہے کہ چھٹی حج کانفرنس اور نمائش 8 سے 11 نومبر 2026 جدہ میں منعقد ہوگی جس میں عازمین حج کو خدمات فراہم کرنے والے 520 سے زیادہ ادارے شرکت کریں گے۔ سعودی عرب (بقیہ نمبر 12 صفحہ 6 پر)

جرمنی کا یوکرین کے لیے ایک ارب یورو کے نئے فوجی و توانائی امدادی پیکیج کا اعلان

نئے فوجی امدادی پیکیج میں بنیادی توجہ فضائی دفاعی صلاحیتوں کو مضبوط بنانے پر دی گئی، جرمن حکومت

برلن (این این آئی) جرمنی نے یوکرین کے لیے تقریبا ایک ارب یورو مالیت کے نئے فوجی امدادی پیکیج اور توانائی کے بنیادی ڈھانچے کی بحالی کے لیے مزید 350 ملین یورو فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق جرمن چانسلر فریڈرک مرز نے یہ اعلان روس کے دورے کے دوران کیا۔ جرمن حکومت کے مطابق نئے فوجی امدادی پیکیج میں بنیادی توجہ فضائی دفاعی صلاحیتوں کو مضبوط بنانے پر دی گئی ہے، جس میں جیٹ انجن سے چلنے والے ڈرونز کے خلاف انٹرسیپٹرز کی مشترکہ تیاری بھی شامل ہے۔ فریڈرک مرز نے کہا کہ اس شعبے میں (بقیہ نمبر 11 صفحہ 6 پر)

ایران نے اسٹارلنک کی کارروائیوں پر ناروے کے سفیر کو طلب کر لیا

امریکا اور اسٹارلنک ایران کے خلاف مداخلت پسندانہ مقاصد کے لیے منظم انداز میں استعمال کر رہے ہیں

تہران (این این آئی) ایران نے اپنی حدود میں غیر مجاز سیٹلائٹ انٹرنیٹ سروس کی مبینہ سرگرمیوں پر ناروے کے سفیر کو طلب کر کے احتجاج ریکارڈ کروایا ہے۔ غیر ملکی (بقیہ نمبر 34 صفحہ 6 پر)

ایف بی آئی ڈائریکٹر نے 19 سال چھوٹی گرل فرینڈ سے منگنی کر لی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف بی آئی کے ڈائریکٹر کاش پٹیل نے اپنی دیرینہ ساتھی اور کنٹری گلوکارہ ایلکس ولکنز سے منگنی کر لی۔ 27 سالہ ایلکس ولکنز نے سوشل میڈیا پر منگنی کا اعلان کرتے ہوئے اپنی اور 46 سالہ ڈائریکٹر ایف (بقیہ نمبر 33 صفحہ 6 پر)

بھارتی انفلوئینسر مدسندھو کو منصوبہ بندی کے تحت قتل کیے جانے کا انکشاف

مبینہ قاتلوں اور قتل کی منصوبہ بندی کرنے والے افراد کے بارے میں معلومات حاصل ہو گئی ہیں، پولیس

واشنگٹن (این این آئی) بھارتی پنجاب کے معروف سوشل میڈیا کنٹینٹ کری ایٹر مدسندھو کو امرتسر میں موٹر سائیکل سوار 2 افراد نے فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا، مدسندھو کو اسپتال لے جایا جا رہا تھا کہ وہ راستے میں ہی دم توڑ گئے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ابتدائی تحقیقات میں معلوم ہوا ہے کہ میک اپ آرٹسٹ مدسندھو کی حملہ آوروں نے پہلے ریکی کی تھی اور پھر ان پر فائرنگ کی گئی، ملزمان فائرنگ کے بعد فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ بھارتی پولیس نے بتایا کہ مبینہ قاتلوں اور قتل کی منصوبہ بندی کرنے والے افراد کے بارے میں معلومات حاصل ہو گئی ہیں، تحقیقات (بقیہ نمبر 32 صفحہ 6 پر)

ناروے کی عوامی مقامات پر مصنوعی ذہانت والے چشموں پر عارضی پابندی کی تجویز

پابندی کا اطلاق تمام عوامی سیر و تفریح، خریداری و رہائشی مقامات پر ہو سکتا ہے، غیر ملکی میڈیا

اوسلو (این این آئی) ناروے کی حکومت نے رازداری کی خلاف ورزی کے پیش نظر عوامی مقامات پر مصنوعی ذہانت سے لیس چشموں کے استعمال پر عارضی طور پر پابندی کی تجویز پیش کر دی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق پابندی کا اطلاق تمام عوامی سیر و تفریح، خریداری و رہائشی مقامات پر ہو سکتا ہے۔ حکومت کے مطابق ایسے چشموں میں کیمرے اور آواز ریکارڈ کرنے کی سہولت موجود ہونے کے باعث لوگوں کی اجازت یا علم کے بغیر ان کی تصاویر، ویڈیوز اور آوازیں ریکارڈ کیے جانے کا خدشہ ہے۔ ڈیجیٹلائزیشن اور عوامی نظم و نسق کے وزیر تورگیر میکائیلسن نے کہا ہے (بقیہ نمبر 30 صفحہ 6 پر)

برطانوی گرین پارٹی نے صیہونیت کو نسل پرستی قرار دیدیا، اسرائیل کا شدید ردعمل

برطانوی حکومت اسرائیل کے ساتھ اسلحے کی تجارت مکمل طور پر ختم کردے، گرین پارٹی کا مطالبہ

لندن (این این آئی) برطانیہ کی گرین پارٹی نے صیہونیت کو نسل پرستی کی ایک شکل قرار دیتے ہوئے اس کی باضابطہ مذمت کی ہے جس پر اسرائیل اور برطانوی یہودی تنظیموں نے شدید ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ برطانوی گرین پارٹی نے صیہونیت کو ایک نسلی قوم پرستانہ سیاسی منصوبہ قرار دیا ہے اور برطانوی حکومت سے اسرائیل کے ساتھ اسلحے کی تجارت مکمل طور پر ختم کرنے کے مطالبے کا اعادہ کیا ہے۔ یہ قرارداد 1022 ووٹوں کے مقابلے میں 813 ووٹوں سے منظور ہوئی۔ دوسری جانب اسرائیلی وزارت خارجہ نے قرارداد کو جائز سیاسی بحث کی حدود سے باہر (بقیہ نمبر 31 صفحہ 6 پر)

مارکو روبیو اور نیتن یاہو کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ، امریکی محکمہ خارجہ کی تصدیق

یہ کال اس وقت ہوئی جب سیکرٹری روبیو واشنگٹن ڈی سی سے آئس لینڈ جا رہے تھے، ترجمان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان نے تصدیق کی ہے کہ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے اسرائیلی وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو سے فون پر بات چیت کی۔ ترجمان نے بتایا کہ یہ کال اس وقت ہوئی جب سیکرٹری روبیو واشنگٹن ڈی سی سے آئس لینڈ جا رہے تھے۔ تاہم، اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ نے ابھی تک کوئی باضابطہ بیان جاری نہیں کیا ہے جس میں تفصیلات یا بات چیت کے دوران زیر بحث آنے والے عین موضوعات کی تفصیل دی گئی ہو۔ یہ اعلی سطحی فون کال ان میڈیا رپورٹس کے چند گھنٹے بعد سامنے آئی ہے، جس میں کہا گیا تھا کہ امریکی (بقیہ نمبر 13 صفحہ 6 پر)

صدر نشین قائمہ کمیٹی برائے محکمہ داخلہ و رکن صوبائی اسمبلی خیر جان بلوچ اسمبلی اجلاس میں بلوچستان سٹیزن فیسیلیٹیشن اینڈ گڈ گورننس کا مسودہ قانون پیش کر رہے ہیں

بوئنگ کے ڈیزائن نے فلائی دبئی کے طیارے کو خوفناک حادثے سے بچالیا

بوئنگ 737 میکس کی مضبوط ساخت، متعدد حفاظتی نظام سے تمام سوار محفوظ رہے، ماہرین

دبئی (این این آئی) فلائی دبئی کی پرواز ایف زی 1073 کے دوران بوئنگ 737 میکس طیارہ ایک انتہائی خطرناک صورتحال سے دو چار ہونے کے باوجود محفوظ لینڈنگ میں کامیاب رہا، حالانکہ دوران پرواز ایک موقع پر طیارہ تقریبا 32 ہزار فٹ فی منٹ کی رفتار سے نیچے جا رہا تھا۔ یہ خطرناک صورت حال اس وقت پیش آئی جب دوران پرواز شریک پائلٹ نے کپتان سمیت پرواز کے کنٹرول کو خطرے میں ڈال دیا، پہلے طیارہ انتہائی تیزی سے نیچے کی جانب آیا پھر طیارے نے دوبارہ بلندی حاصل کی اور بلندی پر جانے کے بعد پھر ایک بار نیچے آیا۔ مسا (بقیہ نمبر 28 صفحہ 6 پر)

امریکی ریاست جارجیا میں محلے کی تقریب میں فائرنگ، 2 افراد ہلاک، 35 زخمی

نیو یارک (این این آئی) امریکی ریاست جارجیا میں محلے کی ایک تقریب کے دوران فائرنگ کے نتیجے میں 2 افراد ہلاک اور 35 زخمی ہو گئے۔ ریاستی بیورو آف انویسٹی گیشن نے بتایا کہ فائرنگ جنوبی جارجیا کے شہر ویانا میں پر ہوئی۔ کاؤنٹی شیرف کریگ پیوی کے مطابق فائرنگ میں 21 اور (بقیہ نمبر 29 صفحہ 6 پر)

صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی اسمبلی اجلاس میں بلوچستان کیڈٹ کالجز کا ترمیمی مسودہ قانون پیش کر رہے ہیں

گوگل کا جیمنائی اے آئی ماڈلز تک مفت رسائی محدود کرنے کا اعلان

یہ اقدام ماڈلز کی دستیابی میں کی جانے والی تبدیلیوں کے تحت کیا جا رہا ہے، گوگل

واشنگٹن (این این آئی) امریکی انٹرنیٹ سرچ انجن گوگل رواں ماہ سے جیمنائی مصنوعی ذہانت کے بعض ماڈلز تک مفت رسائی محدود کرے گا، جس کا نفاذ 9 اکتوبر سے ہوگا۔ اماراتی نیوز ایجنسی کے مطابق گوگل نے کہا کہ یہ اقدام ماڈلز کی دستیابی میں کی جانے والی تبدیلیوں کے تحت کیا جا رہا ہے۔ 9 اکتوبر سے ایسے صارفین جن کے پاس Google AI کی کوئی سبسکرپشن نہیں ہے، انہیں پہلے دستیاب تین ماڈلز کی بجائے صرف Flash-Lite تک رسائی حاصل ہوگی۔ نئی تبدیلیوں کے تحت Google AI Plus صارفین کو Flash-Lite اور Flash تک رسائی حاصل ہوگی، تاہم Pro دستیاب نہیں ہوگا۔ گوگل نے کہا ہے کہ AI Plus صارفین کو ان کے اکاؤنٹس (بقیہ نمبر 15 صفحہ 6 پر)

سعودی وزارت داخلہ نے سکیورٹی شعور کو فروغ دینے کے لیے بلاغ اقدام کا آغاز کر دیا

ریاض (این این آئی) سعودی وزارت داخلہ نے سکیورٹی سے متعلق شعور کو فروغ دینے کے لئے بلاغ اقدام شروع کر دیا ہے۔ گزشتہ روز سے شروع ہونے والے بلاغ نامی اقدام کا مقصد سکیورٹی سے متعلق شعور کو فروغ دینا ہے تاکہ سماجی شراکت داری کو تقویت ملے اور (بقیہ نمبر 14 صفحہ 6 پر)

اوپیک پلس ممالک کا نومبر کے لیے تیل کی پیداوار کی سطح برقرار رکھنے پر اتفاق

اوپیک پلس کے ممالک مارکیٹ کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے ملاقاتیں جاری رکھیں گے، بیان

ریاض (این این آئی) اوپیک پلس ممالک نے نومبر کے لیے ستمبر 2026 والی تیل کی پیداوار کی سطح برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اوپیک پلس کے سات رکن ممالک سعودی عرب، روس، عراق، کویت، قازقستان، الجزائر اور عمان، جنہوں نے اپریل اور نومبر 2023 میں رضاکارانہ طور پر اضافی پیداوار کا اعلان کیا تھا، نے گزشتہ روز ورچوئل اجلاس منعقد کیا، جس میں بین الاقوامی مارکیٹ کی حالیہ صورتحال کا جائزہ لیا گیا اور انرجی مارکیٹ کے استحکام کے لیے تعاون کی توثیق کی گئی۔ جولائی اور اگست 2026 میں خام تیل کی پیداوار کے اعداد و شمار کا بھی جائزہ (بقیہ نمبر 27 صفحہ 6 پر)

متحدہ عرب امارات کا کینیا میں ٹریفک حادثے میں مرنے والوں کے لواحقین سے اظہار تعزیت

ابوظہبی (این این آئی) متحدہ عرب امارات نے کینیا کے دارالحکومت نیروبی کے جنوب مشرق میں واقع علاقے سلامہ میں پیش آنے والے ٹریفک حادثے میں انسانی جانوں کے ضیاع پر ملک سے یکجہتی کا اظہار کیا ہے، جس کے نتیجے میں متعدد افراد ہلاک اور زخمی ہوئے۔ اماراتی نیوز (بقیہ نمبر 25 صفحہ 6 پر)

ایک ہی دن میں 65 ارب ڈالر کا اضافہ، مسک ایک بار پھر کھرب پتی بن گئے

رواں ماہ اسپیس ایکس کے شیئرز میں تقریبا 13 فیصد جب کہ ٹیسلا کے شیئرز میں 7.6 فیصد اضافہ ہوا، رپورٹ

نیو یارک (این این آئی) معروف امریکی کمپنی ٹیسلا کے بانی ایلون مسک ایک بار پھر دنیا کے پہلے کھرب پتی بن گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایلون مسک کی دولت میں 1 ہی دن میں 65 ارب ڈالرز کا اضافہ ہوا اور ان کی دولت کی مجموعی مالیت 1.04 کھرب ڈالرز تک پہنچ گئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ایلون مسک کی دولت میں اضافے کی بڑی وجہ اسپیس ایکس اور ٹیسلا کے شیئرز کی قیمتوں میں اضافہ ہے۔ رپورٹ کے مطابق اکتوبر کے آغاز سے اسپیس ایکس کے شیئرز میں تقریبا 13 فیصد جب کہ ٹیسلا کے شیئرز میں 7.6 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ واضح رہے کہ ایلون مسک رواں سال جون میں پہلی بار کھرب پتی بنے تھے لیکن بعد میں اپنی دونوں کمپنیوں (بقیہ نمبر 26 صفحہ 6 پر)

یمنی صدارتی قیادت کونسل کے سربراہ کا حوثی ملیشیا کے خلاف فوجی کارروائیوں کا اعلان

لینے کے لیے فوجی کارروائیوں کے آغاز کا اعلان کیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق العلیمی نے اپنے خطاب میں کہا کہ آج ہم اپنی قوم کی تاریخ کے ایک فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہو رہے ہیں۔ ریاست نے امن کے راستے کو اختیار کرنے کے لیے بڑی قربانیاں دی ہیں۔ العلیمی کے مطابق ان فوجی کارروائیوں کا مقصد حوثیوں کے زیر کنٹرول علاقوں میں رہنے والے شہریوں کے لیے امن، حقوق اور وقار کی بحالی ہے۔ (بقیہ نمبر 19 صفحہ 6 پر)

قرون وسطی کے بلغاریائی حکمران کی باقیات 60 سال بعد وطن واپس پہنچ گئیں

زار سیموئیل نے 997 سے 1014 تک پہلی بلغاریائی سلطنت پر حکومت کی، رپورٹ

صوفیہ (این این آئی) بلغاریہ کے قرون وسطی کے مشہور حکمران زار سیموئیل کی وہ باقیات، جو تقریبا 60 سال قبل یونان میں دریافت ہوئی تھیں، طویل سفارتی مذاکرات کے بعد بلغاریہ واپس پہنچا دی گئی ہیں۔ زار سیموئیل نے 997 سے 1014 تک پہلی بلغاریائی سلطنت پر حکومت کی اور بازنطینی سلطنت کے خلاف کئی جنگیں لڑیں۔ 1014 میں بازنطینی فوج نے اس کی فوج کو شکست دی، جس کے کچھ عرصے بعد سیموئیل کا انتقال ہو گیا۔ وہ آج بھی بلغاریہ میں قومی شناخت کی ایک اہم علامت سمجھے جاتے ہیں۔ باقیات 1969 میں یونانی ماہر آثار قدیمہ نکولاس موتسوپولوس نے جھیل پریسپا کے جزیرے سینٹ اچیلیوس پر ایک قدیم کلیسا کی کھدائی کے دوران در (بقیہ نمبر 16 صفحہ 6 پر)

سی آئی اے پولیس چمن کی مختلف علاقوں میں کارروائی، انچارج عبدالحکیم کی سربراہی میں 4 مبینہ ملزمان گرفتار

آسٹریلیا، دو گاڑیوں کے تصادم میں ایک شخص ہلاک، 6 زخمی

کینبرا (این این آئی) آسٹریلیا کی ریاست جنوبی آسٹریلیا میں دو گاڑیوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں ایک شخص ہلاک جبکہ 6 دیگر زخمی ہو گئے۔ عرب ٹی وی کے مطابق جنوبی آسٹریلیا پولیس نے بتایا کہ حادثہ اتوار کی شب ایڈیلیڈ کے شمالی مضافاتی علاقے میں اس وقت پیش آیا جب ایک ایس یو وی اور سیڈان آپس میں ٹکرا گئیں۔ پولیس کے مطابق حادثے میں سیڈان کا 53 سالہ ڈرائیور موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ ایس (بقیہ نمبر 24 صفحہ 6 پر)

پیرس، نابالغ لڑکیوں سے جنسی زیادتی و گھناؤنے جرائم میں ملوث بھارتی شخص پر مقدمہ

گروہ نے امریکا، برطانیہ، نیدرلینڈز، اسٹونیا کی کم عمر لڑکیوں کو آن لائن پلیٹ فارمز کے ذریعے نشانہ بنایا، رپورٹ

پیرس (این این آئی) پیرس میں بھارتی شہری روہن سندیپ رانے کے خلاف مقدمے کی سماعت شروع ہو گئی جس پر نو نازی نظریات رکھنے والے آن لائن گروہ کی سربراہی اور نابالغ لڑکیوں کو جنسی زیادتی اور تشدد پر مجبور کرنے کے الزامات ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کی رپورٹ کے مطابق 29 سالہ روہن سندیپ رانے کو جرم ثابت ہونے پر عمر قید کی سزا ہو سکتی ہے۔ روہن کی سربراہی میں قائم گروہ نے امریکا، برطانیہ، نیدرلینڈز، اسٹونیا اور دیگر ممالک کی کم عمر لڑکیوں کو آن لائن پلیٹ فارمز کے ذریعے نشانہ بنایا۔ ملزمان لڑکیوں سے نازیبا تصاویر حاصل کر کے انہیں اہل خانہ اور دوستوں کو تصاویر بھیجنے کی دھمکی دیتے اور بلیک میل کرتے تھے۔ یہ معاملہ 2020 میں اس (بقیہ نمبر 23 صفحہ 6 پر)

عالمی عدالت نے سینئر طالبان رہنماؤں کیخلاف وارنٹ گرفتاری جاری

طالبان قیادت صنفی بنیادوں پر خواتین، لڑکیوں اور دیگر افراد کو نشانہ بنا رہی ہے، عالمی فوجداری عدالت

دی ہیگ (این این آئی) عالمی فوجداری عدالت نے افغان طالبان سپریم لیڈر ملا ہبیت اللہ اخوندزادہ، چیف جسٹس عبدالحکیم حقانی، طالبان رہنما حبیب اللہ آغا اور ندا محمد ندیم کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے، چاروں وارنٹس جولائی سے ستمبر 2025 کے دوران جاری کیے گئے تھے، جنہیں خفیہ رکھا گیا۔ طالبان رہنماؤں پر انسانیت کے خلاف جرائم، خواتین و لڑکیوں کے خلاف منظم جبر کا الزام ہے۔ عالمی فوجداری عدالت کا اپنی فیصلے میں کہنا تھا کہ طالبان قیادت صنفی بنیادوں پر خواتین، لڑکیوں اور دیگر افراد کو نشانہ بنا رہی ہے۔ طالبان پالیسی کے تحت خواتین و لڑکیوں کے بنیادی حقوق شدید متاثر ہوئے۔ خواتین و لڑکیوں کو تعلیم، نقل و حرکت، اظہار، سوچ، ضمیر اور مذہبی آزادی سے محروم کیا گیا، طالبان پالیسیوں کی مخالفت یا خواتین و لڑکیوں کی حمایت کرنے والوں کو بھی نشانہ بنایا گیا، مبینہ جرائم 15 اگست 2021 سے کم از کم 20 جنوری 2025 تک جاری رہے۔ عدالتی دستاویزات میں قتل، قید، تشدد، عصمت دری، جبری گمشدگی بارے سنگین خلاف (بقیہ نمبر 20 صفحہ 6 پر)

سپین کے علاقے کاتالونیا میں شدید بارشوں اور سیلاب سے 2 افراد ہلاک

میڈرڈ (این این آئی) سپین کے شمال مشرقی علاقے کاتالونیا میں شدید بارشوں اور سیلاب کے باعث 2 افراد ہلاک جبکہ ایک شخص لاپتہ ہو گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کاتالان حکام نے بتایا کہ بارسلونا کے شمال میں واقع شہر ٹورڈیرا میں ایک دیوار گرنے سے ایک شخص ہلاک ہوا۔ کاتالونیا کے سربراہ سلواڈور ایلا نے بھی واقعے کی تصدیق کی ہے۔ فائر بریگیڈ حکام کے مطابق مونتو (بقیہ نمبر 21 صفحہ 6 پر)

طب کا نوبیل انعام دماغی اسرار سامنے لانے والے 3 سائنسدانوں کے نام

ڈیسروتھ نے پروٹین کو اعصابی خلیات کے لیے ایک لائٹ کنٹرول سوئچ میں تبدیل کر دیا

سٹاک ہوم (این این آئی) سال 2026 کے لیے طب کا نوبیل انعام دماغی اسرار پر تحقیق کرنے والے 3 سائنسدانوں کے نام رہا ہے۔ ان میں سے 2 کا تعلق جرمنی جبکہ ایک کا امریکا سے ہے۔ میڈیسن کا نوبیل انعام امریکا سے تعلق رکھنے والے کارل ڈیسروتھ جبکہ جرمنی سے تعلق رکھنے والے پیٹر ہیگیمن اور جارج ناگل کے نام رہا۔ نوبیل کمیٹی کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ ان سائنسدانوں نے دماغی اسرار آپٹو جینیٹکس (دماغی اعصابی خلیات اور روشنی سے جڑے جینز) اور روشنی جذب کرنے والے پروٹینز سے متعلق تفصیلات کو دریافت کیا۔ ان کے تحقیقی کام سے ایسی تکنیک کو تیار کرنے میں مدد ملی جس سے یہ جاننا ممکن ہوا کہ دماغ کس طرح یادوں، (بقیہ نمبر 22 صفحہ 6 پر)

شدید گرمی سے حاملہ خواتین اور نومولود بچوں کو خطرات لاحق ہو سکتے ہیں، اقوام متحدہ

عالمی موسمیاتی بحران کا ایک نیا خطرناک پہلو بن چکے ہیں، جو جان لیوا بھی ہو سکتے ہیں، سائمن سٹیل

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ کے موسمیاتی امور کے سربراہ سائمن سٹیل نے کہا ہے کہ سخت گرمی حاملہ خواتین اور نومولودوں کے لیے خطرات میں اضافہ کر رہی ہے۔ فرانسیسی خبر رساں ادارے کے مطابق وہ موسمیاتی تبدیلیوں کے حوالے سے نجی کے شہر نادی میں ہونے والی پری کوپ کانفرنس سے خطاب میں ایک نئی تحقیق کا حوالہ دیں گے۔ اس تحقیق کے مطابق پانچ براعظموں میں صحت کے شعبے سے وابستہ دو تہائی سے زائد افراد نے پچھلے پانچ برس کے دوران خواتین اور بچوں میں پیدا ہونے والی ایسی طبی پیچیدگیوں کا مشاہدہ کیا ہے جس کی وجہ سخت گرمی ہے۔ موسمیاتی تبدیلی کے باعث حمل کے دوران شدید گرمی کی وجہ سے قبل از وقت پیدائش، مردہ بچے کی (بقیہ نمبر 17 صفحہ 6 پر)

روسی فوجی اڈے پر یوکرینی ڈرون حملہ، 2 جنگی طیارے تباہ

کیف (این این آئی) یوکرین کی سکیورٹی سروس کے مطابق، یوکرینی ڈرونز نے روس کے جنوبی علاقے اڈیگیا میں واقع خان سکایا فوجی ایئر فیلڈ کو نشانہ بنایا۔ حملے میں ایک سو 35 لڑاکا طیارہ اور ایک سو 34 فائٹر بمبار تباہ ہو گئے، جبکہ ایئر بیس کے ایک اسلحہ ڈپو کو بھی نقصان پہنچا۔ یوکرینی حکام کے مطابق یہ کارروائی روسی (بقیہ نمبر 18 صفحہ 6 پر)

کمشنر ژوب ڈویژن عرفان اللہ خان کاکڑ ڈسٹرکٹ ریڈریسل کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لورالائی، ایڈیشنل کمشنر اعجاز احمد جعفر ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عوام
081-2832244 / 081-2822255 / 051-2890427 / 051-2890437 / 32266 / 32755
بدھ 07 اکتوبر 2026ء

امن وامان کی صورتحال

پی ٹی آئی کے لانگ مارچ اور خیبر پختونخوا کی صورتحال پر وزیر اعظم شہباز شریف کے ہاں صدر آصف زرداری سے جلد دوبارہ ملاقات کا فیصلہ کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں خیبر پختونخوا کی سیاسی، آئینی اور سیکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا جائے گا اور وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے لانگ مارچ پر موقف اور صوبائی معاملات پر مشاورت ہوگی۔ ذرائع کے مطابق صدر اور وزیر اعظم کو خیبر پختونخوا میں امن وامان کی صورتحال پر بریفنگ دی جا چکی ہے، صوبے میں جاری سیاسی کشیدگی اور لانگ مارچ کے اثرات پر بھی غور کیا جائے گا۔ اس حوالے سے ذرائع نے کہا کہ وفاقی حکومت اور پی ٹی آئی کے مذاکرات کی ناکامی کی صورت میں آئینی آپشنز پر بھی مشاورت ہوگی۔ مذاکراتی عمل میں پیش رفت نہ ہونے کے بعد آئندہ سیاسی حکمت عملی پر بھی غور کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا میں ممکنہ آئینی اقدامات کے قانونی اور سیاسی پہلوؤں کا جائزہ لیا جا چکا ہے۔ تحریک انصاف کے لانگ مارچ کے معاملہ پر وزیر اعظم شہباز شریف نے صدر آصف زرداری سے خیبر پختونخوا کی صورتحال پر جلد دوبارہ ملاقات کا فیصلہ کیا ہے اور وزیر اعظم اور صدر کے درمیان ملاقات میں خیبر پختونخوا کی مجموعی سیاسی، آئینی اور سیکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی جانب سے لانگ مارچ کے معاملہ پر اختیار کیے گئے موقف اور صوبائی معاملات پر مشاورت ہوگی۔ خیبر پختونخوا میں امن وامان کی صورتحال پر وزیر اعظم صدر کو تفصیلی بریفنگ دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق صوبے میں جاری سیاسی کشیدگی اور لانگ مارچ کے ممکنہ اثرات پر بھی غور کیا جائے گا وفاقی حکومت اور تحریک انصاف کے مذاکرات کی ناکامی کے ممکنہ اثرات پر مشاورت ہوگی۔ ذرائع کے مطابق مذاکراتی عمل میں پیش رفت نہ ہونے کی صورت میں آئندہ سیاسی حکمت عملی پر بھی غور کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا میں ممکنہ آئینی اقدامات کے قانونی اور سیاسی پہلوؤں کا جائزہ لیا جائے گا۔ گورنر راج یا ایمرجنسی کے نفاذ سمیت مختلف آئینی آپشنز پر وزیر اعظم اور صدر میں مشاورت متوقع ہے۔ گورنر راج یا ایمرجنسی کے نفاذ سے متعلق حتمی فیصلہ وزیر اعظم، صدر اور رفقاء باہمی مشاورت سے کریں گے، لانگ مارچ، صوبائی حکومت کے کردار اور امن وامان کی صورتحال کو سامنے رکھتے ہوئے آئندہ لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا میں آئینی آپشن استعمال کرنے سے متعلق تمام سیاسی اور قانونی پہلوؤں پر غور ہوگا۔

چین کا جدوجہد سے استحکام تک طویل سفر

تحریر۔ محمد محسن اقبال

ہر سال یکم اکتوبر چین کے لیے ایک غیر معمولی اہمیت کا حامل دن ہوتا ہے۔ یہی وہ دن ہے جب 1949ء میں عوامی جمہوریہ چین کا قیام عمل میں آیا اور جدید چینی تاریخ کے ایک نئے اور غیر معمولی باب کا آغاز ہوا۔ آج ستتر برس بعد ایک ایسے ملک کا، جو کبھی غربت، جنگ اور تباہ حالی کے بوجھ تلے دبا ہوا تھا، دنیا کی بڑی معیشتوں اور بااثر طاقتوں میں شمار ہونا جدید عہد کی ان داستانوں میں شامل ہے جنہیں تاریخ کبھی فراموش نہیں کر سکتی۔

چین کا عروج تاہم محض اس کی وسیع آبادی، قدرتی وسائل یا جغرافیائی وسعت سے تعبیر نہیں کیا جا سکتا۔ شنگھائی کی بلند و بالا عمارتوں، شینزین کی صنعتوں، ملک کے طول و عرض میں دوڑتی برق رفتار ریل گاڑیوں اور ٹیکنالوجی کے میدان میں حیرت انگیز پیش رفت کے پیچھے ایک ایسا پہلو بھی موجود ہے جو بظاہر نگاہوں سے اوجھل رہتا ہے، مگر اس کی اہمیت کسی طور کم نہیں۔ یہ ایک ایسا سیاسی و انتظامی نظام ہے جس نے عہدیداروں کے انتخاب، تربیت، تجربے اور کارکردگی کے مسلسل جائزے پر خاص توجہ دی ہے۔

یہاں ایک دلچسپ سوال جنم لیتا ہے: چین میں ایک عام سیاسی کارکن قومی قیادت کی بلند ترین سطح تک کیسے پہنچتا ہے؟ اس کا جواب اس عام تصور سے کہیں زیادہ پیچیدہ ہے کہ چین کا ہر خواہش مند رہنما پہلے کوئی "سول سروس امتحان" پاس کرتا ہے اور پھر تیس برس تک ایک طے شدہ سیڑھی پر قدم بہ قدم اوپر چڑھتا رہتا ہے۔ حقیقت اس سے کہیں زیادہ طویل، پیچیدہ اور کئی جہتوں پر مشتمل ہے۔ کمیونسٹ پارٹی میں شمولیت کے اپنے باقاعدہ مراحل ہیں۔ امیدواروں کی سفارش کی جاتی ہے، ان کے بارے میں تحقیقات ہوتی ہیں اور پارٹی کی تنظیموں کے ذریعے منظوری دی جاتی ہے۔ جو افراد قبول کر لیے جائیں، وہ عموماً مستقل رکن بننے سے قبل ایک آزمائشی مرحلے سے گزرتے ہیں۔ دوسری طرف سول سروس کا امتحان حکومت میں ملازمت کے لیے بھرتی کا ایک الگ طریقہ کار ہے۔

چینی نظام کی اصل امتیازی خصوصیت کسی ایک امتحان میں نہیں بلکہ تجربے کے مسلسل جمع ہونے میں مضمر ہے۔ عہدیدار مختلف انتظامی سطحوں پر خدمات انجام دیتے ہیں اور ان کی صلاحیتوں کو اس بنیاد پر پرکھا جاتا ہے کہ وہ پالیسیوں کو کس حد تک نافذ کر سکتے ہیں، اداروں کو کس طرح چلا سکتے ہیں اور عملی نتائج کس حد تک پیدا کر سکتے ہیں۔ چین کے کیڈر نظام پر ہونے والی تحقیق سے ظاہر ہوتا ہے کہ تاریخی طور پر معاشی کارکردگی عہدیداروں کی ترقی میں ایک اہم عنصر رہی ہے، تاہم وقت کیساتھ ساتھ معیارِ کارکردگی کا دائرہ وسیع ہوا ہے، جس میں سماجی بہبود، غربت میں کمی، ماحولیاتی تحفظ اور دیگر پالیسی اہداف بھی شامل ہو گئے ہیں۔ یہ نکتہ خاص اہمیت رکھتا ہے۔ چین میں سیاسی ترقی عموماً ملک گیر عوامی انتخابات جیتنے کا نتیجہ نہیں ہوتی۔ عہدیداروں کا انتخاب اور ان کی ترقی ایک درجہ بہ درجہ پارٹی۔ ریاستی نظام کے ذریعے ہوتی ہے۔ ان کے کیریئر کا انحصار اعلیٰ حکام کے جائزوں، تنظیمی ضروریات، سیاسی ترجیحات اور عملی کارکردگی پر ہوتا ہے۔ تاہم علمی تحقیق اس تصور سے بھی محتاط رہنے کی تلقین کرتی ہے کہ چینی نظام کو ایک مکمل اور بے عیب میرٹ کریسی سمجھ لیا جائے۔ سیاسی وفاداری، ادارہ جاتی روابط اور مختلف دھڑوں کے باہمی تعلقات بھی بعض اوقات ترقی کے عمل پر اثر انداز ہو سکتے ہیں۔

اس کے باوجود طویل المدت انتظامی تجربے پر دیا جانے والا زور قابلِ توجہ ہے۔ کسی عہدیدار سے یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ وہ پہلے کسی مقامی علاقے میں اپنی صلاحیت اور انتظامی اہلیت ثابت کرے، تب اسے اس سے بڑی ذمہ داری سونپی جائے۔ معاشی ترقی، روزگار، غربت کا خاتمہ، عوامی انتظام و انصرام، سماجی استحکام اور ماحولیاتی اہداف سب کارکردگی کے جائزے کا حصہ بن سکتے ہیں۔ چین نے بتدریج یہ حقیقت بھی تسلیم کی ہے کہ تیز رفتار معاشی ترقی ہی اچھی حکمرانی کا واحد پیمانہ نہیں ہو سکتی۔ عالمی بینک نے بھی اس امر کی نشاندہی کی ہے کہ کارکردگی کے پیمانوں میں سماجی، ماحولیاتی اور جدت طرازی کے نتائج کو شامل کیا گیا ہے۔

شی جن پنگ کا سیاسی سفر اس تدریجی عروج کی ایک نمایاں مثال پیش کرتا ہے۔ ملک کی اعلیٰ ترین قیادت تک پہنچنے سے پہلے انہوں نے کئی برس مقامی اور صوبائی سطح کی ذمہ داریاں ادا کیں، جن میں فوجیان اور ژے جیانگ بھی شامل ہیں۔ 2007ء میں شنگھائی کے پارٹی سیکرٹری چن لیانگ یو کو ایک بڑے بدعنوانی اسکینڈل کے پس منظر میں عہدے سے ہٹائے جانے کے بعد شی جن پنگ کو شنگھائی کی قیادت سونپی گئی۔ [illegible] حکمت عملی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں سے متعلق تعلیم دی جاتی ہے۔ چینی حکومت نے 2025ء میں پارٹی سکولوں سے متعلق ضوابط میں بھی نظر ثانی کی، جس میں پارٹی ارکان اور عہدیداروں کی تربیت میں ان کے کردار کی دوبارہ توثیق کی گئی۔ لہٰذا چین کی کامیابی کو اس سادہ دعوے تک محدود نہیں کیا جا سکتا کہ اس نے صرف اس لیے ترقی کی کہ اس کے پاس [illegible] کے ذریعے قیادت کی ایک مسلسل کھیپ تیار کرتی ہے تو اس کے نتائج کس قدر دور رس ہو سکتے ہیں۔ دنیا کے دوسرے ممالک کیلئے ضروری نہیں کہ وہ چین کے سیاسی ماڈل کی نقل کریں؛ وہ اس تجربے کا مطالعہ کر کے اپنے حالات اور اپنی ضروریات کے مطابق اپنے نتائج اخذ کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆

ریڈ زون میں نئے انداز کا مہذب احتجاج

تحریر۔ ڈاکٹر شہزاد اقبال شام

یادش بخیر! علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے ڈاکٹر یاسین مظہر صدیقی مرحوم ہر سال پاکستان آتے تو ہو نہیں سکتا تھا کہ جسٹس غزالی مرحوم کی قیادت میں ہم 10، 12 افراد بعد نماز عشاء تا صبح کاذب ان کے ساتھ شب بیداری نہ کریں۔ تخلیقی صلاحیت کی بات چل نکلی تو بولے کہ ان کے وہاں ایک طالب علم نے فیس معافی کی درخواست دی جو منظور نہ ہوئی۔ اس نے مکرر کوشش کی لیکن فیس معاف نہ ہوئی۔ فیس، مثلاً آج کے حساب سے، ایک لاکھ روپیہ تھی۔ وہ اور اس کے چند ساتھی چندہ کر کے آخری دن چھٹی کے وقت چونیاں اٹھنیاں اور ریزگاری کی بوریاں بھر لائے اور بولے "یہ رہی فیس، رسید دے دیجیے"۔ بھلے وقت تھے، معاشرتی رکھ رکھاؤ باقی تھا۔ اتنی ریزگاری گننے کو دو دن بھی کم تھے۔ حکام سے پوچھا گیا کہ کیا کیا جائے۔ وقت ہی نہیں لوگ بھی بھلے مانس تھے۔ وائس چانسلر نے سائل کی تخلیقی متانت سنی، قہقہہ لگایا اور فیس معاف کر دی۔

ضیاء الحق کا مارشل لا تھا، کون سا اظہار رائے اور کیسی آزادی؟ اخبار خریدو تو کبھی اداریے کی جگہ خالی تو کبھی تین کالمی خبر غائب۔ آج کے لوگوں کو سینسر یا سینسر بورڈ کا کیا علم؟ لیکن تخلیقیت کا داعیہ ہو تو اسالیب اظہار تو بدل جاتے ہیں، اظہار نہیں مرتا۔ اس عالم میں افسانے نے ایک نیا چولا بعنوان علامتی افسانہ اوڑھ لیا، وہ افسانہ جسے سب نہیں لیکن اس کے مخاطبین اور عوام نہ سمجھ کر بھی سب سمجھ جاتے ہیں۔ رہی شاعری تو وہ اظہار کو یوں ملفوف کر دیتی ہے کہ پڑھتے سنتے ہی بچے نہیں بڑے بھی چیخ اٹھتے ہیں: "بادشاہ ننگا ہے"۔ جرنیل کو کون کہتا کہ تم پاکستان پر قہر مت ڈھاؤ، مکالمہ کرو۔ حبیب جالب یہ بھی کر گزرا: "گماں تجھ کو کہ رستہ کٹ رہا ہے، یقیں مجھ کو کہ منزل کھو رہے ہو" اگلا جرنیل اس سے دو قدم آگے تھا۔ اسے بھی کچھ ایسا ہی سننا پڑا: "ڈرتے ہیں بندوقوں والے ایک نہتی لڑکی سے"۔

پہلے بھی کہہ چکا ہوں کہ 1953ء کی حالت جبر اور دفعہ 144 کے سائے میں جماعت اسلامی کی قوت تخلیق نے احتجاج کو ایک نیا چولا پہنا دیا۔ پابندیوں میں جکڑا احتجاج جسے شہر ملک اور کل عالم نے دیکھا۔ جماعت اسلامی کی تخلیقی اپج اس کا عنصر اول ہے۔ جس بنیاد پر یہ جماعت کھڑی ہے وہ بجائے خود سید زادے کی تخلیقی قوت کا شاہکار ہے۔ کوئی ایک عالم دین بتائیے جسے 1933ء میں سید مودودی رحمہ اللہ کے اسلام "بحیثیت کل" کی انوکھی تعبیر و تشریح پر تعجب نہ ہوا ہو اور آج کوئی ایک دینی یا سیاسی جماعت بتائیے جسے سید مودودی کی اس تعبیر و تشریح سے اختلاف ہو، بھلے وہ جماعت اسلامی کی مخالف ہی ہوں۔

سیاست میں تحریک انصاف کا متعارف کردہ اسلوب "احتجاج" مبنی بر توڑ پھوڑ، قتل و غارت وغیرہ دم توڑ رہا ہے۔ دہکتی آگ سے سبھی دور رہتے ہیں۔ لہٰذا بیشتر سیاسی جماعتیں سہمی ہوئی ہیں۔ یہ اسلوب احتجاج اب دنوں کا مہمان ہے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے انقلابی حکم پر عمل پیرا خیبر پولیس نے تحریک انصاف کے جلوس میں ذاتی ہی نہیں سرکاری اسلحہ لے جانے پر بھی پابندی عائد کر دی ہے۔ سہمی اور سمٹی سمٹائی دیگر جماعتوں کے ہجوم میں آج جماعت اسلامی سینہ تانے کھڑی ہے۔ ادھر ریاستی حلقوں میں یہ خیال پک رہا ہے کہ ریڈ زون میں ہر طرح کے احتجاج پر پابندی لگا دی جائے۔ یہ فیصلہ تحریک انصاف کے قتل و غارت پر مبنی احتجاج کی طرح اگلا ظلم ہو گا۔ کیا احتجاج اب ٹنڈو آدم یا نوشکی میں ہونا چاہیے۔

میرا خیال ہے کہ جماعت اسلامی ایک دفعہ پھر اپنی تخلیقی اپج سے ریاست کو سکھا دے کہ ریڈ زون میں احتجاج سلیقے سے بھی ہو سکتا ہے۔ اول اول تو ریاست کا کام ہے کہ احتجاج اور سڑکوں کی بندش میں فرق کرنے والا جامع مسودہ قانون لائے، منظوری سے قبل اسے خوب مشتہر کرے، تمام ذی غرض (stake holders) کی رائے لے۔ ریڈ زون میں جلسے کی اجازت تو ہرگز نہ ہو کہ عدلیہ، انتظامیہ، مقننہ اور ان کے ذیلی ستون یہیں واقع ہیں۔ میں نہیں سمجھتا کہ یہاں جلسہ کر کے ریاست کو مفلوج کر دینا کسی ہوش مند کے نزدیک دانشمندانہ قدم ہو سکتا ہے۔ یہاں احتجاج کا ایک طریقہ یوں ہو سکتا ہے۔ احتجاجی گاڑیاں براستہ جناح ایونیو پارلیمان کے سامنے مسافر اتاریں اور یوٹرن لیکر براستہ فیصل ایونیو سرینا ہوٹل کے سامنے سری نگر ہائی وے کے کونے پر چلی جائیں۔

اب پارلیمان کے سامنے کھڑے تمام رہنما اور کارکن بینر اٹھائے پیدل اور قطاروں میں بغیر رکے، راستہ بند کیے اور ٹریفک رواں رکھتے ہوئے پارلیمان، وزیراعظم ہاؤس، سپریم کورٹ اور دفتر خارجہ سے ہو کر سرینا ہوٹل کو مڑ جائیں۔ ادھر جناح ایونیو سے واپس آئی بسیں ان کا انتظار سری نگر ہائی وے پر کر رہی ہوں۔ اب یہ لوگ بسوں میں بیٹھ کر شکر پڑیاں یا فاطمہ جناح پارک میں جلسہ کریں، تقریریں کریں سنیں، دل کی بھڑاس نکالیں، حکومت کو کوسیں، بھلے بھارت یا اسرائیل کو، لیکن خدارا اپنی ریاست کو مفلوج نہ کریں۔ ریڈ زون میں دھرنا دینے والوں کے لئے یہی محاورہ ذہن میں آتا ہے: "جس شاخ پہ بیٹھو اسی کو کاٹو" عام سیاسی کارکنوں کو کیا خبر لیکن کیا ان کے رہنما بھی نہیں جانتے کہ یہ اہم ترین ریاستی حصہ مفلوج کرنے پر فائل ایک دن رک جائے تو ملک کو اربوں کھربوں کا نقصان ہوتا ہے۔ روپے چھوڑیے، بعض حالات میں تو "گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں" کا نوحہ پڑھنا پڑتا ہے۔

میں نے اپنی افتادِ طبع کے ماتحت اپنی تجویز یا رائے دی ہے جو حرف آخر نہیں ہے۔ باہم ریاستی اور پارلیمانی بحث مباحثے اور جماعتی شورائی مشاورت سے احتجاج کے کئی اور موثر طریقے بھی سوچے جا سکتے ہیں۔ کچھ بھی ہو نہ تو ریڈ زون میں واقع ریاستی ادارے مفلوج کیے جائیں اور نہ اس زون میں احتجاج پر پابندی لگائی جائے۔ اُمید ہے کہ پارلیمان اور جماعت اسلامی اس دو نکاتی بیان سے احتجاج کا کوئی بہتر راستہ نکال لیں گے۔ پھر یاد دلا دوں کہ الہامی تعلیم راستوں کی بندش کی قطعاً اجازت نہیں دیتی۔

☆☆☆☆

برآمدی شعبے میں نئے مواقع کی راہ ہموار

تحریر۔ محمود خان

پاکستان میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (SMEs) کے لیے برآمدی تجارت کو محفوظ بنانے کی جانب اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ (EDF) اور ایکسپورٹ امپورٹ بینک آف پاکستان (EXIMPak) نے تقریباً تین ارب روپے کے ایس ایم ای رسک پول کے ذریعے ایکسپورٹ کریڈٹ انشورنس کی سہولت کو وسعت دینے کا اقدام کیا ہے۔ اس کا بنیادی مقصد چھوٹے اور درمیانے درجے کے پاکستانی برآمد کنندگان کو غیر ملکی خریداروں کی جانب سے ادائیگی نہ کیے جانے کے خطرے سے تحفظ فراہم کرنا اور انہیں نئی عالمی منڈیوں تک رسائی کے لیے زیادہ اعتماد دینا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ کے اجلاس میں اس اقدام کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا گیا کہ تین ارب روپے کا رسک پول بالخصوص ایس ایم ایز کے لیے ایکسپورٹ کریڈٹ انشورنس تک رسائی کو وسعت دے گا اور کاروباری برادری کو برآمدات کا حجم بڑھانے میں سہولت فراہم کرے گا۔ وزیراعظم نے اسے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ کے لیے اہم اقدام قرار دیا۔

بین الاقوامی تجارت میں برآمد کنندگان کے لیے سب سے اہم خطرات میں سے ایک غیر ملکی خریدار کی جانب سے سامان وصول کرنے کے بعد ادائیگی نہ کرنا ہے۔ یہ خطرہ اس وقت بھی موجود رہتا ہے جب کاروبار اوپن اکاونٹ، ٹی ٹی یا لیٹر آف کریڈٹ کے ذریعے کیا جائے۔ چھوٹے کاروباری ادارے اکثر اس طرح کے مالی نقصان کو برداشت کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہوتے، جس کے نتیجے میں وہ محدود تعداد میں خریداروں اور روایتی منڈیوں تک محدود رہتے ہیں۔ ایکسپورٹ کریڈٹ انشورنس اسی خطرے کو کم کرنے کے لیے فراہم کی جاتی ہے۔ اگر کوئی بین الاقوامی خریدار ایسے تجارتی یا سیاسی خطرے کی وجہ سے ادائیگی نہیں کرتا جو متعلقہ انشورنس پالیسی کے تحت قابلِ تحفظ ہو تو پالیسی کی شرائط کے مطابق برآمد کنندہ کو معاوضہ ادا کیا جا سکتا ہے۔ اس تحفظ کے نتیجے میں ایس ایم ای برآمد کنندگان نئے خریداروں کے ساتھ کاروباری معاملات کرنے، بڑے آرڈرز قبول کرنے اور نئی عالمی منڈیوں میں داخل ہونے کے حوالے سے زیادہ اعتماد کے ساتھ فیصلے کر سکتے ہیں۔

رسک شیئرنگ پول کے تحت پاک EXIM کو مرکزی کردار حاصل ہے۔ ادارہ سرمایہ فراہم کرنے، پول کے انتظام، انڈر رائٹنگ اور انشورنس پالیسی جاری کرنے کی ذمہ داری ادا کرے گا، جبکہ EDF بھی پول کے لیے سرمایہ فراہم کرے گا۔ شریک بینک اور ترقیاتی مالیاتی ادارے بھی متبادل ذرائع کے ذریعے ایس ایم ایز تک انشورنس سہولت پہنچانے میں کردار ادا کریں گے۔ EDF اور پاک EXIM کے درمیان تقریباً 3 ارب روپے کے PoolRiskSME معاہدے کا مقصد چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کی ایکسپورٹ کریڈٹ انشورنس تک رسائی وسیع کرنا ہے۔ ایکسپورٹ کریڈٹ انشورنس دو بنیادی طریقوں سے فراہم کی جا سکتی ہے۔ پہلی صورت میں اہل ایس ایم ای برآمد کنندہ براہِ راست پاک EXIM سے انشورنس حاصل کر سکتا ہے، جبکہ دوسری صورت میں شریک بینک یا ترقیاتی مالیاتی ادارے کے ذریعے یہ سہولت حاصل کی جا سکتی ہے۔ اس نظام کے تحت پاک EXIM بطور انڈر رائٹر برآمد کنندہ اور اس کے غیر ملکی خریداروں کا جائزہ لے گا اور متعلقہ شرائط پوری ہونے پر ایکسپورٹ کریڈٹ انشورنس پالیسی جاری کرے گا۔ اگر بعد ازاں پالیسی میں شامل کسی قابلِ تحفظ خطرے کے نتیجے میں خریدار ادائیگی نہیں کرتا تو برآمد کنندہ کلیم دائر کر سکتا ہے، جس کا تصفیہ پالیسی کی شرائط و ضوابط کے مطابق کیا جائے گا۔

اس اسکیم کے تحت بنیادی طور پر دو قسم کے خطرات کو اہمیت دی گئی ہے۔ پہلے تجارتی خطرات ہیں، جن میں خریدار کا دیوالیہ ہو جانا یا مقررہ مدت کے اندر ادائیگی نہ کرنا شامل ہو سکتا ہے۔ تاہم انشورنس کا مطلب یہ نہیں کہ ہر شپمنٹ، ہر انوائس یا ہر نقصان لازماً بیمہ شدہ ہو گا۔ کوریج متعلقہ پالیسی کی شرائط، اہلیت، استثناؤں اور منظور شدہ حدود سے مشروط ہو گی۔ صرف وہی خطرات قابلِ تحفظ ہوں گے جو پالیسی کے تحت واضح طور پر شامل کیے گئے ہوں۔ اس سہولت سے ایس ایم ای برآمد کنندگان کو عدم ادائیگی کے مخصوص خطرات کے خلاف تحفظ ملنے کے ساتھ ساتھ نئی منڈیوں اور نئے خریداروں کے ساتھ کاروبار کرنے میں اعتماد حاصل ہو گا۔ اس کے علاوہ اوپن اکاونٹ پر کاروبار کے امکانات، بینک فنانسنگ تک رسائی اور عالمی مارکیٹ میں مسابقتی صلاحیت بہتر ہونے کی توقع ہے۔

اسکیم کے بارے میں ملک بھر میں آگاہی پیدا کرنے کے لیے تشہیری مہم چلائی جائے گی۔ اس مہم کا ہدف ایس ایم ای برآمد کنندگان، پاکستانی برآمد کنندگان، کمرشل بینکوں، ترقیاتی مالیاتی اداروں اور ایکسپورٹ کریڈٹ، ٹریڈ فنانس اور بین الاقوامی تجارت سے وابستہ افراد ہوں گے۔ تشہیری سرگرمیوں میں میڈیا کوریج کے علاوہ شریک بینکوں اور DFIs کے لیے تشہیری مواد بھی تیار کیا جائے گا، جسے ان کے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز، برانچز اور دفاتر میں استعمال کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ پاک EXIM اور EDF کی جانب سے چیمبرز آف کامرس کے تعاون سے ملک کے مختلف علاقوں میں کراس کنٹری روڈ شوز منعقد کرنے کا منصوبہ بھی شامل ہے، جس کے ذریعے ایس ایم ای کاروباری اداروں تک براہِ راست رسائی حاصل کی جائے گی۔

ایکسپورٹ کریڈٹ انشورنس کا بنیادی تصور یہ ہے کہ برآمد کنندہ کو غیر ملکی خریدار کی عدم ادائیگی کے مخصوص خطرے سے تحفظ دیا جائے تاکہ وہ صرف روایتی خریداروں اور محدود منڈیوں تک محدود رہنے کے بجائے نئے کاروباری مواقع تلاش کر سکے۔ پاکستان میں ایس ایم ایز کی بڑی تعداد ایسے کاروباری اداروں پر مشتمل ہے جن کے لیے عالمی منڈیوں تک رسائی، فنانسنگ اور ادائیگی کے خطرات اہم چیلنجز رہے ہیں۔ ایسے میں رسک شیئرنگ پول کے ذریعے انشورنس کوریج کو زیادہ قابلِ رسائی بنانے کی کوشش برآمدی کاروبار کے لیے ایک نئے مالیاتی راستے کی حیثیت رکھتی ہے۔ اس حوالے اجلاس میں وزیراعظم کو یہ بھی بتایا گیا تھا کہ EDF کے پاس دستیاب 42ارب روپے کاروباری برادری کی سہولت کے لیے سرمایہ کاری کے لیے مختص کیے گئے ہیں، جبکہ تحقیق، مہارتوں کے فروغ اور مسابقتی صلاحیت بڑھانے سے متعلق اقدامات بھی کیے جا رہے ہیں۔

وزیر اعلیٰ صاحبہ! لاہور کا آسمان بھی بچا لیجیے

تحریر۔ محمد اکرم چوہدری

لاہور کو بچانے کے لیے صرف اس کی سڑکیں بنانا کافی نہیں، کبھی کبھی سڑکوں کو بچانا بھی پڑتا ہے

محترمہ مریم نواز صاحبہ!

آپ پنجاب کی وزیراعلیٰ ہیں اور لاہور محض پنجاب کا دارالحکومت نہیں یہ ایک تہذیب ہے، ایک یادداشت ہے، ایک ایسا شہر ہے جس کی پہچان کبھی اس کے باغ، درخت، نہریں، تاریخی عمارتیں، کشادہ شاہراہیں اور موسموں کے بدلتے رنگ ہوا کرتے تھے، سوال یہ ہے کہ کیا ہم آنے والی نسلوں کو یہی لاہور دے رہے ہیں؟

آج کسی بڑی شاہراہ پر نکل جائیے۔ نگاہ کو چند لمحے سکون دینے کے لیے آسمان تلاش کیجیے، کہیں دیوقامت بل بورڈ، کہیں ڈیجیٹل سکرین، کہیں پول سائن، کہیں عمارت کے پورے چہرے پر اشتہار۔ ایک ختم ہوتا ہے تو دوسرا شروع ہو جاتا ہے یوں محسوس ہوتا ہے جیسے شہر نہیں رہا، ایک نہ ختم ہونے والی اشتہاری دیوار بن گیا ہے شہر کی ہر خالی جگہ فروخت کے لیے نہیں ہوتی یہ وہ بنیادی اصول ہے جسے دنیا کے خوبصورت شہروں نے بہت پہلے سمجھ لیا تھا۔ پیرس اپنی خوبصورتی اس لیے قائم نہیں رکھ سکا کہ وہاں کاروبار نہیں، لندن میں اشتہاری صنعت ختم نہیں ہوئی۔ ویانا، سنگاپور، کوپن ہیگن، بارسلونا اور دنیا کے دوسرے خوبصورت شہر بھی کمرشل سرگرمیوں سے بھرے ہوئے ہیں۔ فرق صرف اتنا ہے کہ وہاں کاروبار کو شہر پر حکومت کرنے کی اجازت نہیں دی جاتی؛ شہر کاروبار کے لیے اصول طے کرتا ہے کہاں اشتہار لگ سکتا ہے، کتنا بڑا ہو سکتا ہے، دو اشتہارات کے درمیان کتنا فاصلہ ہونا چاہیے، تاریخی عمارت کے سامنے کیا ممنوع ہو گا، رہائشی علاقے میں کیا قابل قبول ہو گا، روشنی کتنی تیز ہو سکتی ہے اور کسی شاہراہ کا کتنا حصہ تجارتی تشہیر کے حوالے کیا جا سکتا ہے یہ سب شہری منصوبہ بندی کا حصہ ہے۔

لاہور میں معاملہ الٹا ہوا محسوس ہوتا ہے یہاں سوال یہ نہیں رہا کہ کتنے بل بورڈ ضروری ہیں؟ سوال شاید یہ رہ گیا ہے کہ مزید کتنے بل بورڈ سما سکتے ہیں؟ اور یہی وہ مقام ہے جہاں حکومت کو رک کر اپنے آپ سے ایک مشکل سوال پوچھنا چاہیے کیا ریونیو ہی حکومتوں کا ایمان ہوتا ہے؟ اگر کسی جگہ اشتہار لگانے سے سرکاری ادارے کو آمدن ہوتی ہے تو کیا صرف یہی دلیل کافی ہے؟ اگر ہر درخت، ہر چوک، ہر فلائی اوور، ہر عمارت، ہر سڑک اور شہری نگاہ کے سامنے آنے والا ہر منظر آمدن کا ذریعہ بن جائے تو شہر آخر بچے گا کہاں؟

حکومت دکان نہیں ہوتی، حکومت کی آمدن اہم ہے، مگر شہری زندگی کا معیار اس سے کہیں بڑی ذمہ داری ہے ایک اچھا حکمران صرف خزانے میں آنے والے روپے نہیں گنتا، وہ ان چیزوں کا بھی حساب رکھتا ہے جن کی قیمت روپے میں نہیں لگائی جا سکتی، ایک پرانا درخت، ایک صاف افق، ایک خوبصورت تاریخی عمارت، ایک ایسی سڑک جس پر ڈرائیور کی توجہ اشتہارات کے ہجوم میں تقسیم نہ ہو اور ایک ایسا شہر جہاں انسان کو ہر چند قدم بعد کوئی چیز خریدنے، استعمال کرنے یا اختیار کرنے کے لیے چیخ چیخ کر نہ کہا جا رہا ہو۔

لاہور کا مسئلہ صرف بصری آلودگی نہیں، معاملہ اس سے زیادہ سنگین ہے شہر میں ایسی شکستہ اور خستہ حال عمارتیں بھی موجود ہیں جن کے نیچے روزانہ ہزاروں لوگ گزرتے ہیں کہیں بوسیدہ بالکونیاں، کہیں کمزور چھجے، کہیں خطرناک بیرونی ڈھانچے اور انہی کے ساتھ یا اوپر بھاری اشتہاری تنصیبات، اگر تیز آندھی آئے تو ذمہ دار کون ہو گا؟ اگر کوئی بورڈ گرے تو جواب کون دے گا؟ اگر کسی خستہ عمارت کا حصہ راہ گیر یا گاڑی پر آ گرے تو کیا حادثے کے بعد چند افسر معطل کر دینا شہری حکمرانی کہلائے گا؟ حکومت کی اصل کامیابی حادثے کے بعد کارروائی نہیں، حادثے سے پہلے خطرہ ختم کرنا ہے۔

وزیراعلیٰ صاحبہ!

لاہور کے لیے ایک جامع اربن ویژول اینڈ سیفٹی کوڈ کی ضرورت ہے پورے شہر کا سروے کرائیے، ہر بل بورڈ، ہر بڑی ڈیجیٹل اسکرین اور ہر خطرناک اشتہاری ڈھانچے کی گنتی سامنے لائیے۔ شہریوں کو معلوم ہونا چاہیے کہ لاہور میں کتنے اشتہاری ڈھانچے ہیں، کتنے قانونی ہیں، کس ادارے نے اجازت دی، کس معیار پر اجازت دی، ان کی ساختی حفاظت آخری مرتبہ کب چیک ہوئی اور شہر ان سے کتنا ریونیو حاصل کرتا ہے اور پھر ایک دوسرا حساب بھی کیجیے اس ریونیو کے بدلے لاہور نے کیا کھویا؟ یہ حساب سرکاری کھاتوں میں شاید نظر نہ آئے، مگر شہر کی شکل پر صاف لکھا ہوا ہے۔

اہم شاہراہوں کے لیے بل بورڈز کی زیادہ سے زیادہ تعداد مقرر ہونی چاہیے تاریخی اور ثقافتی علاقوں کو اشتہارات سے محفوظ بصری زون قرار دیا جانا چاہیے درختوں اور عمارتوں کے حسن کو ڈھانپنے والے اشتہارات محدود ہونے چاہئیں خطرناک عمارتوں پر بھاری تنصیبات کی مکمل ممانعت ہونی چاہیے ڈیجیٹل سکرینوں کی روشنی، جسامت اور ڈرائیور کی نظر پر اثر کے لیے واضح ضابطہ ہونا چاہیے اور سب سے بڑھ کر، ہر اجازت کی ایک حد ہونی چاہیے۔ شہر کو اشتہاری جنگل بننے سے بچانے کا طریقہ یہ نہیں کہ بدصورت بورڈ کو خوبصورت بورڈ سے بدل دیا جائے اصل حل یہ طے کرنا ہے کہ بورڈ ہونا بھی چاہیے یا نہیں، لاہور کو دنیا کے بہترین شہروں سے مقابلہ کرنا ہے تو مقابلہ صرف انڈر پاس، فلائی اوور اور سڑک بنانے میں نہ کیجیے۔ مقابلہ اس بات میں بھی کیجیے کہ شہری کو کتنا آسمان دکھائی دیتا ہے، کتنے درخت دکھائی دیتے ہیں، تاریخی عمارت کتنی نمایاں ہے، سڑک کتنی پرسکون محسوس ہوتی ہے اور شہر اپنی اصل شناخت کتنی محفوظ رکھتا ہے۔

دنیا کے بہترین شہر اپنی خوبصورتی کو اتفاق پر نہیں چھوڑتے وہ اسے قانون سے بچاتے ہیں لاہور بھی قانون مانگتا ہے ایسا قانون جو اشتہاری کمپنی اور سرکاری ریونیو کے درمیان نہیں، شہر اور شہری کے حق میں کھڑا ہو۔

محترمہ مریم نواز صاحبہ!

ممکن ہے کسی فائل میں ایک بل بورڈ صرف ایک اجازت نامہ ہو کسی سرکاری کھاتے میں وہ صرف چند لاکھ یا چند کروڑ روپے کا ریونیو ہو کسی اشتہاری کمپنی کے لیے وہ صرف ایک قیمتی مقام ہو لیکن شہر کے لیے وہ اس کے چہرے کا ایک ٹکڑا ہے اور شہر کا چہرہ ٹکڑوں میں فروخت ہونا شروع ہو جائے تو آخر میں خزانہ تو بھر سکتا ہے، شہر خالی ہو جاتا ہے فیصلہ ہمیں کرنا ہے کہ ہم لاہور کو شہر رکھنا چاہتے ہیں یا اسے دنیا کا سب سے بڑا اشتہاری بورڈ بنانا چاہتے ہیں ترقی ضرور کیجیے۔ سڑکیں بنائیے، کاروبار بڑھائیے، ریونیو بھی کمائیے، مگر اس دوڑ میں ایک لکیر ایسی ضرور کھینچ دیجیے جس کے آگے لکھا ہو یہاں سے لاہور شروع ہوتا ہے، یہاں کاروبار رک جائے گا کیونکہ لاہور کی ہر چیز نیلامی کے لیے نہیں۔ مال روڈ کے درختوں کی کوئی قیمت نہیں لگ سکتی نہر کے کنارے کی شام کا کوئی ٹینڈر نہیں ہو سکتا کسی پرانی عمارت کے چہرے پر چڑھی صدیوں کی تاریخ کا کوئی اشتہاری نرخ نہیں اور کھلے آسمان کا کوئی سالانہ ٹھیکہ نہیں ہونا چاہیے

وزیراعلیٰ صاحبہ!

آپ کے دور کے منصوبوں کی تختیاں ایک دن پرانی ہو جائیں گی سڑکیں دوبارہ بنیں گی انڈر پاسوں کی مرمت ہو گی حکومتیں بدلیں گی بجٹ بدلیں گے مگر ایک نسل اگر اپنے شہر کا حسن کھو دے تو اسے واپس لانے میں نسلیں لگ جاتی ہیں اس لیے لاہور کے حسن کو ریونیو کی ایک مدنہ سمجھیے اسے پنجاب کا اثاثہ سمجھیے۔ آج فیصلہ کر دیجیے کہ اس شہر میں اشتہار انسان سے بڑا نہیں ہو گا، کاروبار شہر سے بڑا نہیں ہو گا، اور ریونیو زندگی، حفاظت اور حسن سے بڑا نہیں ہو گا۔

لاہور نے ہمیں بہت کچھ دیا ہے اب ہماری باری ہے کہ ہم لاہور کو کچھ واپس دیں کوئی نیا فلائی اوور نہیں، کوئی نئی روشن تختی نہیں، کوئی نیا نعرہ نہیں، بس اس کا چہرہ واپس کر دیں، اس کے درخت اسے واپس کر دیں، اس کی عمارتیں اسے واپس کر دیں، اس کی سڑکوں کو سانس لینے دیں اور سب سے بڑھ کر لاہور کا آسمان، لاہور کو واپس کر دیں۔

☆☆☆☆

موت بھول گئی!

تحریر۔ چوہدری خادم حسین

انسان مٹی کا پتلا ہے اس کی روح اور جسم کا رشتہ اللہ کے حکم ہی سے برقرار رہتا ہے، بندہ کتنا ہی جی لے ایک روز اسے حاضر ہونا پڑتا ہے۔ گزشتہ دو چار دنوں سے بار بار اسی تعلق کے حوالے سے غور کرتا ہوں اور صبح کے وقت سورہ رحمٰن اور سورہ یٰسین کی باترجمہ تلاوت سے بھی مستفید ہوتا ہوں۔ ہر روز یہ یقین اور پختہ ہوتا چلا جاتا ہے کہ آقا حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ ﷺ نے امت کی شفاعت کیلئے دعا اور وعدہ تو کیا لیکن انسان کو تو اپنے اعمال کا خود بخوبی اندازہ ہوتا ہے۔ عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ بعض افراد جسمانی عوارض کا شکار ہو جاتے ہیں اور اس میں زیادہ تعداد ایسے افراد کی بھی ہے جو زندگی بھر نیک عمل کرتے رہے۔ میرے چچا (مرحوم) چوہدری علم دین (سالار ضلع مسلم لیگ نیشنل گارڈز فیصل آباد) تحریک پاکستان کے نمایاں کارکنوں میں سے تھے۔ میرے والد (چوہدری احمد الدین مرحوم) اور ان کی جوڑی مشہور تھی۔ ہمارے گھرانوں میں خلوص کے تعلقات ایسے تھے کہ اگلی نسل تک بھی منتقل ہوئے۔ آفاقی اصول کے مطابق چچا کے بعد ان کے صاحبزادے نجیب، اللہ کے حضور حاضر ہو گئے تو چند ماہ قبل کزن فرزانہ کے شوہر ڈاکٹر فاروق کی رحلت ہوئی اور اب گزشتہ ماہ فرزانہ بھی چل بسیں یوں چچی کی اولاد نہ رہی وہ علالت اور تقاضہ عمر کے تحت بیٹے کے پاس فیصل آباد ہی میں تھیں کہ یہ گھر ان کے شوہر چھوڑ گئے تھے۔

یہ ذکر یوں آیا کہ نجیب کی وفات پر میں اپنے دوست منور مرزا کے ہمراہ جنازہ پر گیا تھا تو چچی سے بھی ملاقات ہوئی جو میرے جاتے ہی پکار اٹھیں میں نے کہا تھا کہ خادم کو اطلاع کرو، وہ ضرور آئیگا، مجھے مل کر گلے لگایا اور پیار دیا، میں ان کی حالت دیکھ کر دکھ سے بھر گیا کہ وہ بہت زیادہ کمزور ہو چکی تھیں، واپسی میں میرا ذہن ماضی میں الجھا رہا۔ میں طالب علم تھا اور چچا لسوڑی پیر رہتے تھے۔ والد کیساتھ شاید پہلی بار گیا اور سلام کیا تو دیکھتا ہی رہ گیا وہ اتنی سمارٹ اور خوبصورت تھیں کہ انسان دیکھتا ہی رہ جائے۔ وہ ٹیچر تھیں اور پھر ان کا تبادلہ گاؤں میں ہوا اور وہ اپنے گھر آ گئیں، یہاں ہماری آمدورفت بچوں سمیت بھی ہوتی اور چچی جس انداز سے ہمارے صدقے واری جاتیں وہ آج بھی یادگار ہے۔ چچی سکول کے بعد گھر پر بچیوں کو مفت ٹیوشن اور قرآن مجید بھی پڑھاتی تھیں اور یہ سلسلہ ان کا اس وقت تک جاری رہا جب تک ان میں دم تھا۔ پھر جب کمزوری نے آ لیا تو یہ سلسلہ بھی بحال نہ رہ سکا۔

گزشتہ روز دل پر بوجھ تھا، سوچا، فیصل آباد کا چکر لگا لوں۔ بس سے روانہ ہوا، جب گاؤں کا سٹاپ آیا تو اترتے اترتے رک گیا اس طرف رخ کیا اور دعا پڑھ لی۔ خیال ہوا کہ وہ ہستی تو ہے ہی نہیں جو ماتھا چوم کر سر پر پیار دیتیں اور ہزار دعاؤں کے سائے میں بٹھاتی تھیں، اطلاع کے مطابق چچی کا بھی قریباً تین سال قبل انتقال ہو گیا اور ہمیں اطلاع نہ مل سکی وہ خود زندہ اور سخت بیمار تھیں اس کے باوجود نجیب کے انتقال پر شور مچاتی رہیں کہ خادم کو اطلاع دو، وہ ضرور آئے گا۔ یوں دل مسوس کر رہ گیا اور فیصل آباد جا اترا۔ چوک گھنٹہ گھر گیا۔ ایک دو دوستوں سے ملاقات کی پرانی باتیں یاد کیں اور چائے پی کر واپس بس سٹینڈ کا راستہ لیا۔ رات کو گھر آ گیا، اب تک سوچ رہا ہوں، انسانی بے ثباتی کا تاثر زائل نہیں ہو رہا اور سوچ رہا ہوں کہ جو افراد سجدے کرتے ہیں اور پھر بھی ان کے دل نہ جانے کیوں سخت ہو جاتے ہیں کہ انسان کو انسان سمجھنا موقوف کر دیتے ہیں میں جب بھی اپنے اجداد کو یاد کرتا ہوں تو احساس ہوتا ہے کہ انہوں نے کس طرح ہماری پرورش کی اور وہ کیسا دور تھا جب ہم چھوٹوں میں سے کوئی ایک کسی بڑے کے سامنے اونچا بول پڑتا تو سخت ڈانٹ پڑتی تھی وہ کیسا اچھا دور تھا جب بچے آپس میں لڑتے تو ہر ایک کو اپنے اپنے والدین سے سزا ملتی تھی۔ بڑوں کے ادب کا یہ عالم تھا کہ ہمارے محلّہ کے بزرگ بسا پہلوان آ جاتے تو ہم لوگ کھیل چھوڑ کر اِدھر اُدھر ہو جاتے تھے اور یہ تو ہماری خوش نصیبی بھی تھی اور ہے کہ ہماری پیدائش اس محلّہ میں ہوئی جس میں حضرت علامہ سید ابوالحسنات محمد احمد قادری (غازی کشمیر) کی رہائش تھی اور ان کی نصیحت سنتے سنتے جوان ہو گئے تھے۔

گزشتہ صبح سیر صبح کے بعد جب دوست پارک میں جمع ہوئے تو سب دین ہی کی باتیں کر رہے تھے اور اس پر تاسف کا اظہار کیا جا رہا تھا کہ اس جدید دور کے بچے جواب جین زی کہلاتے ہیں کسی کی مانتے نہیں کہ پارک میں ممانعت کے باوجود کرکٹ کھیل رہے اور ٹیپ بال بار بار ہم میں سے کسی کو آ کر لگتی تھی۔ فیلڈ کرنے والا لڑکا کسی شرمندگی کا اظہار کیے بغیر بال مانگ کر لے جاتا اور جو پھر واپس آ لگتا۔ بات دوسری طرف چلی گئی، مصطفےٰ ٹاؤن کے ہر بلاک میں پارک ہے اور یہ مرکزی پارک ہے ان سب کو دیکھ کر دکھ ہوتا ہے کہ پھولوں والے پودے غائب اور شجر کاری نہیں ہوئی جبکہ گھاس بھی جگہ جگہ سے ختم ہے۔ پارک میں دو نئے بنچ رکھ دیئے گئے تو پہلے سے ٹوٹے ہوئے بھی موجود ہیں یہ حالات پی ایچ اے کا منہ چڑا رہے ہیں اور کچھ ایسا ہی حال صفائی کا بھی ہے۔ سوچتا ہوں کہ وہ بھی کیا دور تھا جب سرکلر باغات میں سایہ دار درختوں کی بہتات تھی، پھولوں اور پھل والا حصہ دربار شاہ محمد غوث کے عقب میں الگ تھلگ تھا، اب نہ جانے کیا ہو گیا کہ ادب لحاظ تو اٹھ ہی گیا تھا، شرم بھی جاتی رہی اور ہم ڈھیٹ ہو گئے ہیں۔ اللہ ہم پر رحم فرمائے۔

☆☆☆☆

خطرے کی گھنٹی بجاتی مصنوعی ذہانت

تحریر۔ خالد ارشاد صوفی

مصنوعی ذہانت کے حوالے سے ایک بار پھر یہ بحث جاری ہے کہ یہ مستقبل میں انسانیت کے لئے خطرہ بن سکتی ہے جبکہ انہی خدشات کی بازگشت میں ایک ایسی غیر معمولی حقیقت بھی سامنے آئی ہے جس میں یہی ٹیکنالوجی ایک انسانی جان کے ممکنہ تحفظ کا ذریعہ بنی ہے۔ یہ واقعہ پاکستان کے شہر بہاولپور کا ہے لیکن اس کی کڑیاں مصنوعی ذہانت کے نظام "کلاڈ"، اسے بنانے والی امریکی کمپنی "انتھراپک" اور امریکی تحقیقاتی ادارے ایف بی آئی تک پہنچتی ہیں۔ یہ محض ایک نوجوان اور مصنوعی ذہانت کے درمیان ہونے والی مبینہ گفتگو کی کہانی نہیں بلکہ اس بڑے سوال کا ایک عملی پہلو ہے کہ انسان نے جس غیر معمولی ذہانت کو تخلیق کیا ہے، کیا اُس کے ساتھ ایسے حفاظتی نظام بھی بنائے ہیں جو اُس کے غلط استعمال کی صورت میں خود انسان کی حفاظت کر سکیں؟

چند روز پہلے بہاولپور کے ایک 17 سالہ نوجوان کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا۔ الزام ہے کہ وہ اپنے والد کو نقصان پہنچانے کے لئے کلاڈ سے زہریلے مادوں کے بارے میں معلومات حاصل کر رہا تھا۔ نوجوان کے خلاف الزامات ابھی عدالت میں ثابت نہیں ہوئے، اس لئے اُسے مجرم قرار دینا درست نہیں ہو گا تاہم اس واقعے میں مصنوعی ذہانت کے حفاظتی نظام کا ممکنہ کردار غیر معمولی ظاہر ہوا۔ مقدمے کی ابتدائی تفصیلات کے مطابق امریکی تحقیقاتی ادارے ایف بی آئی نے پاکستانی حکام کو نہ صرف مبینہ خطرے سے آگاہ کیا بلکہ متعلقہ کلاڈ اکاؤنٹ سے وابستہ ای میل اور متعدد آئی پی ایڈریس بھی فراہم کیے۔ پاکستان میں یہ معلومات متعلقہ اداروں تک پہنچیں اور نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے ڈیجیٹل معلومات کی مدد سے نوجوان تک رسائی حاصل کی۔

اس کہانی میں سب سے اہم سوال یہ ہے کہ خطرے کی پہلی گھنٹی کہاں بجی؟ این سی سی آئی اے کے ترجمان کے حوالے سے شائع ہونے والی رپورٹ میں ایک خودکار نظام کا ذکر سامنے آیا ہے۔ دوسری طرف کلاڈ بنانے والی کمپنی انتھراپک کے پاس خطرناک استعمال کی شناخت، نگرانی اور تحقیقات کے لئے باقاعدہ حفاظتی نظام موجود ہیں۔ ان حقائق کو یکجا کر کے دیکھا جائے تو یہ مضبوط امکان سامنے آتا ہے کہ کلاڈ کے گرد موجود حفاظتی نظام نے گفتگو میں ایک فرد کو لاحق ممکنہ سنگین خطرے کی نشاندہی کی جس کے بعد معلومات امریکی حکام اور وہاں سے پاکستانی اداروں تک پہنچیں۔

انتھراپک کے قواعد کے مطابق عام حالات میں صارف کی معلومات حکومتی اداروں کو فراہم کرنے کے لئے قانونی تقاضے پورے کیے جاتے ہیں لیکن اگر ایسی ہنگامی صورتحال ہو جس میں کسی شخص کو فوری شدید جسمانی نقصان یا موت کا خطرہ ہو اور معلومات کی فوری فراہمی سے اُسے روکا جا سکتا ہو تو کمپنی ہنگامی بنیادوں پر متعلقہ معلومات فراہم کر سکتی ہے۔ اہم بات یہ ہے کہ کلاڈ کے حوالے سے خطرناک سرگرمیوں کی شناخت کا یہ تصور صرف بہاولپور کے واقعے تک محدود نہیں۔

ستمبر 2026ء میں انتھراپک نے خطرات سے متعلق اپنی ایک تفصیلی رپورٹ جاری کی جس میں بتایا گیا کہ اُس کے نظام اور ماہرین نے مصنوعی ذہانت کو نقصان دہ مقاصد کے لئے استعمال کرنے کی متعدد کوششوں کی شناخت کی۔ اُن میں سائبر حملوں، نگرانی، دھوکا دہی، رائے عامہ پر اثر انداز ہونے کی منظم کوششوں، ہتھیاروں کی تیاری اور حیاتیاتی تحقیق کے ممکنہ غلط استعمال جیسے معاملات شامل تھے۔ ایک معاملے میں کلاڈ کو ہتھیاروں کی تیاری سے متعلق سرگرمی میں استعمال کرنے کی کوشش کی گئی۔ انتھراپک (باقی صفحہ 6 پر بقیہ نمبر 1)

نعمتوں کا دسترخوان اور ناشکرا انسان

تحریر۔ ڈاکٹر سرور حسین

رب کی نعمتوں کا دسترخوان اتنا وسیع ہے کہ اس کے کسی ایک پہلو کا بھی احاطہ کرنا انسانی بساط سے ماورا ہے۔ ہم محض اپنی خواہشات کی تکمیل نہ ہونے پر شکوہ کناں رہتے ہیں لیکن یہ حقیقت ہے کہ اللہ کی نعمتوں کی چاروں سمت بہتات ہمیں دکھائی ہی نہیں دیتی۔ ذرا زمین کو دیکھیے، یہی مٹی، جسے ہم اپنے قدموں تلے روندتے ہیں، اپنے سینے سے گندم، چاول، مکئی، جو، دالیں اور بے شمار اجناس اگاتی ہے۔ اسی مٹی کی آغوش سے انواع و اقسام اور ذائقوں سے بھرے ہوئے پھل ہمیں ملتے ہیں۔ ایک ہی زمین، ایک ہی پانی، ایک ہی سورج؛ مگر ذائقوں اور ہیئتوں میں کیسی حیرت انگیز رنگارنگی۔ کوئی پھل میٹھا ہے، کوئی ترش، کوئی خوشبودار، کوئی رس بھرا، کوئی نرم اور کوئی سخت۔ پھر اسی زمین سے ہماری ضرورت کی سبزیاں بھی حاصل ہوتی ہیں۔ انسان ان کو پیدا کرنے کی قوت نہ رکھنے کے باوجود ان کے مالک بنے ہوئے ہیں۔ قدرت نے انسان کے ذوق، صحت اور ضرورت کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے ایسا دسترخوان سجایا ہے جس کی وسعت کا اندازہ انسان آج تک پوری طرح نہیں کر سکا۔

پھر میوہ جات کو دیکھیے: بادام، اخروٹ، پستہ، کاجو، چلغوزہ، کشمش، انجیر، کھجور اور جانے کیا کیا کچھ۔ یہ محض ذائقے نہیں، قدرت کے خزانے ہیں۔ ایک ننھے سے بیج میں ایک پورے درخت کی زندگی پوشیدہ ہوتی ہے۔ وہ بیج مٹی میں دفن ہوتا ہے اور چند ماہ یا چند برس بعد سایہ، پھل، پھول، لکڑی اور نئی زندگی عطا کرنے والا درخت بن کر سامنے آتا ہے اور انسانوں کے لئے قدرت کے دسترخوان کے بازو پھیلا دیتا ہے۔ انسان کو ایک پھل کی قیمت تو معلوم ہوتی ہے، مگر اس درخت کی نعمت کا احساس نہیں ہوتا جس نے وہ پھل عطا کیا اور اس مالک کی طرف اس کا دھیان بہت کم جاتا ہے جس نے یہ عطا فرمایا۔ ہم پانی کا بل ادا کرتے ہیں، مگر اس بارش کو بھول جاتے ہیں جس نے دریاؤں، نہروں، چشموں اور زیر زمین آبی ذخائر کو زندگی بخشی۔ ہم بجلی کے بل کی فکر کرتے ہیں، مگر اس سورج کی روشنی کو معمولی سمجھ لیتے ہیں جو کروڑوں میل دور رہ کر بھی زمین کو روشنی، حرارت اور زندگی بلا قیمت عطا کر رہا ہے۔

بارش بھی اسی دسترخوان کا ایک حصہ ہے۔ بادل آتے ہیں، آسمان پر پھیلتے ہیں، پھر بوندیں زمین کی طرف اترتی ہیں۔ کوئی بوند پہاڑ پر گرتی ہے، کوئی کھیت پر، کوئی جنگل پر، کوئی دریا میں شامل ہو جاتی ہے اور کوئی زمین کے اندر اتر کر آنے والی نسلوں کے لئے پانی کا ذخیرہ بن جاتی ہے۔ پھر سمندروں کا بے کراں پانی، جس کی وسعت انسانی تصور سے بھی کہیں بڑی ہے۔ سمندر صرف پانی کا نام نہیں؛ ان میں مچھلیاں ہیں، آبی حیات کی بے شمار اقسام ہیں، خوراک کے خزانے ہیں، معدنیات ہیں اور قدرت کے بے شمار راز پوشیدہ ہیں۔ دریا پہاڑوں سے نکلتے ہیں، میدانوں کو سیراب کرتے ہیں، شہروں اور بستیوں کو زندگی دیتے ہیں اور بالآخر سمندر میں جا ملتے ہیں۔

درخت بھی اللہ کے دسترخوان کے خاموش مگر عظیم ستون ہیں۔ وہ ہمیں پھل دیتے ہیں، سایہ دیتے ہیں، لکڑی فراہم کرتے ہیں، پرندوں کو گھر دیتے ہیں، ماحول کا توازن قائم رکھتے ہیں اور ہماری سانسوں کے لئے ضروری آکسیجن کے قدرتی نظام میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ہوا دکھائی نہیں دیتی، مگر زندگی اسی کے سہارے قائم ہے۔ ہم اسے محسوس کرتے ہیں، مگر دیکھ نہیں سکتے۔ کتنی عجیب نعمت ہے کہ انسان جس کے بغیر چند لمحوں سے زیادہ زندہ نہیں رہ سکتا، اسے حاصل کرنے کیلئے اسے کسی دکان کا رخ نہیں کرنا پڑتا۔ نہ کوئی رسید ملتی ہے، نہ کوئی بل، نہ کوئی ٹوکن نہ کوئی چالان۔ روشنی کا معاملہ بھی کچھ ایسا ہی ہے۔ صبح سورج طلوع ہوتا ہے تو دنیا روشن ہو جاتی ہے۔ پرندے اپنے گھونسلوں سے نکلتے ہیں، کھیت جاگ اُٹھتے ہیں، درخت زندگی کی نئی ساعت میں داخل ہوتے ہیں اور انسان اپنے کاموں کیلئے اُٹھ کھڑا ہوتا ہے۔ روشنی نے کبھی کسی انسان سے اپنی قیمت نہیں مانگی۔

انسان کی فطرت ہے کہ وہ نعمت کی قدر اس وقت کرتا ہے جب وہ اس سے محروم ہو جاتا ہے۔ صحت موجود ہو تو اس کا احساس نہیں ہوتا، پانی میسر ہو تو اس کی اہمیت محسوس نہیں ہوتی، بجلی چلی جائے تو روشنی کی قدر معلوم ہوتی ہے۔ درخت سایہ دے رہا ہو تو نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ شاید ناشکری کی سب سے بڑی علامت یہی ہے کہ انسان نعمت کو اپنا حق سمجھ لیتا ہے اور عطا کرنے والے کو بھول جاتا ہے۔ قرآن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ اگر تم اللہ کی نعمتوں کو شمار کرنا چاہو تو انہیں گن نہیں سکتے۔ یہ محض ایک مذہبی تعلیم نہیں، زندگی کا سب سے بڑا شعور ہے۔

شکر کا ایک مفہوم یہ بھی ہے کہ ان کے ضیاع سے بچا جائے، پانی ضائع نہ کیا جائے، زمین کو آلودہ نہ کیا جائے، درخت بے مقصد نہ کاٹے جائیں، خوراک کو برباد نہ کیا جائے، دریاؤں کو گندا نہ کیا جائے، ہوا کو زہر آلود نہ کیا جائے اور اللہ کی عطا کردہ نعمتوں کو دوسروں کے لئے بھی باعث خیر بنایا جائے۔

آج ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم زندگی کو ایک نئے زاویے سے دیکھیں۔ صبح آنکھ کھلے تو یہ احساس کریں کہ ہمیں ایک اور دن عطا ہوا ہے۔ ہر نعمت کا حصول ہمیں خالق نعمت سے قریب کر دے۔ پانی پئیں، پھل کھائیں، درخت کے سائے میں بیٹھیں، ہوا کا جھونکا آئے، بارش برسے اور نعمتوں کے عظیم دسترخوان پر بیٹھیں تو زبانیں شکر سے لبریز ہوں، کیونکہ یہ سب نعمتیں انسان کے لئے ہیں لیکن انسان بندگی اور شکر کے لئے ہے۔ زندگی اس کے دسترخوان کی نعمتوں سے لطف اندوز ہو کر اس کے قریب ہونے کا نام ہے۔ درخت کے ایک پتے سے لے کر سورج کی ایک کرن تک ہر طرف ایک ہی پیغام لکھا ہے کہ اس کا شکر ادا کیا جائے۔ شاید یہی حقیقی بندگی ہے۔

☆☆☆☆

فشریز اینڈ ایکوا کلچر بل 2026 ماہی گیر اور سمندر

تحریر: عبدالوہاب

بلوچستان کی تقریباً 750 کلومیٹر طویل ساحلی پٹی صوبے کی قدرتی دولت کا ایک اہم حصہ ہے، جہاں گوادر، پسنی، اورماڑہ، جیوانی اور دیگر ساحلی علاقوں کے ہزاروں خاندان براہ راست یا بالواسطہ ماہی گیری سے وابستہ ہیں۔ ساحلی آبادی کے لیے سمندر محض آمدن کا ذریعہ نہیں بلکہ ان کی معاشی، سماجی اور ثقافتی زندگی کا بنیادی ستون بھی ہے۔ تاہم غیر قانونی ٹرالنگ، ممنوعہ جالوں کا استعمال، سمندری حیات کے بے دریغ شکار، افزائش نسل کے دوران ماہی گیری، غیر مؤثر انتظام، کشتیوں کی بڑھتی ہوئی تعداد، تحقیق کے فقدان اور مستند ڈیٹا کی کمی اور ماہی گیروں کی امداد کی تقسیم جیسے مسائل نے ماہی گیری کے شعبے کو متعدد چیلنجز سے دوچار کر رکھا ہے۔ ان مسائل کے مستقل حل اور شعبے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے بلوچستان میں قانونی اور انتظامی اصلاحات کا عمل جاری ہے۔ اسی سلسلے میں بلوچستان فشریز اینڈ ایکوا کلچر بل 2026ء پر مشاورت کا عمل جاری ہے، جس میں سرکاری اداروں، ماہی گیروں، ماہرین، متعلقہ اداروں اور اسٹیک ہولڈرز کو شامل کیا جا رہا ہے۔ بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے فشریز کے زیر اہتمام مجوزہ بلوچستان فشریز اینڈ ایکوا کلچر بل 2026ء اور محکمہ فشریز میں اصلاحات کے حوالے سے ایک مشاورتی اجلاس گوادر میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت قائمہ کمیٹی کے چیئرمین اور رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کی۔ اجلاس میں اراکین، صوبائی وزیر، ارکان صوبائی اسمبلی عبدالمجید بادینی اور ظفر آغا، صوبائی سیکرٹری فشریز طارق قمر، ایڈیشنل سیکرٹری قانون، سیکرٹری بلوچستان اسمبلی، چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نورالحق بلوچ، ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمٰن خان، ڈائریکٹر فشریز بلوچستان عتیق اللہ خان، ڈائریکٹر فشریز احمد ندیم سمیت محکمہ فشریز کے حکام، ماہی گیروں، سیاسی و سماجی شخصیات، ماہرین اور دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔

یہ اجلاس اس لحاظ سے بھی اہم تھا کہ صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے فشریز کا اجلاس پہلی مرتبہ کوئٹہ سے باہر گوادر میں منعقد ہوا، جس سے ساحلی علاقوں کے مقامی اسٹیک ہولڈرز کو قانون سازی کے عمل میں براہ راست اپنی آراء، مسائل اور تجاویز پیش کرنے کا موقع ملا۔ اجلاس میں فشریز کے شعبے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے، ماہی گیروں کے حقوق کے تحفظ، سمندری حیات کے تحفظ، ایکوا کلچر کے فروغ اور مؤثر قانونی و انتظامی ڈھانچے کی تشکیل کے حوالے سے تفصیلی غور کیا گیا۔ اس سلسلے میں گزشتہ دو ڈھائی سال کے دوران مختلف اضلاع میں ماہرین، ماہی گیروں اور متعلقہ اداروں کے ساتھ متعدد مشاورتی اجلاس منعقد کیے گئے، جن کی روشنی میں بل کا مسودہ تیار کیا گیا ہے۔ گوادر کا مشاورتی اجلاس بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ اجلاس میں شرکاء نے سمندری وسائل کے تحفظ کے لیے سیزن کلوزر پالیسی مرتب کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔ ماہی گیروں اور ماہرین کی جانب سے یہ تجویز سامنے آئی کہ ماہی گیری پر پابندی محض ایک مقررہ مدت تک محدود رکھنے کے بجائے مختلف اقسام کی مچھلیوں کے افزائشی ادوار اور سائنسی شواہد کی بنیاد پر مرتب کی جائے۔ مختلف اقسام کی مچھلیوں کے افزائشی موسم مختلف ہو سکتے ہیں، اس لیے ایک ہی نوعیت کی پابندی بعض اوقات چھوٹے ماہی گیروں کی معاشی مشکلات میں اضافہ کرسکتی ہے۔ اس کے برعکس سائنسی بنیادوں پر مرحلہ وار پالیسی اختیار کی جائے تو سمندری وسائل اور ماہی گیروں کے روزگار کے درمیان بہتر توازن قائم کیا جا سکتا ہے۔ ماہی گیری کے شعبے کی پائیدار ترقی کے لیے تحقیق اور مستند اعداد و شمار بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ جب تک سمندری حیات، مچھلیوں کے ذخائر، افزائش نسل، نقل و حرکت، شکار کی مقدار اور ماحولیاتی تبدیلیوں کے مسلسل مطالعے کا نظام موجود نہ ہو، کوئی بھی پالیسی مؤثر انداز میں تشکیل دینا مشکل ہوتا ہے۔ اسی تناظر میں محکمہ فشریز کے ریسرچ ونگ کو فعال بنانے اور مستند ڈیٹا جمع کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ ایک فعال تحقیقی نظام کے ذریعے یہ معلوم کیا جا سکتا ہے کہ کون سی مچھلی کس موسم میں افزائش کرتی ہے، سمندری ذخائر کی موجودہ صورتحال کیا ہے اور مختلف علاقوں میں ماہی گیری کی گنجائش کس حد تک موجود ہے۔ میرین بائیولوجسٹس، فشریز سائنسدانوں، ماہرین اور تحقیقی اداروں کے اشتراک سے تحقیقی نظام کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے جو پالیسی سازی اور منصوبہ بندی میں رہنمائی فراہم کرے۔ ماہیگیری کے شعبے میں کشتیوں کی بڑھتی ہوئی تعداد نے بھی سمندری وسائل پر دباؤ میں اضافہ کیا ہے اور شرکاء نے اس کی جانب بھی توجہ دلائی ہے۔ اس لیے کشتیوں کی رجسٹریشن، لائسنسنگ اور نگرانی کا شفاف نظام ناگزیر ہے۔ مستقبل کی پالیسی میں کشتیوں کی تعداد، ماہی گیری کی صلاحیت، سمندری ذخائر اور مقامی ماہی گیروں کے روزگار کو باہم مربوط کر کے ایسا نظام تشکیل دینے کی ضرورت ہے جو سمندری وسائل کے پائیدار استعمال کو یقینی بنا سکے۔ مجوزہ بل کے ساتھ محکمہ فشریز کے انتظامی ڈھانچے میں اصلاحات بھی مشاورتی اجلاس کا اہم موضوع رہیں۔ اجلاس میں مختلف اداروں کے متعلقہ ملازمین کو محکمہ فشریز میں ضم کرنے اور شعبے کی مؤثر نگرانی و ترقی کے لیے ڈائریکٹوریٹ آف ہاربر اینڈ کوسٹل ڈویلپمنٹ، ڈائریکٹوریٹ آف میرین اور ڈائریکٹوریٹ آف ان لینڈ کے قیام کی تجاویز پر تفصیلی غور کیا گیا۔ یہ اصلاحات اس وسیع تر حکمتِ عملی کا حصہ ہیں جس کے ذریعے فشریز کے شعبے کو محض روایتی انتظامی ڈھانچے سے نکال کر ایک منظم، جدید اور تخصصی نظام میں تبدیل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اسی طرح فشریز کونسل کے کردار کو مؤثر بنانے اور مختلف متعلقہ اداروں کے درمیان بہتر رابطہ کاری کی تجاویز بھی سامنے آئیں، تاکہ پالیسی سازی اور عملدرآمد کے درمیان موجود خلا کو کم کیا جا سکے۔ ماہی گیروں نے فشریز فنڈز اور امدادی چیکس کی تقسیم میں شفافیت کو بھی اہم مسئلہ قرار دیا۔ بالخصوص سمندری حادثات میں کشتیوں یا روزگار سے محروم ہونے والے ماہی گیروں کو بروقت اور میرٹ پر مالی معاونت کی فراہمی ضروری ہے۔ اس مقصد کے لیے مستحق ماہی گیروں کا شفاف ریکارڈ، کشتیوں اور ماہی گیروں کی باقاعدہ رجسٹریشن، ڈیجیٹل ڈیٹا اور واضح معیار کے تحت امداد کی تقسیم ایک مؤثر طریقہ ثابت ہوسکتا ہے۔ مالی وسائل کی تقسیم میں شفافیت نہ صرف مستحق افراد تک امداد پہنچانے میں مدد دے گی بلکہ ماہی گیروں کے اعتماد کو بھی مضبوط کرے گی۔

بلوچستان میں فشریز کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے قانونی اصلاحات کے ساتھ ساتھ ایکوا کلچر کے فروغ پر بھی توجہ دی جا رہی ہے۔ ایکوا کلچر کے ذریعے سمندری اور آبی وسائل کا پائیدار استعمال کرنے، متبادل روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور مچھلی کی پیداوار میں اضافے کے امکانات موجود ہیں۔ جدید ٹیکنالوجی، تحقیق، ڈیٹا بیس، بہتر نگرانی، تربیت اور ویلیو ایڈیشن جیسے شعبوں کو فروغ دینا ساحلی معیشت کے لیے اہم ثابت ہوسکتا ہے۔ مجوزہ بل اس حوالے سے قانون سازی کی ایک اہم پیش رفت ہے جس سے ماہی گیری سے وابستہ لوگوں کے بہتر مستقبل کے لیے عملی حرکت اور عملی تجربہ سامنے آئے گا۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے اس موقع پر پرزور انداز میں کہا کہ بل کو حتمی شکل دینے سے قبل تمام اسٹیک ہولڈرز کی آراء کو شامل کیا جائے اور ماہی گیروں کو قانون سازی کا حصہ بنایا جائے تاکہ سمندر اور ماہی گیری کے شعبے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جا سکے۔ اجلاس میں شرکاء کی جانب سے مختلف تجاویز پیش کی گئیں جن کا جائزہ لینے کے بعد انہیں بل کا حصہ بنانے اور سیر حاصل مشاورت کے بعد شرکاء کے تحفظات دور کرنے کو یقینی بنایا گیا۔

کمیونٹی کے شعبے میں پائیدار ترقی، ماہی گیروں کے حقوق کے تحفظ، جدید ٹیکنالوجی کے فروغ اور سمندری و آبی وسائل کے مؤثر انتظام کے لیے ایک جامع اور قابل عمل قانون سازی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ واضح رہے کہ فشریز کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے قانونی اصلاحات اور ایکوا کلچر کے فروغ کے حوالے سے کی گئی تجاویز کو مجوزہ بل میں شامل کرنے کے بعد حتمی مسودہ منظوری کے لیے پیش کیا جائے گا۔ بلوچستان میں ماہی گیری کے شعبے کی ترقی، ماہی گیروں کے حقوق کے تحفظ اور سمندری وسائل کے پائیدار استعمال کو یقینی بنانے کے لیے مشاورتی عمل کو مزید وسعت دی جائے گی۔ یہ امید کی جا رہی ہے کہ یہ قانون ساحلی معیشت کی مضبوطی اور ماہی گیروں کی خوشحالی میں اہم کردار ادا کرے گا۔

☆☆☆

سونا اگلتی سرزمین، پانی کی پیاسی

تحریر۔ سیدہ سحر

کیا ستم ہو کہ سونا اگلتی زمین کے ہزاروں گھروں میں پانی کے چراغ جہاں معدنیات کے معصوم شہری صاف پانی کو ترستے ہوں۔ بلوچستان جو کہ قدرتی وسائل سے مالا مال ہے، جہاں پہاڑ سونا اگلتے ہیں، چاندی، تانبے اور گیس جیسی معدنیات موجود ہیں، وہاں آج بھی لوگ پینے کے صاف پانی کو ترس رہے ہیں۔ یہ وہ دھرتی ہے جہاں ریکوڈک جیسا منصوبہ دنیا کی توجہ کا مرکز ہے، مگر یہاں کے باسیوں کو پانی جیسی بنیادی سہولت میسر نہیں۔ یہ تضاد ہمارے ذہن میں ایک سوال کو جنم دیتا ہے کہ کیا معدنی دولت کا فائدہ یہاں کے عام لوگوں تک پہنچتا ہے؟ یہاں بات اپنے اندر ایک المیہ لیے ہوئے ہے کہ یہاں کے لوگ آج بھی گندا پانی پینے پر مجبور ہیں، جس کے باعث مختلف بیماریاں جنم لے رہی ہیں۔ کئی علاقوں میں خواتین اور بچے میلوں کا سفر طے کر کے پانی لاتے ہیں۔ 2024 میں شائع ہونے والی ایک رپورٹ کے مطابق صوبے کی بڑی آبادی صاف پانی سے محروم ہے۔ 2025 میں بھی صورتحال میں کوئی خاص تبدیلی نہیں آئی۔ سوال یہ ہے کہ آخر کب تک یہ صورتحال برقرار رہے گی؟

باقی رہتا ہے کہ کیا چند منصوبے ملک کے سب سے بڑے صوبے کے ہر ضلع کی پانی کی ضرورت پوری کرسکتے ہیں؟ صاف پانی کی عدم دستیابی صرف پیاس کا مسئلہ نہیں بلکہ صحت کا بھی ایک سنگین بحران ہے۔ آلودہ پانی کے استعمال سے ہیپاٹائٹس، ٹائیفائیڈ، ہیضہ اور جلدی بیماریاں عام ہیں۔ صحت عامہ کے ماہرین کے مطابق بلوچستان میں بچوں کی ایک بڑی تعداد پانی سے پیدا ہونے والی بیماریوں کا شکار ہوتی ہے۔ زیر زمین پانی کی سطح مسلسل گر رہی ہے اور ڈیمز کی کمی کے باعث بارش کا پانی ضائع ہو جاتا ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ ہر ضلع میں واٹر فلٹریشن پلانٹس لگائے جائیں، چھوٹے ڈیمز تعمیر کیے جائیں اور پانی کے ذخائر کو محفوظ بنانے کے لیے طویل المدتی منصوبہ بندی کی جائے۔ معدنی وسائل سے حاصل ہونے والی آمدن کا ایک حصہ یہاں کے لوگوں کی بنیادی سہولیات پر خرچ ہونا چاہیے۔ یہ ہم سب کا حق ہے کہ ہر شہری کو صاف پانی میسر ہو، کیونکہ پانی ہی زندگی ہے۔ صاف پانی کی فراہمی کوئی احسان نہیں بلکہ ہر انسان کا بنیادی حق ہے اور اس حق کی فراہمی کے لیے فوری اقدامات ناگزیر ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆ صوبائی وزراء میر سلیم احمد خان کھوسہ، میر شعیب نوشیروانی، پارلیمانی سیکرٹریز میر عبیداللہ گورگیج، حاجی عبدالمجید بادینی، حاجی محمد خان لہڑی اراکین صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل، فرح عظیم شاہ اور سلمیٰ کاکڑ اسمبلی اجلاس میں بات چیت کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆☆☆

شہریوں کو اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرنا ہوگا، ترجمان واسا

محدود وسائل میں رہتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے انجام دے رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) واسا کی کارکردگی کے خلاف سوشل میڈیا کے ایک پیج پر بلاجواز تنقید کر کے سستی شہرت حاصل کرنے کی کوشش کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ واسا حکام نے سوشل میڈیا پر نام نہاد صافی کی جانب سے لگائے جانے والے الزامات کو مکمل طور پر مسترد کرتے ہوئے اسے حقائق کے منافی اور گمراہ کن قرار دیا ہے۔ ترجمان واسا کے مطابق ایک سال سے نان کیڈر افسر کی تعیناتی اور پانی کے بحران سے متعلق لگائے گئے الزامات بے بنیاد ہیں اور ادارے کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی کوشش ہیں۔ ترجمان نے واضح کیا کہ کوئٹہ میں پانی کی قلت ایک دیرینہ اور پیچیدہ مسئلہ ہے جس کی بنیادی وجوہات میں زیرزمین پانی کی سطح میں مسلسل کمی، بڑھتی ہوئی آبادی اور محدود وسائل شامل ہیں۔ ان چیلنجز کے باوجود واسا اپنے دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے شہریوں کو پانی کی فراہمی کے لیے بھرپور اقدامات کر رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ تاثر دینا کہ شہر کو ٹینکر مافیا کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے، درست نہیں۔ واسا کی جانب سے باقاعدہ شیڈول کے تحت مختلف علاقوں میں پانی کی فراہمی جاری ہے جبکہ ہنگامی بنیادوں پر ٹینکر سروس بھی فراہم کی جا رہی ہے۔ ترجمان واسا نے اس امر پر بھی تشویش کا اظہار کیا کہ صارفین کی ایک بڑی تعداد پانی کے واجبات ادا نہیں کر رہی، جس کے باعث ادارے کو شدید مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ ان کے مطابق شہریوں کے ذمے کروڑوں روپے کے بقایاجات ہیں، جس سے نظام کی بہتری اور فراہمی آب کے منصوبوں پر براہ راست اثر پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان مشکل حالات کے باوجود واسا کے ملازمین محدود وسائل میں رہتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے انجام دے رہے ہیں اور شہر میں پانی کی فراہمی کو بہتر بنانے کے لیے مسلسل کوشاں ہیں۔ واسا حکام نے واضح کیا کہ ادارے کی کارکردگی کو بلاجواز تنقید کا نشانہ بنانے کے بجائے شہریوں کو بھی اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرنا ہوگا، بالخصوص واجبات کی ادائیگی کو یقینی بنانا ہوگا تاکہ پانی کی فراہمی کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جا سکے۔

صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ اسمبلی اجلاس میں پیش کی گئی مسودہ قانون سے متعلق تحریک پیش کر رہے ہیں

تعلیم و تربیت کے لیے اساتذہ کا کردار ناگزیر ہے، حمیرا بلوچ

اوتھل (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا اور ڈی سی لسبیلہ حمیرا بلوچ کے احکامات کی روشنی میں کو ڈویژنل ہیڈکوارٹر اوتھل سمیت ضلع لسبیلہ کے مختلف بوائز و گرلز اسکولوں میں عالمی یوم اساتذہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لسبیلہ مسعود حلیم کی سربراہی میں شایانِ شان طریقے سے منایا گیا۔ اس موقع پر اساتذہ کی تعلیمی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا گیا اور معاشرے کی تعمیر و ترقی میں ان کے اہم کردار کو اجاگر کیا گیا۔ کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے اساتذہ کو قوم کا معمار قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایک باشعور، تعلیم یافتہ اور ترقی یافتہ معاشرے کی تشکیل میں اساتذہ کا کردار کلیدی اہمیت کا حامل ہے۔ یوم اساتذہ کے موقع پر اساتذہ کی محنت، لگن اور تعلیمی میدان میں ان کی گراں قدر خدمات کو سراہا گیا۔ اس عزم کا اظہار بھی کیا گیا ہے معیاری تعلیم کے فروغ اور طلبہ کی بہتر تربیت کے لیے اساتذہ اپنی ذمہ داریاں مزید محنت، خلوص اور لگن کے ساتھ ادا کرتے رہیں گے۔ اس موقع پر ڈی سی حمیرا بلوچ اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لسبیلہ مسعود حلیم کی جانب سے اساتذہ کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے تعلیمی معیار کی بہتری اور نئی نسل کی بہترین تعلیم و تربیت کے لیے اساتذہ کے کردار کو ناگزیر قرار دیا گیا۔

تصدیق نہ کروانے والے مائن سردار کا سرٹیفکیٹ جعلی تصور کیا جائے گا، ترجمان انسپکٹریٹ

شاہرگ ہرنائی (خ ن) بورڈ آف ایگزامنرز بلوچستان کے خصوصی فیصلے کی روشنی میں انسپکٹریٹ آف مائنز، دفتر انسپکٹر آف مائنز شاہرگ کی جانب سے ضلع ہرنائی میں کام کرنے والے تمام مائن سرداروں کے سرٹیفکیٹس کی تصدیق کے لیے ایک اہم اور ہنگامی عوامی اطلاع (Public Notice) جاری کی گئی ہے۔ ترجمان انسپکٹریٹ آف مائنز شاہرگ کے مطابق، تمام مائن سردار خواہ وہ کسی کمپنی یا ٹھیکیدار کے ساتھ منسلک ہوں یا اس وقت بلا روزگار ہوں ان تمام پر لازم ہے کہ وہ اگلے 3 ایام کے اندر اندر اپنے تمام ترکوائف دفتر انسپکٹر آف مائنز ضلع ہرنائی میں ذاتی طور پر حاضر ہو کر جمع کروائیں۔ جمع شدہ تمام ریکارڈ کو بروقت تصدیق کے لیے دفتر چیف انسپکٹر آف مائنز بلوچستان ارسال کیا جائے گا۔ تصدیقی عمل کے لیے تمام مائن سرداروں کو مندرجہ ذیل دستاویزات کا ساتھ لانا ضروری قرار دیا گیا ہے مائن سردار سرٹیفکیٹ کی کاپی قومی شناختی کارڈ کی کاپی موجودہ کان، کمپنی یا ٹھیکیدار کی تفصیلی معلومات (اگر فعال طور پر کام کر رہے ہوں) انسپکٹریٹ آف مائنز نے واضح انتباہ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ مقررہ وقت کے بعد کسی بھی قسم کی تاخیر یا عدم تعمیل کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ مائن سردار پر عائد ہوگی اور انہیں کسی بھی کان (مائن) میں کام کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ مزید برآں، تصدیق نہ کروانے والے مائن سردار کا سرٹیفکیٹ جعلی تصور کیا جائے گا، اور ایسے غیر تصدیق شدہ افراد کو ملازمت دینے والی کمپنیوں اور ٹھیکیداروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

اساتذہ کا احترام ہماری تہذیب اور معاشرتی اقدار کا اہم حصہ ہے، عائشہ زہری

استاد معاشرے کا وہ معمار ہے جو قوم کے مستقبل کی بنیاد مضبوط کرتا ہے، تقریب سے خطاب

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری نے کہا ہے کہ استاد معاشرے کا وہ معمار ہے جو قوم کے مستقبل کی بنیاد مضبوط کرتا ہے۔ ایک استاد صرف کتابوں کا علم نہیں دیتا بلکہ طلبہ کی شخصیت، کردار، سوچ اور صلاحیتوں کو نکھار کر انہیں عملی زندگی کے لیے تیار کرتا ہے۔ یہ بات انہوں نے انٹرنیشنل ٹیچر ڈے کے حوالے سے ڈسٹرکٹ کونسل ہال قلات میں منعقدہ پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ دنیا میں جتنی بھی ترقی ہوئی ہے اور سائنس و ٹیکنالوجی کے میدان میں جتنی بھی نئی ایجادات سامنے آئی ہیں، ان سب کے پیچھے تعلیم اور اساتذہ کی محنت کا بنیادی کردار ہے۔ آج ہم میں سے ہر شخص اپنی کامیابی کے سفر میں اپنے اساتذہ کی محنت اور رہنمائی کا مقروض ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ اساتذہ کا احترام ہماری تہذیب اور معاشرتی اقدار کا اہم حصہ ہے۔ والدین بچے کو زندگی دیتے ہیں، جبکہ استاد اسے زندگی گزارنے کا سلیقہ، شعور اور علم عطا کرتا ہے۔ اس لیے استاد کی عزت و احترام دراصل علم اور مستقبل کی عزت ہے۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے یوم اساتذہ کے موقع پر تمام اساتذہ کرام کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ نسلوں کی تعمیر کا عظیم فریضہ انجام دے رہے ہیں اور ان کی خدمات کو جتنا بھی سراہا جائے کم ہے تقریب میں اسکولوں کے طلبہ و طالبات نے استاد کی عظمت و شان اور معاشرے کی تعمیر و ترقی میں اساتذہ کے کردار کے حوالے سے اردو اور انگریزی زبان میں تقاریر پیش کیں۔

بارکھان میں ٹیچر ڈے کے موقع پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد

بارکھان (خ ن) گورنمنٹ بوائز ماڈل سکول مدینہ مسجد بارکھان میں ٹیچر ڈے کے موقع پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں اسسٹنٹ کمشنر احسان الدین کاکڑ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر بہادر شاہ ناصر، ہیڈ ماسٹر نور احمد کھیتران، وڈیرہ عبدالغفار کھیتران، اساتذہ کرام اور طلبہ نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران طلبہ نے اساتذہ کی عظمت و احترام، علاقائی رقص اور چاروں صوبوں کی ثقافت پر مبنی مختلف پروگرام پیش کیے۔ نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ میں نقد انعامات بھی تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر مقررین نے اساتذہ کو معاشرے کا معمار قرار دیتے ہوئے کہا کہ معیاری تعلیم کے فروغ، طلبہ کی کردار سازی اور ایک بہتر معاشرے کی تشکیل میں اساتذہ کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔

اساتذہ و طلبہ کے لیے تربیتی سلسلہ جاری رکھا جائے گا، صالح محمد ناصر

طالب علم آٹو میکینک ٹریڈ میں محض نظریاتی علم تک محدود نہ رہیں، سیکرٹری لیبر

حب (آن لائن) بلوچستان میں ٹیکنیکل تعلیم اور نوجوانوں کو جدید ہنر فراہم کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (بی ٹیوٹا) اور پاک سوزوکی موٹر کمپنی کے درمیان تکنیکی تعاون کا ایک معاہدہ طے پا گیا ہے۔ اس معاہدے کا بنیادی مقصد صوبے کے نوجوانوں کو آٹو مینوفیکچرنگ اور آٹو میکینک کی جدید ترین عملی تربیت فراہم کرنا ہے۔ اس معاہدے پر ایم ڈی بی ٹیوٹا عبدالکبیر خان زرکون اور پاک سوزوکی کمپنی کے ڈپٹی ایم ڈی (Yoshitaka Oishi) نے دستخط کیے۔ تقریب کے اہم مہمان سیکرٹری لیبر اینڈ مین پاور صالح محمد ناصر تھے، جبکہ اس موقع پر بی ٹیوٹا کے ڈائریکٹرز، اسسٹنٹ ڈائریکٹرز اور پاک سوزوکی کمپنی کے اعلیٰ حکام نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی۔ معاہدے کے پہلے مرحلے کے تحت پاک سوزوکی کمپنی نے بی ٹیوٹا کے مختلف ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹرز کے لیے 12 جدید ترین گاڑیوں کے انجن فراہم کر دیے ہیں، تاکہ طالب علم آٹو میکینک ٹریڈ میں محض نظریاتی علم تک محدود نہ رہیں بلکہ ان انجنوں پر براہ راست عملی مشق کر سکیں۔ اس شراکت داری کے اگلے مرحلے میں پاک سوزوکی کمپنی بی ٹیوٹا کے آٹو میکینک انسٹرکٹرز کی قابلیت میں اضافے کے لیے انہیں خصوصی ٹریننگ دے گی۔ ان سیشنز کے ذریعے اساتذہ کو آٹو موبائل کی دنیا میں آنے والی نئی ٹیکنالوجی سے آراستہ کیا جائے گا تاکہ وہ طالب علموں کو انڈسٹری کے جدید ترین معیار کے مطابق تربیت دے سکیں۔ دونوں اداروں نے عزم ظاہر کیا ہے کہ آئندہ بھی اس قسم کا باہمی تعاون اور اساتذہ و طلبہ کے لیے تربیتی سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

صحبت پور، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے سروے سینٹرز کی بندش

مستحق خواتین کے لیے انتظار کرنا انتہائی دشوار ہو جاتا ہے، حکام بالا نوٹس لیں

صحبت پور (آن لائن) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے سروے سینٹرز کی بندش اور ناکافی سہولیات پر عوامی ہاؤس کا اظہار تشویش، مزید مراکز کھولنے کا مطالبہ عوامی ہاس کے ترجمان محمد رفیق کھوسہ نے کہا ہے کہ ضلع صحبت پور میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ڈائریکٹر کی مبینہ من مانی عروج پر پہنچ گئی ہے۔ سروے سینٹر فرید آباد اور مانجھی پور کو بند کرنے کا اقدام عوام کے ساتھ ناانصافی کے مترادف ہے۔ ایک طرف عوام کو سہولیات فراہم کرنے کے بجائے موجودہ مراکز بند کیے جا رہے ہیں، جبکہ دوسری جانب عوامی ضرورت کے پیش نظر مزید سروے سینٹرز کھولنے کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی ہاس کی جانب سے ضلع صحبت پور میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے مزید سروے سینٹرز کے قیام کے لیے جدوجہد جاری ہے۔ سعید آباد، تحصیل پہنور سنہڑی اور تحصیل جیا خان میں نئے مراکز قائم کیے جائیں تاکہ خواتین کو اپنے علاقوں میں ہی سروے اور دیگر ضروری امور کی سہولت میسر آ سکے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع کی بڑھتی ہوئی آبادی اور مستحق خواتین کی بڑی تعداد کے پیش نظر کم از کم پانچ سروے سینٹرز قائم کیے جائیں تاکہ دور دراز علاقوں سے آنے والی خواتین کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے محمد رفیق کھوسہ نے صحبت پور میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ضلعی دفتر کی ناکافی سہولیات پر بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دفتر میں صرف دو چھوٹے کمرے اور ایک اسٹور نما کمرہ موجود ہے، جہاں بڑی تعداد میں خواتین کے آنے سے شدید رش، حبس اور جگہ کی کمی کے باعث انہیں سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ خاص طور پر بزرگ خواتین اور دور دراز علاقوں سے آنے والی مستحق خواتین کے لیے انتظار کرنا انتہائی دشوار ہو جاتا ہے، مگر اس مسئلے کے حل کے لیے خاطر خواہ انتظامات نظر نہیں آتے۔ انہوں نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ڈائریکٹر جنرل سے مطالبہ کیا کہ وہ ضلع صحبت پور میں سروے سینٹرز کی بندش، ضلعی دفتر میں سہولیات کی کمی اور خواتین کو درپیش مشکلات کا فوری نوٹس لیں، فرید آباد اور مانجھی پور کے سروے سینٹرز بحال کیے جائیں اور آبادی کے تناسب سے نئے مراکز قائم کر کے مستحق خواتین کو سہولیات فراہم کی جائیں تاکہ انہیں سرکاری امدادی پروگرام سے مستفید ہونے کے لیے غیر ضروری پریشانیوں اور سفری اخراجات سے بچایا جا سکے۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا اسمبلی اجلاس کے بعد طلباء و طالبات کے ہمراہ گروپ فوٹو

ضلعی انتظامیہ کا شہر میں تندوروں کے خلاف کریک ڈاؤن، 22 گرفتار

کوئٹہ (خ ن) ضلعی انتظامیہ کا شہر میں تندوروں کے خلاف کریک ڈاؤن، 22 افراد گرفتار تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایات پر ضلعی انتظامیہ کوئٹہ نے شہر کے مختلف علاقوں میں وزن میں کمی اور مقررہ نرخوں کی خلاف ورزی کرنے والے تندوروں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا۔ اس سلسلے میں مشرقی بائی پاس، سب ڈویژن سریاب، سیٹلائٹ ٹاؤن اور سب ڈویژن سٹی کے مختلف علاقوں میں پرائس کنٹرول کارروائیاں کی گئیں، جہاں مقررہ وزن سے کم روٹی فراہم کرنے والے تندور مالکان اور ذمہ دار افراد کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی۔ ان کارروائیوں کے دوران 22 افراد کو گرفتار کر کے مزید قانونی کارروائی کے لیے جیل منتقل کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے واضح کیا کہ عوام کو مقررہ نرخوں پر مقررہ وزن کی روٹی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے پرائس کنٹرول قوانین پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے گا، جبکہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی۔

عوام کے حقیقی مسائل کو ہر متعلقہ فورم پر اجاگر کیا جائے گا، جمعیت کوئٹہ

ترقی کے مواقع فراہم کرنا ریاست اور حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کی صوبائی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع کی زیر صدارت صوبائی سیکرٹریٹ جناح ٹاؤن میں منعقد ہوا، جس میں صوبے کی موجودہ سیاسی، انتظامی اور تنظیمی صورتحال، مرکزی جماعتی فیصلوں پر عملدرآمد، اضلاع کی تنظیمی کارکردگی اور آئندہ کی سیاسی و جماعتی حکمت عملی پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں مرکزی مجلس عاملہ کے فیصلوں کی روشنی میں صوبے میں عملی اقدامات کو آگے بڑھانے کے لیے اہم مشاورت اور متعدد اہم فیصلے کیے گئے، جبکہ مختلف اضلاع کی جانب سے پیش کی جانے والی تجاویز، تنظیمی مسائل اور جماعتی سرگرمیوں کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام بلوچستان میں ایک منظم، فعال اور عوام سے جڑی ہوئی سیاسی و دینی جماعت کی حیثیت سے اپنی ذمہ داریاں پوری کرتی رہے گی، موجودہ حالات میں جماعتی نظم و ضبط، کارکنوں کی تربیت اور عوام کے ساتھ مسلسل رابطہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو درپیش سیاسی، معاشی اور انتظامی مسائل پر خاموش نہیں بیٹھا جا سکتا، جمعیت علماء اسلام نے ہمیشہ عوام کے حقوق، آئین و قانون کی بالادستی، جمہوری عمل اور بلوچستان کے جائز حقوق کے لیے اصولی مؤقف اختیار کیا ہے اور آئندہ بھی ہر فورم پر بلوچستان کے عوام کی مؤثر ترجمانی کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ غیر یقینی سیاسی صورتحال نے صوبے کے عوام میں شدید بے چینی پیدا کر دی ہے، عوام کو ان کے بنیادی حقوق، روزگار، امن، تعلیم، صحت اور ترقی کے مواقع فراہم کرنا ریاست اور حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ بلوچستان کے وسائل اور اختیارات کے حوالے سے کسی بھی ایسے فیصلے کو قبول نہیں کیا جائے گا جس میں صوبے کے عوام کے مفادات کو نظرانداز کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام عوامی مینڈیٹ، جمہوری اقدار اور آئینی حقوق پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گی اور عوام کے حقیقی مسائل کو ہر متعلقہ فورم پر اجاگر کیا جائے گا۔ اجلاس میں صوبے بھر میں جماعتی اور تنظیمی سرگرمیوں کو مزید فعال، منظم اور مؤثر بنانے کے لیے مختلف اضلاع میں ورکرز کنونشنز، تربیتی کنونشنز اور تنظیمی اجتماعات منعقد کرنے پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ صوبائی امیر نے ضلعی تنظیموں کو ہدایت کی کہ وہ کارکنوں کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہیں، تنظیمی ڈھانچے کو مضبوط بنائیں اور عوامی مسائل کو جماعتی سطح پر اجاگر کرنے کے لیے فعال کردار ادا کریں۔ اجلاس میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ کارکن جماعت کا اصل سرمایہ ہیں اس لیے ان کی سیاسی، فکری اور تنظیمی تربیت کو خصوصی اہمیت دی جائے۔ اجلاس میں مختلف اضلاع کی جانب سے پیش کی جانے والی تجاویز کا جائزہ لیتے ہوئے تنظیمی امور میں موجود کمزوریوں اور رکاوٹوں کو دور کرنے، اضلاع کے درمیان رابطہ مزید مضبوط بنانے اور جماعتی سرگرمیوں میں تسلسل پیدا کرنے کے حوالے سے بھی اہم امور زیر بحث آئے۔

علاقائی ترقی کے لیے عملی اقدامات ناگزیر ہیں، امیر حمزہ زہری

ترقیاتی اور بلدیاتی امور میں عوامی ضروریات کو خصوصی طور پر مدنظر رکھا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا ہے کہ عوام کو درپیش مسائل کا بروقت ازالہ اور علاقائی ترقی کے لیے عملی اقدامات ناگزیر ہیں، حکومت عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو ترجیح دے رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جھالاوان ہاؤس کوئٹہ میں چیئرمین میونسپل کمیٹی قلات نوابزادہ میر شعیب جان زہری، سردار علی محمد جتک، میر محمد اکبر جتک، میر محمد عالم زہری، موسیانی، سردار شائستہ خان عمرانی، چیف آفیسر خضدار وڈیرہ صالح جاموٹ سمیت دیگر قبائلی عمائدین اور سیاسی رہنماؤں سے الگ الگ ملاقاتوں کے دوران کیا ملاقاتوں میں وفود نے اپنے اپنے علاقوں کو درپیش بنیادی، علاقائی اور بلدیاتی مسائل سے صوبائی مشیر کو آگاہ کیا۔ اس موقع پر سڑکوں کی تعمیر و مرمت، صاف پانی کی فراہمی، نکاسی آب، صفائی ستھرائی، بلدیاتی سہولیات اور دیگر عوامی نوعیت کے مسائل سمیت مختلف امور زیر بحث آئے صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ ہر شہری کے مسائل کے حل کے لیے ہمارے دروازے بلا تفریق کھلے ہیں، عوامی خدمت محض ذمہ داری نہیں بلکہ حکومت کی بنیادی ترجیحات میں شامل ہے۔ حکومت بلدیاتی اداروں کو فعال اور مؤثر بنانے، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ عوام اپنے مسائل اور تجاویز براہ راست متعلقہ فورمز تک پہنچائیں تاکہ ان کے حل کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائے جا سکیں۔ عوامی نوعیت کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر متعلقہ محکموں کے ذریعے حل کرنے کی کوشش کی جائے گی جبکہ ترقیاتی اور بلدیاتی امور میں عوامی ضروریات کو خصوصی طور پر مدنظر رکھا جائے گا۔ اس موقع پر سیاسی و قبائلی عمائدین اور وفود نے عوامی مسائل سننے اور ان کے حل کے لیے تعاون کی یقین دہانی پر صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری کا شکریہ ادا کیا۔

فیکٹریوں میں انسانوں کے بعد روبوٹس کا راج، دنیا بھر میں تعداد 50 لاکھ سے بڑھ گئی

لاہور (این این آئی) مصنوعی ذہانت کے بڑھتے استعمال اور سپلائی چین کی تنظیم نو کے باعث دنیا بھر میں فیکٹری آٹومیشن میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، عالمی سطح پر فعال صنعتی روبوٹس کی تعداد گزشتہ سال 50 لاکھ سے تجاوز کر گئی۔ بین الاقوامی فیڈریشن آف روبوٹکس کی رپورٹ کے مطابق فعال صنعتی روبوٹس کی تعداد سالانہ بنیاد پر 9 فیصد بڑھی، جبکہ دنیا بھر میں نئے روبوٹس کی تنصیب 11 فیصد اضافے سے 6 لاکھ سے زیادہ یونٹس تک پہنچ گئی۔ رپورٹ کے مطابق چین نے صنعتی روبوٹس کی تنصیب میں نمایاں برتری برقرار رکھی، جہاں گزشتہ سال نئے روبوٹس کی تنصیب 20 فیصد اضافے سے 3 لاکھ 54 ہزار یونٹس رہی، جو دنیا بھر میں ہونے والی مجموعی تنصیبات کا 59 فیصد ہے۔ چین میں مقامی کمپنیوں نے صنعتی روبوٹ مارکیٹ کا 55 فیصد حصہ حاصل کیا۔ امریکہ 38 ہزار 500 نئے روبوٹس کی تنصیب کے ساتھ دوسرے نمبر پر آ گیا، جہاں سالانہ تنصیبات میں 12 فیصد اضافہ ہوا۔ جاپان 36 ہزار 219 یونٹس کی تنصیب کے ساتھ 19 فیصد کمی کے بعد دوسرے سے تیسرے نمبر پر آ گیا۔



اسپیکر بلوچستان صوبائی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت صوبائی وزراء، حاجی نور محمد دمڑ، حاجی علی مدد جتک، اراکین صوبائی اسمبلی عزیزہ زہری، حاجی میر زابد علی ریکی، شاہدہ رؤف اور مولانا ہدایت الرحمٰن اسمبلی اجلاس میں پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کر رہے ہیں

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان بلوچستان سول سروسز اکیڈمی کی ایگزیکٹو کمیٹی کے آٹھویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بقیہ 1

کے مطابق اندرونی تحقیقات کے نتیجے میں متعلقہ سرگرمی کی شناخت ہوئی، اکاؤنٹس بند کیے گئے اور خطرے سے متعلق معلومات متعلقہ سرکاری اور نجی اداروں کے ساتھ شیئر کی گئیں۔ یہ واقعات ہمیں مصنوعی ذہانت کا ایک ایسا پہلو دکھاتے ہیں جس کا ذکر کم ہوتا ہے۔ دنیا کے بہترین دماغ صرف زیادہ ذہین مصنوعی ذہانت بنانے میں مصروف نہیں، اس ٹیکنالوجی کی بے پناہ صلاحیتوں کے ساتھ پیدا ہونے والے ممکنہ خطرات کو سمجھنے اور اُن کا مقابلہ کرنے کیلئے بھی حفاظتی حصار تعمیر کیے جا رہے ہیں۔ خطرناک سوالات اور سرگرمیوں کی شناخت کرنے والے نظام، مسلسل نگرانی، ماہرین کے ذریعے جانچ، حفاظتی آزمائشیں اور مشکوک اکاؤنٹس کے خلاف کارروائی اِسی بڑے نظام کے عملی پہلو ہیں۔ انتھراپک نے اپنی سماجی ذمہ داریوں سے متعلق پالیسی میں ایسے خطرات کو باقاعدہ موضوع بنایا ہے جو مستقبل میں زیادہ طاقتور مصنوعی ذہانت کے نتیجے میں پیدا ہو سکتے ہیں، ان میں کیمیائی اور حیاتیاتی ہتھیاروں سے لیکر بڑے پیمانے کے سائبر خطرات اور انتہائی ترقی یافتہ مصنوعی ذہانت سے پیدا ہونے والے تباہ کن امکانات تک شامل ہیں۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ مصنوعی ذہانت کے تمام خطرات ختم ہو گئے ہیں۔ خود مصنوعی ذہانت بنانے والی کمپنیاں تسلیم کرتی ہیں کہ کوئی حفاظتی نظام کامل نہیں۔ نقصان دہ مقاصد رکھنے والے لوگ حفاظتی رکاوٹوں کو عبور کرنے کے نئے طریقے تلاش کرتے رہتے ہیں اور اسی لئے اِن نظاموں کو مسلسل بہتر کرنا پڑتا ہے۔ مصنوعی ذہانت کے بارے میں ہمارا زیادہ تر بیانیہ اس خوف کے گرد گھومتا رہا ہے کہ کہیں یہ ٹیکنالوجی ایک دن انسان کیلئے خطرہ نہ بن جائے۔ یہ خدشہ اپنی جگہ اہم ہے اور اسے نظرانداز نہیں کیا جا سکتا لیکن اسی کے ساتھ ہمیں یہ بھی دیکھنا ہوگا، کیا مصنوعی ذہانت بنانے والے ماہرین نے ممکنہ خطرات سے بچاؤ کے لئے ایسے حفاظتی نظام بنانے کی کوشش بھی کی ہے جو غلط استعمال کی شناخت اور انسانی نقصان کی روک تھام میں کردار ادا کر سکیں؟ مستقبل میں مصنوعی ذہانت کی سب سے بڑی کامیابی صرف یہ نہیں ہوگی کہ وہ انسان کی طرح سوچنے، لکھنے، تحقیق کرنے یا پیچیدہ مسائل حل کرنے کے قابل ہو جائے بلکہ اصل کامیابی یہ ہوگی کہ جتنی طاقت ہم مصنوعی ذہانت کو دیتے جائیں، اُتنی ہی دانشمندی سے اس طاقت کے گرد انسانی زندگی اور بالآخر انسانیت کی بقاء کے لئے حفاظتی حصار بھی تعمیر کرتے جائیں۔ اس سوال کا جواب خود مصنوعی ذہانت میں نہیں، بلکہ اُن انسانی دماغوں، اخلاقی اصولوں اور حفاظتی نظاموں میں ہے جو اس کے پیچھے کھڑے ہیں۔

بقیہ 2

اور ذیلی اداروں کو مالیاتی خدمات فراہم کرنا بھی پابندیوں کا باعث بن سکتا ہے۔ اس کے علاوہ ایسے معاملات میں امریکی مالیاتی اداروں یا امریکی افراد کو پابندیوں کی خلاف ورزی کا سبب بننے پر متعلقہ اداروں کو سول اور فوجداری کارروائی کا سامنا بھی ہو سکتا ہے۔ امریکا نے ایران پر معاشی دباؤ بڑھانے کیلئے حالیہ دنوں میں پابندیوں کا دائرہ مزید وسیع کیا ہے۔ یکم اکتوبر کو امریکی محکمہ خزانہ نے ایران کے آٹو موبائل، ریلوے، مینوفیکچرنگ اور اسٹیل سے متعلق نیٹ ورکس کو بھی نشانہ بنایا تھا جبکہ اس سے قبل ایرانی مالیاتی اور اسلحہ سازی کے نیٹ ورکس کے خلاف بھی کارروائیاں کی جا چکی ہیں۔ امریکی حکومت کا کہنا تھا کہ اس مہم کا مقصد ایران کی ان مالیاتی اور تجارتی سرگرمیوں کو محدود کرنا ہے جن کے ذریعے تہران امریکی پابندیوں سے بچنے یا اپنی آمدنی اور مالی وسائل منتقل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اس پالیسی کے تحت واشنگٹن غیرملکی بینکوں اور کمپنیوں پر بھی دباؤ بڑھا رہا ہے تاکہ وہ ایرانی مالیاتی اداروں کے ساتھ کاروباری روابط ختم کریں۔

بقیہ 3

پیچیدہ طبی معائنے کے دوران ان کے پیٹ میں 28 کلوگرام سے زیادہ وزنی رسولی کی موجودگی کا انکشاف ہوا۔ کینسر کے شعبے سے مشاورت کے بعد ڈاکٹروں نے خاتون کی پرخطر سرجری کرنے کا فیصلہ کیا، جنرل سرجری کے سینئر پروفیسر ڈاکٹر جیون کنکاریا کی سربراہی میں آپریشن کیا گیا۔ ڈاکٹروں کے مطابق رسولی کے سامنے یوریٹر موجود تھا، جس کے باعث اسے محفوظ رکھتے ہوئے رسولی کو الگ کرنا انتہائی مشکل تھا، رسولی آنتوں، جگر، لبلبے، مثانے اور بڑی شریانوں سے بھی جڑی ہوئی تھی۔ ڈاکٹروں نے انتہائی احتیاط سے رسولی کو اہم اعضا اور خون کی بڑی شریانوں سے الگ کیا اور تقریباً 3 گھنٹے کی سرجری کے بعد 28.6 کلو وزنی رسولی کامیابی سے نکال لی۔ سرجری کے بعد خاتون کو نگرانی کے لیے انتہائی نگہداشت کے یونٹ منتقل کیا گیا، جہاں ان کی حالت مستحکم رہی، بعدازاں انہیں وارڈ منتقل کر دیا گیا اور ان کی صحت یابی کو اطمینان بخش قرار دیا گیا۔

بقیہ 4

میں 2 پائلٹ، 2 طبی اہلکار، ایک مریض اور اس کا ایک رشتہ دار موجود تھا۔ طیارے کا ملبہ سمندر سے مل گیا۔ امریکی وفاقی ہوابازی انتظامیہ کے مطابق طیارے سے مقامی وقت کے مطابق ہفتے کی صبح رابطہ منقطع ہوا تھا، ریڈیو رابطے کے دوران پائلٹ اور فضائی ٹریفک کنٹرولر کے درمیان مواصلاتی مسائل بھی سامنے آئے تھے تاہم بعد میں کنٹرولر نے تصدیق کی کہ پائلٹ نے ہنگامی صورت حال کا اعلان کیا تھا۔ حکام کے مطابق حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 5

ایران کے خلاف جنگ کے دوران خلیج فارس کے تیل کے بنیادی ڈھانچے سے متعلق خدشات کے باوجود، اضافی سپلائی کے امکانات نے منڈیوں کے خدشات میں کمی پیدا کی۔ اس کے نتیجے میں برینٹ خام تیل کے فیوچر معاہدوں کی قیمت 66 سینٹ کم ہو کر 101.59 ڈالر فی بیرل رہ گئی، جبکہ امریکی خام تیل 95 سینٹ کمی کے بعد 90.12 ڈالر فی بیرل پر آ گیا۔

بقیہ 6

ملنے کے امکانات کم ہیں تاہم ماہرین کے مطابق گزشتہ سال کے واقعات کے باعث ان کا اثر رواں سال انعام کے فیصلے پر ضرور محسوس کیا جا سکتا ہے۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق گزشتہ سال وینزویلا کی ماریا کورینا ماچاڈو کو نوبیل امن انعام دیا گیا تھا، 125 سالہ تاریخ میں یہ فیصلہ اس لیے غیرمعمولی قرار پایا کہ ٹرمپ کی جانب سے یہ انعام حاصل کرنے کے لیے مسلسل کوششیں کی جا رہی تھیں۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق انعام ملنے کے چند ہفتوں بعد ہی ماریا نے اپنا طلائی نوبیل تمغہ ٹرمپ کو دے دیا تھا تاکہ وینزویلا میں جمہوریت کے لیے اپنی کوششوں کی حمایت حاصل کر سکیں۔ امن

تحقیق کے ادارے اوسلو کے قائم مقام سربراہ ہاکون گیرلوو کے مطابق نوبیل انعام کی کمیٹی رواں سال اس بات کو بھی مدنظر رکھ سکتی ہے کہ کسی فرد یا ادارے کو انعام دینے کے بعد اسے ٹرمپ کے دباؤ کا سامنا کرنا پڑے، کمیٹی یہ بھی دیکھ سکتی ہے کہ انعام دینے سے فائدہ زیادہ ہو گا یا نقصان۔ ماہرین نے ممکنہ امیدواروں میں پوپ لیو، عالمی فوجداری عدالت، عالمی عدالت انصاف اور مقبوضہ فلسطینی علاقوں کے لیے اقوام متحدہ کی خصوصی نمائندہ فرانسیسکا البانیز کا نام لیا ہے۔ واضح رہے کہ نوبیل امن انعام کا اعلان 9 اکتوبر کو ہوگا۔ امریکا میں پیدا ہونے والے پہلے پوپ لیو نے جنگ کے خلاف آواز اٹھانے کا عزم ظاہر کیا۔ ٹرمپ نے ایران کے خلاف امریکی کارروائی پر تنقید کرنے پر پوپ لیو کو کمزور قرار دیا تھا، پوپ کی مصنوعی ذہانت سے متعلق مذہبی دستاویز، مذاکرات اور تنازعات کے پرامن حل کی حمایت، تارکین وطن کے حقوق اور انسانی خدمات بھی انہیں ممکنہ امیدوار بناتی ہیں۔ اسٹاک ہوم انٹرنیشنل پیس ریسرچ انسٹیٹیوٹ کے ڈائریکٹر کریم ہیگگ نے رائٹرز کو بتایا کہ پوپ صرف مذہبی شخصیت نہیں بلکہ عالمی سطح پر ایک اہم فکری رہنما کے طور پر بھی سامنے آئے ہیں۔ دوسری جانب فرانسیسکا البانیز کو غزہ میں اسرائیلی کارروائیوں اور مغربی کنارے پر قبضے پر تنقید کے باعث امریکا اور اسرائیل کی مخالفت کا سامنا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ماہرین کا کہنا تھا کہ کمیٹی گزشتہ سال کے واقعات کے بعد نسبتاً غیر متنازع انتخاب بھی کر سکتی ہے تاکہ ٹرمپ کو ناراض کرنے کا امکان کم ہو، اس صورت میں سوڈان کے ہنگامی امدادی مراکز یا جنگ زدہ علاقوں میں بچوں کے لیے کام کرنے والی غیر سرکاری تنظیم سیو دی چلڈرن کو انعام دیے جانے کا امکان زیر بحث ہے۔ تاریخ دان اوئی وند اسٹینرسن کے مطابق نوبیل کمیٹی کو ٹرمپ کی جانب سے عالمی نظام کو درپیش چیلنجز کے جواب میں بین الاقوامی قانون، انسانی حقوق اور لبرل جمہوریت کے دفاع کو اہمیت دینا پڑ سکتی ہے، اس تناظر میں عالمی فوجداری عدالت یا عالمی عدالت انصاف کو انعام دینے پر بھی غور کیا جا سکتا ہے۔ ٹرمپ کو کمبوڈیا، اسرائیل اور پاکستانی رہنماؤں کی جانب سے نوبیل امن انعام کے لیے نامزد کیے جانے کی اطلاعات ہیں تاہم ہاکون گیرلوو کے مطابق ان کے امکانات کافی کم ہیں۔ نوبیل امن انعام یافتہ فلپائنی نژاد امریکی صحافی ماریا ریسا نے بھی گزشتہ سال کے واقعات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی معاملات صرف طاقت کی بنیاد پر طے نہیں ہونے چاہئیں۔

بقیہ 7

آپ اسپیس ایکس اے آئی کا نام تبدیل کر کے اسپیس ایکس ایس آئی رکھنے والے ہیں؟ انہوں نے صارف کے اس سوال کا جواب دیتے ہوئے لکھا کہ جی ہم یہ تبدیلی کریں گے۔ ایلون مسک نے صارف کے سوال کا جواب دیتے ہوئے نہ تو کمپنی کے اے آئی یونٹ کا نام تبدیل کرنے کی حتمی تاریخ بتائی اور نہ ہی زیادہ تفصیلات سے آگاہ کیا۔

بقیہ 8

ناقابل برداشت حالات میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ ان کے مطابق گزشتہ سال ہونے والی جنگ بندی سے کچھ حد تک ریلیف ملا تھا تاہم وہ غزہ میں سلامتی، مناسب انسانی امداد اور امن کی جانب راستہ بنانے میں کامیاب نہیں ہوئی۔ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل نے یہ بھی کہا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ جنگ بندی مستقل کی جائے، بڑے پیمانے پر انسانی امداد کی اجازت دی جائے اور بین الاقوامی قانون کا احترام کیا جائے۔ انہوں نے پورے خطے میں پائیدار امن کے لیے سیاسی راستہ تشکیل دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

بقیہ 9

ہمدردی کا اظہار کیا۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق گفتگو کے دوران سعودی وزیر خارجہ نے عباس عراقچی سے ان کی بہن کے انتقال پر گہرے دکھ اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کے اہل خانہ سے بھی ہمدردی کی۔

بقیہ 10

یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کی تھی، تاہم انہوں نے یونیورسٹی کا نام نہیں بتایا۔ ایک تیسرے ذرائع نے کہا کہ پائلٹ نے تقریباً 10 برس قبل میلبورن کی آر ایم آئی ٹی یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کی تھی۔ آر ایم آئی ٹی نے پیر کو ایک مختصر بیان میں تصدیق کی کہ معاون پائلٹ یونیورسٹی میں زیر تعلیم تھا، تاہم وہ انجینئرنگ کی ڈگری مکمل نہیں کر سکا۔ یونیورسٹی نے معاون پائلٹ کا نام ظاہر نہیں کیا اور نہ ہی یہ بتایا ہے کہ اس نے وہاں کب تعلیم حاصل کی تھی۔

بقیہ 11

حالیہ تکنیکی پیش رفت یوکرین کے فضائی دفاع کو تیزی سے مضبوط بنانے میں مدد دے گی۔ جرمنی یوکرین کو طویل فاصلے تک مار کرنے والے ہتھیار، سیٹلائٹ ٹیکنالوجی اور جنگی ڈرونز بھی فراہم کرے گا۔ اس کے علاوہ جرمنی آئندہ موسم سرما سے قبل یوکرین کے توانائی کے بنیادی ڈھانچے کی مرمت اور بحالی کے لیے تقریباً 350 ملین یورو فراہم کرے گا۔ فریڈرک مرز کا گزشتہ سال عہدہ سنبھالنے کے بعد کیف کا یہ دوسرا دورہ ہے۔

بقیہ 12

کے معاشی تبدیلی کے منصوبے وژن 2030 کے تحت عازمین کے تجربے کو بہتر بنانے کے پلگرم ایکسپیرینس پروگرام کے تعاون سے وزارت کے زیراہتمام منعقد کی جانے والی اس تقریب میں سعودی عرب اور بیرون ملک سے سرکاری، نجی اور غیر منافع بخش ادارے شرکت کریں گے۔ سعودی فرمانروا شاہ سلمان کی سرپرستی میں منعقد ہونے والی اس کانفرنس میں سرکاری حکام، کاروباری رہنما اور غیر منافع بخش شعبے کے نمائندوں کی شرکت بھی متوقع ہے۔

بقیہ 13

انتظامیہ نے عراقی فضائی حدود میں اسرائیلی فوجی کارروائیوں پر پہلے سے عائد پابندیاں ختم کر دی ہیں۔ یہ اہم اقدام ایک تزویراتی پیشرفت کی نمائندگی کرتا ہے جو ممکنہ طور پر عراق کے اندر ایرانی حمایت یافتہ مسلح ملیشیاؤں کو نشانہ بنانے کے ممکنہ اسرائیلی فضائی حملوں کے لیے راہ ہموار کر سکتا ہے۔ تاہم کسی اہلکار نے فون کال اور فضائی حدود کی پابندیوں سے متعلق رپورٹس کے درمیان براہ راست تعلق کی تصدیق نہیں کی۔

بقیہ 14

سکیورٹی و سلامتی کے نظام کو سپورٹ حاصل ہو۔ اس اقدام کا مقصد سکیورٹی پورٹس کی اہمیت کے بارے میں شعور اجاگر کرنا، یونیفائیڈ سکیورٹی آپریشنز سینٹرز (911) اور کلنا امن ایپ کے ذریعے ان کے پیش کرنے کے طریقوں کا تعارف کرانا اور خطرات سے بچاؤ اور سکیورٹی کیسز پر فوری ردعمل کو یقینی بنانے کے لیے

رپورٹنگ میں افراد کی شرکت کو فعال کرنا ہے۔ یہ اقدام آج سے شروع ہو کر 60 دنوں تک افراد اور سرکاری و نجی شعبے کے اداروں کو جدید اور تخلیقی خیالات پیش کرنے اور ایسا آگاہی و تخلیقی مواد تیار کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے جو سیکیورٹی کلچر کو عام کرنے اور سماجی ذمہ داری کو فروغ دینے میں معاون ہو۔

بقیہ 15

پر تبدیلیاں لاگو ہونے سے قبل ای میل کے ذریعے آگاہ کیا جائے گا۔ Google AI Pro اور Google AI Ultra کے سبسکرائبرز کو تینوں ماڈلز، یعنی Flash-Lite، Flash اور Pro تک رسائی برقرار رہے گی۔ گوگل کے مطابق AI Pro اور AI Ultra صارفین کو Deep Think تک بھی رسائی حاصل ہوگی۔ یہ ایک ایسا آپشن ہے جسے پیچیدہ کاموں کے لیے زیادہ سے زیادہ متوازی استدلال (parallel reasoning) فراہم کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔

بقیہ 16

یافت کی تھیں۔ آثارِ قدیمہ اور بشریاتی شواہد کی بنیاد پر انہیں زار سیموئیل سے منسوب کیا گیا، تاہم بعض ماہرین اب بھی اس شناخت کو قطعی طور پر ثابت شدہ نہیں سمجھتے۔ یونان اور بلغاریہ کے حالیہ معاہدے کے تحت یونان نے باقیات بلغاریہ کے حوالے کیں، جبکہ بلغاریہ نے پہلی جنگِ عظیم کے دوران یونان سے لے جائی گئی 48 مذہبی نوادرات واپس کرنے پر اتفاق کیا۔ باقیات کو فوجی طیارے کے ذریعے صوفیہ پہنچایا گیا، جہاں انہیں 21 توپوں کی سلامی اور مکمل سرکاری اعزازات کے ساتھ خوش آمدید کہا گیا اور بعد ازاں چرچ آف سینٹ صوفیہ میں سپردِ خاک کیا گیا۔

بقیہ 17

پیدائش، کم وزن والے بچے کی پیدائش اور ماں کی صحت کی پیچیدگیاں بڑھتی جا رہی ہیں۔ سائنس سٹیل نے صورت حال کو تشویشناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ گرمی میں اضافے کے ساتھ زچہ بچہ کے لیے جنم لینے والے مسائل عالمی موسمیاتی بحران کا ایک نیا خطرناک پہلو بن چکے ہیں، جو جان لیوا بھی ہو سکتے ہیں۔ موسمیاتی تبدیلی کے باعث حمل کے دوران شدید گرمی کی وجہ سے قبل از وقت پیدائش، مردہ بچے کی پیدائش، کم وزن والے بچے کی پیدائش اور ماں کی صحت کی پیچیدگیاں بڑھتی جا رہی ہیں۔ سائنس سٹیل نے صورت حال کو تشویشناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ گرمی میں اضافے کے ساتھ زچہ بچہ کے لیے جنم لینے والے مسائل عالمی موسمیاتی بحران کا ایک نیا خطرناک پہلو بن چکے ہیں، جو جان لیوا بھی ہو سکتے ہیں۔

بقیہ 18

سرزمین کے اندر تقریباً 500 کلومیٹر دور کی گئی۔ دونوں طیارے گائیڈڈ بم لے جانے اور یوکرین میں روسی فضائی حملوں کے لیے استعمال ہونے کی صلاحیت رکھتے تھے۔ سیٹلائٹ تصاویر میں ایئر فیلڈ پر حملے کے بعد نقصان کے آثار بھی سامنے آئے ہیں، تاہم طیاروں کی مکمل تباہی کی آزادانہ تصدیق ابھی محدود ہے اور اس دعوے کی بنیادی تصدیق یوکرینی سکیورٹی سروس کی جانب سے ہوئی ہے۔

بقیہ 19

انہوں نے زور دے کر کہا کہ ان علاقوں کے عوام فوجی کارروائیوں کا ہدف نہیں ہیں۔ انہوں نے حوثی کنٹرول والے علاقوں کے رہائشیوں سے اپیل کی کہ وہ حوثیوں کے اجتماع گاہوں سے دور رہیں اور اپنے بچوں کو لڑائی میں جھونکے جانے سے محفوظ رکھیں۔

بقیہ 20

ورزیوں کا ذکر ہے، صنفی بنیادوں پر جبر میں براہِ راست تشدد کے ساتھ نظامی و ادارہ جاتی نقصان بھی شامل ہے۔ آئی سی سی پراسیکیوٹر نے پہلے دو وارنٹس کے لیے 23 جنوری 2025 کو درخواست دی تھی۔ آئی سی سی ججز نے پہلے دو وارنٹس کا 8 جولائی 2025 کو اجرا کیا، آئی سی سی ججز نے بعد ازاں مزید دو وارنٹس 9 ستمبر 2025 کو جاری کیے۔ عالمی عدالت نے 3 جولائی 2026 کو اجرا کردہ خفیہ وارنٹ گرفتاری کو پبلک کرنے کا حکم دیا۔ طالبان کے مزید سینئر ارکان کے خلاف بھی قانونی کارروائی کی درخواستیں متوقع ہیں۔

بقیہ 21

رنز ڈیل ویلس میں بھی ایک شخص ہلاک ہوا جبکہ ہنگامی امدادی ٹیمیں بارسلونا سے تقریباً 52 کلومیٹر شمال میں واقع شہر پینیڈاس میں ایک لاپتہ شخص کی تلاش کر رہی ہیں۔ کاتالان حکام نے ہفتے کی شب سے اتوار تک دوپہر تک ریڈ الرٹ جاری کرتے ہوئے شہریوں کو گھروں میں رہنے کی ہدایت کی تھی۔ حکام نے خبردار کیا تھا کہ شمال مشرقی علاقے میں شدید موسمی نظام کے باعث مزید بارشیں ہو سکتی ہیں۔ علاقائی محکمہ موسمیات کی ڈائریکٹر سارائے سارہ نے بتایا کہ غیر معمولی نوعیت کے موسمی نظام کا مرکز بحیرہ روم کے اوپر موجود تھا اور اس کے کاتالونیا کے خشکی والے علاقوں کی جانب بڑھنے کا خدشہ تھا۔

بقیہ 22

احساسات اور رویوں کو مرتب کرتا ہے۔ اس سال طب کا نوبیل انعام جیتنے والے سائنسدانوں میں ایک کروڑ 20 کرونا کی رقم برابر تقسیم کی جائے گی۔ پیٹر ہیگیمین اور جارج ناگل نے ایک پروٹین channelrhodopsin کو دریافت کیا تھا جبکہ کارل ڈیسروتھ نے پروٹین کو اعصابی خلیات کے لیے ایک لائٹ کنٹرول سوئچ میں تبدیل کر دیا۔ خیال رہے کہ 6 اکتوبر کو فزکس، 7 اکتوبر کو کیمسٹری اور 8 اکتوبر کو ادب کے نوبیل انعام کا اعلان کیا جائے گا۔ امن کے نوبیل انعام کا اعلان 9 اکتوبر جبکہ معیشت کا نوبیل انعام 12 اکتوبر کو دیا جائے گا۔

بقیہ 23

وقت سامنے آیا جب امریکی قومی مرکز برائے گمشدہ اور استحصال زدہ بچوں کو 12 سالہ لڑکی کی نازیبا تصویر ملی۔ رپورٹ کے مطابق تحقیقات میں بتایا گیا کہ گروہ کے ارکان خود کو جنگجو کہتے تھے۔ گروہ پر متاثرین، گواہوں اور امریکی استغاثہ کو دھمکانے کے الزامات بھی ہیں جس کے باعث روہن سندیپ رانے کے خلاف سماعت کا آغاز گزشتہ روز بند کمرے میں ہوا تھا۔ روہن سندیپ کو 2021 میں گرفتار کیا گیا تھا، اس پر نابالغوں پر تشدد، منظم بھتہ خوری اور بچوں کے جنسی استحصال سے متعلق مواد پھیلانے سمیت سنگین الزامات عائد ہیں۔ گروہ کے ایک رکن کیلب کرسٹوفر میرٹ کو امریکا میں بچوں سے جنسی جرائم کے الزام میں پہلے ہی 50 سال قید کی سزا سنائی جا چکی ہے۔

بقیہ 24

یو وی میں سوار 6 افراد، جن میں 38 سالہ خاتون ڈرائیور، 35 سالہ خاتون مسافر اور 4 بچے شامل تھے، کو معمولی نوعیت کے زخموں کے باعث ہسپتال منتقل کیا گیا۔ پولیس نے بتایا کہ حادثے کی وجوہات اور حالات کی تحقیقات کے لیے میجر کریش یونٹ نے موقع پر پہنچ کر تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ رواں سال جنوبی آسٹریلیا میں سڑک حادثات کے نتیجے میں اب تک 84 افراد ہلاک ہو چکے ہیں، جبکہ 2025 کے پورے سال میں 87 اور 2024 میں 89 افراد سڑک حادثات میں جان کی بازی ہار گئے تھے۔

بقیہ 25

ایجنسی کے مطابق متحدہ عرب امارات کی وزارت خارجہ نے گزشتہ روز بیان میں اس المناک واقعے پر جاں بحق افراد کے اہل خانہ، کینیا اور اس کے عوام سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا جبکہ تمام زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 26

کے شیئرز میں کمی کے باعث یہ حیثیت برقرار نہ رکھ سکے اور اب تقریباً 3 ماہ بعد انہوں نے دوبارہ یہ اعزاز حاصل کر لیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق مسک کی مجموعی دولت کا 98 فیصد سے زیادہ حصہ اسپیس ایکس اور ٹیسلا میں ان کے شیئرز پر مشتمل ہے۔

بقیہ 27

لیا گیا۔ اجلاس نے انرجی سپلائی کی مسلسل اور بلا تعطل روانی کو یقینی بنانے کے لیے بین الاقوامی آبی گزرگاہوں کے تحفظ کی اہمیت پر زور دیا۔ انرجی انفراسٹرکچر پر حملوں پر تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے تعاون کے اعلامیے کی مکمل پاسداری کے عزم کا اعادہ کیا جس میں اضافی رضاکارانہ پیداوار ایڈجسٹمنٹ شامل ہیں جس کی نگرانی مشترکہ وزارتی مانیٹرنگ کمیٹی کرے گی۔ اوپیک پلس کے ممالک مارکیٹ کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے ملاقاتیں جاری رکھیں گے۔ ساتوں ممالک کا اگلا اجلاس 29 نومبر 2026 کو ہوگا۔

بقیہ 28

فروں اور طیارے میں موجود دیگر تربیت یافتہ پائلٹس کی مداخلت سے صورت حال پر قابو پایا گیا اور طیارے کو سعودی عرب کے شہر تبوک میں باحفاظت لینڈ کیا گیا۔ فلائٹ ٹریکنگ کے ابتدائی اعدادوشمار کے مطابق طیارہ ایک مرحلے پر تقریباً 690 میل فی گھنٹہ کی رفتار تک پہنچ گیا، جو اس ماڈل کی معمول کی زیادہ سے زیادہ آپریٹنگ رفتار سے بھی زیادہ تھی۔ ماہرین کے مطابق زمین کے لحاظ سے رفتار اور ہوا میں حقیقی رفتار ایک جیسی نہیں ہوتی۔ اس حوالے سے ماہرین کا کہنا تھا کہ بوئنگ 737 میکس کی مضبوط ساخت، متعدد حفاظتی نظام اور طیارے کی سرٹیفکیشن کے دوران انتہائی حالات میں کیے جانے والے ٹیسٹوں نے اس کی بقا میں اہم کردار ادا کیا۔ ماہرین نے بتایا کہ مسافر طیاروں کو معمول کی حدود سے کہیں آگے بھی مختلف دباؤ اور رفتار کے حالات میں آزمایا جاتا ہے تاکہ غیر معمولی صورتِ حال میں ان کی برداشت کا اندازہ ہو سکے۔ اس واقعے میں طیارے کے ریڈار کو بھی نقصان پہنچنے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں جو کہ ماہرین کے مطابق انتہائی سنگین صورتِ حال ہو سکتی ہے، خاص طور پر لینڈنگ کے دوران، لیکن طیارہ پھر بھی انتہائی خراب حالات میں کیے جانے والے ٹیسٹوں کی وجہ سے محفوظ طور پر تبوک پہنچ گیا۔ ماہرین کا یہ بھی کہنا تھا کہ ایسی انتہائی خطرناک صورتِ حال میں طیاروں کی محفوظ لینڈنگ کو یقینی بنانے کے لیے ابھی مزید ٹیسٹ کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 29

23 سالہ دو افراد موقع پر ہی ہلاک ہو گئے جبکہ زخمیوں کو علاقائی ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ تقریب میں ایک ہزار سے زائد افراد شریک تھے اور اس دوران کم از کم 50 گولیاں چلائی گئیں۔ زیادہ تر افراد گولی لگنے سے زخمی ہوئے جبکہ کچھ افراد فرار ہونے کی کوشش کے دوران گاڑیوں کی زد میں آ کر زخمی ہوئے۔ حکام نے تاحال فائرنگ میں ملوث کسی مشتبہ شخص کی شناخت نہیں کی اور نہ ہی واقعے کی ممکنہ وجہ سامنے آ سکی۔

بقیہ 30

کہ مجھے تشویش ہے کہ نئی طاقت ور ٹیکنالوجی لوگوں کو لاعلمی میں ریکارڈ کرنے کے مواقع پیدا کر رہی ہے۔ حکومت نے واضح کیا ہے کہ مکمل پابندی مقصود نہیں، نجی استعمال اور ایسے مقامات جہاں دوسروں کی رضامندی کے بغیر ریکارڈنگ کا خطرہ نہ ہو، وہاں ان گلاسز کے استعمال کی اجازت برقرار رہے گی۔ ناروے کی حکومت جلد پارلیمنٹ میں عارضی قانون پیش کرے گی اور ماہرین کا ایک گروپ تشکیل دے گی جو جسم پر پہنے جانے والے کسی بھی قسم کے کیمرے، آواز کی ریکارڈنگ اور مصنوعی ذہانت سے لیس ٹیکنالوجی کے بارے میں مستقل قومی قوانین کی تیاری میں سفارشات دے گا۔

بقیہ 31

قرار دیتے ہوئے برطانیہ کی دیگر سیاسی جماعتوں سے بھی اس کی مذمت کرنے کا مطالبہ کیا۔ اسرائیلی وزارت نے الزام عائد کیا کہ گرین پارٹی نے دہشت گردی کو جواز فراہم کیا ہے۔ اسرائیلی صدر اسحاق ہرزوگ نے صیہونیت کو نسل پرستی قرار دینے کے بیان کو شرمناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ دعویٰ یہودیوں اور اسرائیلیوں کو دنیا بھر میں خطرے میں ڈالتا ہے۔ اسرائیلی اپوزیشن رہنما یائر لاپڈ نے بھی گرین پارٹی کے موقف پر تنقید کی ہے۔ برطانیہ کی ترقی پسند یہودی تحریک نے الزام عائد کیا کہ گرین پارٹی نے یہود دشمنی کو اپنی جماعتی پالیسی بنا لیا ہے، بعض یہودیوں کی قرارداد کی حمایت کا مطلب یہ نہیں کہ اس مقف کو دوسروں کے خلاف امتیازی سلوک کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ گرین پارٹی نے قرارداد کے ساتھ فلسطین کی آزادی، فلسطینیوں کے حقوق کی واپسی، اسرائیل کے بائیکاٹ، سرمایہ کاری کے خاتمے اور پابندیوں کی حمایت، اسرائیل پر مکمل اسلحے پر پابندی اور فلسطین میں ایک واحد جمہوری ریاست کے قیام کے مطالبے کی بھی تجدید کی ہے۔ گرین پارٹی کے شریک نائب سربراہ موتھن علی نے کہا کہ اسرائیل کی غزہ میں جنگ کے دوران ہونے والی بھاری جانی نقصان اور جاری حملے اس ووٹ کے پس منظر میں اہم عوامل تھے۔ پارٹی کے سربراہ زیک پولانسکی نے ووٹنگ میں حصہ نہیں لیا، گرین پارٹی کے برطانوی پارلیمنٹ کے 650 رکنی ایوان میں اس وقت 5 ارکان ہیں۔ قرارداد کی منظوری کے بعد پولانسکی سمیت دیگر گرین پارٹی ارکان نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ نسل کشی، نسلی صفایا، نسل پرستی پر مبنی نظام اور غیر قانونی قبضے کے خلاف آواز بلند کرتے رہیں گے، اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کی حکومت کے جرائم کی مذمت جاری رکھیں گے۔

بقیہ 32

میں جلد اہم انکشافات متوقع ہیں۔ پولیس نے بتایا کہ قتل کے حوالے سے کئی اہم شواہد اور سراغ مل چکے ہیں جبکہ تمام ملوث افراد کی شناخت، گرفتاری اور قتل کے اصل محرکات کا پتہ لگانے کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔ مادھو سودن سوشل میڈیا پر مدسندھو کے نام سے مشہور تھے، انہیں طویل عرصے سے جنسی شناخت کے باعث مسلسل نفرت انگیز تنقید اور ہراسانی کا سامنا تھا۔

بقیہ 33

بی آئی کاش پٹیل کی تصویر شیئر کی ہے، جس میں وہ ہیرے کی انگوٹھی دکھاتی نظر آئیں۔ ایلکس ولکنز نے تصویر کے ساتھ دلچسپ کیپشن میں لکھا ہے کہ ہم قانون کو درمیان میں لے آئے۔ رپورٹس کے مطابق دونوں کی پہلی ملاقات 2022 میں نیش ول میں ایک دوست کی تقریب کے دوران ہوئی تھی، جبکہ 2023 میں دونوں نے باقاعدہ ڈیٹنگ شروع کی تھی۔ کاش پٹیل کے فروری 2025 میں ایف بی آئی کے ڈائریکٹر کا منصب سنبھالنے کے بعد اس تعلق کو خاصی توجہ حاصل ہوئی، بالخصوص سرکاری طیارے کے مبینہ ذاتی استعمال اور ایلکس ولکنز کے ساتھ ان کی عوامی تقریبات میں شرکت پر سوالات اٹھائے گئے۔

بقیہ 34

خبر رساں ادارے کے مطابق ایرانی وزارت خارجہ کے ڈائریکٹر جنرل محمد حسن نجاد پیرکوہی نے تہران میں ناروے کے سفیر پال بیورنستاد کو طلب کیا اور انہیں باضابطہ احتجاجی مراسلہ دیا۔ ایرانی عہدیدار نے الزام عائد کیا کہ امریکا اور اسرائیل امریکی ارب پتی شخصیت ایلون مسک کی کمپنی اسپیس ایکس کی ملکیت اسٹارلنک کو ایران کے خلاف مداخلت پسندانہ مقاصد کے لیے منظم انداز میں استعمال کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ناروے اقوام متحدہ کے عالمی مواصلاتی ادارے میں اسٹار لنک کی خدمات کے رجسٹرڈ ملک کی حیثیت سے اپنی قانونی ذمے داریاں پوری کرنے میں ناکام رہا ہے۔ ایرانی عہدیدار کے مطابق عالمی مواصلاتی ادارے کے ریڈیو ضوابط بورڈ کے گزشتہ برسوں کے فیصلوں کے تحت ناروے کی حکومت پر لازم ہے کہ وہ ایران کی حدود میں اسٹارلنک کی غیر مجاز نشریات روکنے کے لیے ضروری اقدامات کرے۔ محمد حسن نجاد پیرکوہی نے یہ بھی کہا کہ ناروے نے ایران کی جانب سے بارہا کی گئی ان سرگرمیوں کو روکنے کی درخواستوں کو نظر انداز کیا ہے جنہیں تہران قومی سلامتی اور علاقائی خودمختاری کے لیے نقصان دہ قرار دیتا رہا ہے۔

بقیہ 35

کہ کپتان کو راستے سے ہٹانے کے بعد پرواز معمول کے مطابق جاری رکھے، لینڈنگ کی اجازت حاصل کرنے اور پھر تل ابیب کے قریب بن گوریون ایئرپورٹ پر طیارے کو کسی عمارت یا دوسرے طیارے سے ٹکرانے کا ارادہ رکھتا تھا۔ رپورٹس کے مطابق الحمانی نے طیارے کا کنٹرول حاصل کرنے کے لیے اردن کی فضائی حدود تک پہنچنے کا انتظار کرنے کا منصوبہ بنایا تھا تاکہ فوری طور پر خطرے کی نشاندہی نہ ہو اور اسے کارروائی کے لیے کافی وقت مل سکے۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق معاون پائلٹ نے جولائی میں حملہ کرنے کا منصوبہ بنایا تھا تاہم عملے کے ایک رکن سے دوستی کے باعث آخری لمحے میں ارادہ ترک کر دیا تھا۔ یہ منصوبہ 11 ستمبر 2001 کے دہشت گرد حملوں سے مماثلت رکھتا ہے، جب القاعدہ سے تربیت یافتہ 19 ہائی جیکرز نے 4 مسافر طیاروں پر قبضہ کیا تھا اور ان میں سے 3 طیارے ورلڈ ٹریڈ سینٹر اور پینٹاگون سے ٹکرا دیے تھے، جس کے نتیجے میں تقریباً 3 ہزار افراد ہلاک ہوئے تھے۔ 30 ستمبر کو الحمانی نے کاک پٹ میں بھارتی کپتان سمت پر کلہاڑی سے حملہ کر کے پرواز کا کنٹرول سنبھالنے کی کوشش کی۔ کشمکش کے دوران بوئنگ 737 میکس 8 طیارہ تقریباً 2 منٹ میں 36 ہزار فٹ کی بلندی سے 17 ہزار فٹ تک تیزی سے نیچے آیا، جس سے طیارے کے ڈھانچے پر شدید دباؤ پڑا اور اس کے کچھ حصے بھی متاثر ہوئے۔ طیارے میں 174 مسافر سوار تھے، زخمی کپتان سمت نے کاک پٹ کا دروازہ کھولنے میں کامیابی حاصل کی، جس کے بعد عملے اور مسافروں نے کاک پٹ میں داخل ہو کر معاون پائلٹ پر قابو پا لیا۔ بعدازاں طیارے میں موجود دو آف ڈیوٹی پائلٹس نے پرواز کا کنٹرول سنبھالا اور اسے سعودی عرب کے شہر تبوک کے ایئرپورٹ پر باحفاظت اتار لیا، مسافروں کو بعد میں بن گوریون ایئرپورٹ منتقل کر دیا گیا۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق الحمانی نے اماراتی پرواز کے لیے کام کے دوران حالیہ مہینوں میں بن گوریون ایئرپورٹ کے متعدد دورے کیے تھے اور جون میں ایک دورے کے دوران مبینہ طور پر حملے کی منصوبہ بندی اور معلومات جمع کرنے پر توجہ مرکوز کی تھی۔ رپورٹس کے مطابق اماراتی پرواز ہائی جیک کرنے کی کوشش کے جرم میں الحمانی کو متحدہ عرب امارات میں سزائے موت کا سامنا ہو سکتا ہے، تاہم ابھی اسے کوئی حتمی سزا سنائی نہیں گئی اور تحقیقات جاری ہیں۔ دوسری جانب کپتان سمت کو طیارے اور مسافروں کو بچانے پر ہیرو قرار دیا گیا ہے، بھارتی وزیراعظم نریندر مودی، اسرائیلی وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سمیت کئی رہنماؤں نے ان کی بہادری کو سراہا ہے۔ کپتان سمت دبئی کے ایک اسپتال میں زیر علاج ہیں اور سرجری کے بعد ان کی حالت خطرے سے باہر بتائی جاتی ہے۔

بقیہ 36

آمدات 18.5 ملین بیرل یومیہ رہیں۔ ان اعدادوشمار میں آبنائے ہرمز، بحیرہ احمر کے راستے ترسیل، تیل کی ذخیرہ اندوزی سے برآمدات اور خلیج عمان میں ایک جہاز سے دوسرے جہاز میں تیل کی منتقلی بھی شامل ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق خطے میں تیل بردار جہازوں پر حملوں میں اضافے کے باوجود برآمدات میں اضافہ ہوا ہے۔ بحری جہازوں سے متعلق اطلاعات فراہم کرنے والے ادارے کے مطابق گزشتہ ہفتے آبنائے ہرمز میں 7 حملے رپورٹ ہوئے جبکہ برطانوی بحری تجارتی ادارے کے مطابق 2 اکتوبر سے آبنائے ہرمز یا خلیج عدن میں روزانہ کم از کم 1 حملہ رپورٹ کیا گیا ہے۔

بقیہ 37

اور دہشت گردی کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات اور انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر خان نے سکیورٹی صورتحال، پولیسنگ کے نظام، محکمانہ اصلاحات اور سکیورٹی اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں بلوچستان میں سکیورٹی اور پولیسنگ کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے کوئٹہ سیف سٹی پروجیکٹ

شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ کوئٹہ گرین ڈیجیٹل کوریڈور کے تحت شہر میں 2,900 کیمرے نصب کیے جائیں گے، جن کے ذریعے سیکیورٹی نگرانی کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے گا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پروجیکٹ کے تحت کوئیک ریسپانس فورس کے نئے اسٹیشنز بھی قائم کیے جائیں گے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری اور مؤثر ردعمل کو یقینی بنایا جا سکے۔ جدید ٹیکنالوجی اور مربوط کمانڈ اینڈ کنٹرول نظام کے ذریعے سیکیورٹی اداروں کی استعداد کار میں اضافہ کیا جائے گا۔ اجلاس کو بلوچستان پولیس میں جاری اصلاحات اور محکمانہ خود احتسابی کے عمل سے بھی آگاہ کیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ غیر حاضری اور فرائض میں غفلت کے مرتکب 871 پولیس اہلکاروں کو برطرف کیا جا چکا ہے، جبکہ مختلف شخصیات کے ساتھ تعینات 1,005 پولیس اہلکاروں کی خدمات واپس محکمہ پولیس کے حوالے کر دی گئی ہیں۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پولیس کا کردار انتہائی اہم ہے، پولیس اہلکار فرنٹ لائن پر ملک اور صوبے کے امن کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ پولیس کو دہشت گردی کے موجودہ چیلنجز سے نمٹنے کے لیے جدید تربیت، ضروری آلات اور تمام مطلوبہ وسائل فراہم کیے جائیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ پولیس کو دہشت گردی کے خلاف میدان میں اتارا ہے تو مکمل سرپرستی بھی کریں گے۔ صوبائی حکومت اپنی بہادر پولیس اور سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور پولیس کی استعداد کار میں اضافے کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پولیسنگ کے نظام میں اصلاحات کا مقصد ادارے کو مزید مضبوط، جوابدہ اور عوام دوست بنانا ہے۔ محکمانہ نظم و ضبط اور احتساب پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا جبکہ فرائض میں غفلت اور غیر حاضری کی حوصلہ شکنی کے ساتھ اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اہلکاروں کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے کے محدود وسائل کو بہتر انتظام اور ترجیحات کے تحت عوامی فلاح کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ غیر ترقیاتی اخراجات پر قابو پا کر دستیاب وسائل عوام کی بنیادی ضروریات اور فلاح و بہبود پر خرچ کیے جائیں گے انہوں نے کہا کہ ہم نے بلوچستان کے اس عام آدمی کے لیے کام کرنا ہے جو سردی میں ٹھٹھرتا اور گرمی میں جھلستا ہے۔ حکومت کی تمام پالیسیوں اور اقدامات کا محور عام شہری کا تحفظ، سہولت اور معیار زندگی بہتر بنانا ہے۔

بقیہ 38

مطابق محمود اچکزئی نے اس بارے میں اخونزادہ حسین یوسفزئی کے ذریعے اپوزیشن رہنماؤں کو پیغام بھجوا دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق محمود اچکزئی نے کہا کہ اگر حکومت رابطہ کرے تو مثبت جواب دیا جائے، حکومت کے رابطے پر پہلی شرط بانی سے ملاقات ہونی چاہیے۔ محمود اچکزئی نے کہا کہ بہنوں کی رہائی سے بھی حکومت مثبت پیش رفت کا آغاز کر سکتی ہے، اگر بانی سے ملاقات نہیں ہوتی تو وزیراعظم سے ملاقات بے معنی ہوگی۔ ذرائع کے مطابق اپوزیشن لیڈر نے مزید کہا کہ بانی سے ملاقات نہ ہوئی تو وزیراعظم سے ملاقات سے انکار کا سوچا جا سکتا ہے۔

بقیہ 39

دیا جا رہا۔ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ مذاکرات کا اختیار اچکزئی اور علامہ راجہ ناصر کے پاس ہیں، اگر حکومت خلوص سے مذاکرات چاہتی ہے تو ان سے رابطہ کر لیں، حکومت کے ساتھ دوبارہ مذاکرات کے لیے ہم اجتماعی فیصلہ کریں گے۔ راولپنڈی اڈیالہ روڈ فیکٹری ناکے کے قریب میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ ایک سال سے ملاقات بند ہے، گزشتہ سال اکتوبر میں ہماری ملاقات ہوئی تھی، ہم ہمیشہ ریاست پاکستان کے ساتھ کھڑے رہے، ہماری نیک نیتی کے باوجود ہمیں اپنے لیڈر سے ملنے نہیں دیا جا رہا، بانی کی بہنیں غیر سیاسی ہیں اور ان کو حراست میں لے لیا گیا، آج اڈیالہ آئے تو بتایا گیا کہ بانی کے کزن قاسم زمان کو حراست میں لے لیا، قاسم زمان غیر سیاسی ہے کبھی کوئی سیاسی بیان نہیں دیا، ہمارے ایم این ایز، ایم پی ایز اٹھائے گئے گرفتاریوں کا سلسلہ بند ہونا چاہیے، ہم نیک نیتی اور خلوص کے ساتھ حکومت کے ساتھ مذاکرات میں بیٹھے حکومت نے فراخ دلی اور سنجیدگی نہیں دکھائی، ہم نے جو مطالبات رکھے ان میں کوئی غیر قانونی مطالبہ نہیں تھا، دہشتگردی پر ہمارا واضح موقف ہے نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا دہشتگردی سے سب سے زیادہ متاثر ہے، صوبائی اسمبلی نے دہشتگردی سے متعلق ایک متفقہ قرارداد منظور کی، دہشتگردی کے اوپر پریس کانفرنس اور ٹویٹ نہیں ہونی چاہیے ایپکس کمیٹی کا اجلاس بلالیں، ایپکس کمیٹی میں کور کمانڈر بھی شریک ہوتے ہیں، کور کمانڈر ہمارے اور ہم سب کے کور کمانڈر ہیں، اگر ہماری بات نہیں مانی تو لانگ مارچ روکنے کا کوئی جواز نہیں، ایمرجنسی یا گورنر رول نافذ کرنے سے نفرتیں مزید بڑھیں گی، مذاکرات ایک مسلسل عمل ہے اس کے لیے کوئی ٹائم نہیں ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ ہم مذاکرات کے دوران کسی سے ڈکٹیشن نہیں لیتے رہے، مذاکرات کی ناکامی کا ملبہ وزیراعلیٰ کے پی پر ڈالنا بالکل غلط ہے، مذاکرات کے ایک دو اور راؤنڈ ہوتے تو معاملہ کہیں پہنچ جاتا۔ مذاکرات کی ناکامی کے بعد ملبہ ایک دوسرے پر نہ ڈالا جائے، مذاکرات کے دوران لندن کے ڈاکٹروں کا ذکر ہوا۔ بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ قاسم زمان کی گرفتاری کی شدید مذمت کرتا ہوں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ مذاکرات کا اختیار اچکزئی اور علامہ راجہ ناصر کے پاس ہیں، اگر حکومت خلوص سے مذاکرات چاہتی ہے تو ان سے رابطہ کر لیں، حکومت کے ساتھ دوبارہ مذاکرات کے لیے ہم اجتماعی فیصلہ کریں گے۔ ذاتی معالج تک رسائی قومی سلامتی کا معاملہ نہیں ہے، لندن سے ڈاکٹر بلائیں گے لیکن 40 سال سے زاتی ڈاکٹرز سے چیک اپ نہیں کرائیں گے۔ حکومت بتائے دہشتگردی کے خلاف کب ہم نے ساتھ نہیں دیا؟ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف آپریشن پر کے پی صوبے کی بات سنی پڑے گی، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے جعلی بیانات بھی دہشتگردی پر چل رہے ہیں، مذاکراتی ڈرافٹ میں پہلی چیز جو لکھی گئی اس میں تھا کہ اسیران رحم کی درخواست کریں گے، حکومت نے خود مانا کہ یہ شق نہیں لکھنی چاہیے تھی، ڈرافٹ میں پہلی تبدیلی اس چیز کی ہوئی کہ اسیران رحم کی اپیل ہونی چاہیے اس کو تبدیل کیا گیا، بانی کی صحت، ڈاکٹروں کی رسائی اور ملاقات ہمارا پہلا مطالبہ تھا۔ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ دہشتگردی سے متعلق نیشنل ایکشن پلان پر کوئی اختلاف نہیں ہے نیشنل ایکشن پلان میں ڈرون حملوں اور

بقیہ 1

میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور بلوچستان میں صحت کے شعبے کی ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن کے اقدامات اور [illegible] رپورٹنگ کے نظام میں بہتری اور [illegible] فیصلہ سازی کے حوالے سے صوبائی اقدامات [illegible] ڈیجیٹل ہیلتھ [illegible] بلوچستان میں ڈیجیٹل ہیلتھ اصلاحات [illegible] عوام کو معیاری صحت کی سہولیات کی فراہمی [illegible] کے لیے اصلاحات کے سفر جاری رکھے گی۔

بقیہ 2

کے دور جاری منصوبوں کو ان کی ضرورت کے مطابق [illegible] منصوبوں کی تکمیل میں تاخیر [illegible] اور ست روی کا شکار ہیں۔

بقیہ 3

کی کوشش نہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف [illegible] قانون کے مطابق [illegible] کارروائی کی جائے گی [illegible] بلوچستان میں امن و امان [illegible] سوچ رکھنے والوں کے عزائم کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔

بقیہ 4

ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ [illegible] اقدامات کر رہی ہے [illegible] ترقی کے ثمرات [illegible] خوشحالی اور پائیدار امن کی راہ پر گامزن کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ 5

اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی انجینئر میر یونس عزیز زہری، صوبائی وزراء [illegible] عوامی نمائندوں [illegible] منصوبوں [illegible] ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل [illegible] بنایا جا رہا ہے۔

بقیہ 6

پورا کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے [illegible] کی صدارت میں [illegible] اجلاس [illegible] سیکرٹری [illegible] اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی [illegible]

بقیہ 7

کاروبار میں آسانی کو یقینی بنانے پر زور دیا [illegible] اقدامات [illegible] اصلاحات کے ذریعے [illegible] اضافے کے لیے بھی اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 8

آن لائن لیکچر اور ویڈیو لنک [illegible] BEEF اسکالرشپ [illegible] طلبا و طالبات [illegible] BEEF اسکالرشپ [illegible] BEEF [illegible] فراہم کرنا ہے۔

بقیہ 9

شاہجہاں ترین اور دیگر بھی موجود تھے۔ حاجی خان محمد [illegible] پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی [illegible] عوام کی خدمت کرتی رہے گی۔

بقیہ 10

صوبے بھر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف [illegible] کارروائیوں کے دوران 135 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ، پستول 122، کلاشنکوف 4، رائفل 8، [illegible] 787 گولیاں، چرس 70 اور 94 کلو، [illegible] 771 گرام، آئس 12 کلو 625 گرام، افیون 4 کلو 20 گرام، کرسٹل 285 گرام، ہیروئن 5 کلو 640 گرام، [illegible] 600 گرام اور شراب کی 36 بوتلیں [illegible]

گئیں۔ اس کے علاوہ 3 مسروقہ گاڑیاں، 20 موٹر سائیکلیں اور 12 موبائل فون بھی برآمد کیے۔ اور دفعہ 550 کی خلاف ورزی پر [illegible] گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کو تحویل میں لیا گیا جبکہ 2,510 گاڑیوں کے [illegible] بلوچستان پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ، امن و امان کے قیام اور قانون کی عملداری کو یقینی بنانے کے لیے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا تفریق کارروائیاں جاری رکھے گی۔ پولیس اہلکاروں کو عوام کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنے کے [illegible] میں آنے [illegible] کرنے اور [illegible] انہیں [illegible]

بقیہ 11

اور متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ ڈویژن کے دیگر [illegible] ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی [illegible] اپنے اضلاع [illegible] کیے گئے [illegible] اجلاس [illegible] کی مجموعی [illegible] کے خلاف [illegible] BISA [illegible] کیا گیا۔

بقیہ 12

اقوام متحدہ کے ادارے UNFPA، آسٹریلین ایڈ اور دیگر شراکت داروں [illegible] ماہرین نے [illegible] ہنگامی [illegible] خواتین اور [illegible] تحفظ [illegible] عملی وضع

From —Protection to Preparedness Resilient More Safer for Together Balochistan

[illegible] کا اظہار کیا [illegible] کے ساتھ [illegible] اور کمزور [illegible] اس [illegible] حالات میں [illegible] اضافہ [illegible] اداروں [illegible] رہے ہیں۔ [illegible] GBViE [illegible] ورک کو [illegible] پر زور دیا [illegible]

بقیہ 13

[illegible] صوبے کے [illegible] کر کے [illegible] انہوں [illegible] روزگاری کے [illegible] "قرضِ حسنہ اسکیم" [illegible] کے بعد [illegible] ٹیوٹا [illegible] کے نئے [illegible] کرائی کہ [illegible] ہوئے [illegible] جائے گی [illegible] کے بہتر [illegible] مواقع میسر آسکیں۔

بقیہ 14

ذرائع کے مطابق منگل کو بائی پاس [illegible] ایس ایچ او [illegible] سے معمو [illegible] پتہ ہو گئے [illegible] منگل کی [illegible]

بقیہ 15

[illegible] کانفرنس کے [illegible] لنکا کے [illegible] لنکا میں [illegible] دیگر متعلقہ [illegible] خیر مقدم کیا [illegible] ہوئے وزیر [illegible] ڈیجیٹل [illegible] کے خطاب [illegible] معلومات کی [illegible] اداروں کی [illegible] کو نمایاں کیا [illegible] تک بہتر [illegible] انتظامی [illegible] اجاگر کی [illegible] نمائندگان [illegible] کاکڑ کی [illegible] ریشن [illegible] سراہا گیا [illegible] پذیرائی [illegible] صحت کے [illegible] میں نمایاں [illegible] ایچ آئی [illegible] آرڈینیٹر [illegible] کو بھی سراہا [illegible] کو مضبوط [illegible] کی بہتری [illegible] کے کردار کو [illegible] اصلاحات کو [illegible] پاکستان [illegible] محکمہ صحت، [illegible] تعاون سے [illegible] بہتری اور [illegible] کو تقویت [illegible] اداروں کی [illegible] تجربے کو [illegible] کانفرنس [illegible] صحت، [illegible] جانب سے [illegible] خیال کیا [illegible] پاکستان کی [illegible] نفاذ اور [illegible] کو نمایاں [illegible] ہیلپ سینٹر [illegible] ممالک کی [illegible] بلوچستان کی [illegible] اصلاحات کی [illegible] جس سے [illegible] تجربات کے [illegible]

بقیہ 16

[illegible] مقدار میں منشیات 3 مسروقہ گاڑیاں، 20 موٹر سائیکلیں، 12 موبائل فون [illegible] 2500 سے [illegible] بلوچستان پولیس [illegible] بلوچستان محمد [illegible] میں جرائم [illegible] مہم جاری [illegible] کے خلاف [illegible] مختلف [illegible] 135 ملزمان [illegible] ان کے [illegible] پستول 122، [illegible] 787 [illegible] چرس 70 اور [illegible] 90 کلو [illegible] 771 گرام، آئس 12 کلو 625 گرام [illegible] افیون 4 کلو [illegible] 285 گرام، ہیروئن 5 کلو 640 گرام [illegible] 600 گرام [illegible] شراب کی 36 بوتلیں [illegible] 3 مسروقہ گاڑیاں، 20 [illegible] اور دفعہ [illegible] 550 [illegible] سائیکلوں کو [illegible] 2,510 گاڑیوں [illegible] عوام کے [illegible] قانون کی [illegible] عناصر کے [illegible] پولیس [illegible] آنے کے [illegible] میں آنے [illegible] کرنے اور [illegible] انہیں [illegible]

بقیہ 17

[illegible] کوئٹہ کے [illegible] پولیس [illegible] نامعلوم شخص کی [illegible] کارروائی کے بعد [illegible] اور مزید [illegible]

بقیہ 18

پرانے گھروں میں جاکر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ قائم مقام چیئر مین سینٹ سیدال خان ناصر نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ انہوں سینٹر نصیب اللہ بازئی کے بھائیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ سینٹر نصیب اللہ بازئی نے ہمیشہ بلوچستان کے عوام کے حقوق کیلئے آواز بلند کی انکی صوبے کے عوام کیلئے خدمات کو ہمیشہ سنہرے حروف میں یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے سینئر صحافی عبدالستار کاکڑ کے بیٹے سے تعزیت کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ عبدالستار کاکڑ نے بطور صحافی صوبے کے عوام کے مسائل کو ہمیشہ اپنے قلم کے ذریعے اجاگر کیا اور انہیں اقتدار کے ایوانوں تک پہنچایا انکی شعبہ صحافت اور عوام کیلئے خدمات کو ہمیشہ صوبے کے عوام یاد رکھیں گے۔

بقیہ 19

ہدایت کی کہ فیکٹریوں میں صفائی و ستھرائی، حفظانِ صحت اور دیگر قانونی تقاضوں پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے واضح کیا کہ عوام کو فراہم کی جانے والی برف اور دیگر اشیائے خورد و نوش کے معیار اور حفظانِ صحت کے اصولوں پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، جبکہ خلاف ورزی کرنے والے اداروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ صنعتی و تجارتی مراکز کی نگرانی کا سلسلہ جاری رہے گا تاکہ عوام کو معیاری اور صحت بخش اشیاء کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

بقیہ 20

سمگلر منشیات کی بھاری کھیپ ذخیرہ کر کے سمگل کرنا چاہتے ہیں جس پر انہوں نے کیچ کے علاقے جوسک میں ایک کمپاؤنڈ میں چھاپہ مار کر چھپائی گئی منشیات چرس 2454 کلو، میتھ ایمفیٹامائن 1363 (آئس)، ہیروئن 8 کلو گرام مجموعی طور پر برآمد ہونے والی منشیات 3825 کلو گرام ہے ذرائع کے مطابق قبضے میں لی جانے والی منشیات کی مجموعی طور پر مالیت 56 کروڑ روپے سے زائد بنتی ہے ابتدائی تحقیقات کے مطابق منشیات افغانستان سے پاکستان اسمگل کی گئی تھی جس کو بعد میں سمندر کے راستے بیرون ملک سمگل کیا جانا تھا تاہم کوئی گرفتاری عمل میں نہیں ملزمان اور سہولت کاروں کی گرفتاری کیلئے کارروائیاں شروع کر دی گئی ہے۔ مذکورہ کارروائی سے ایک بار پھر حقیقت واضح ہو چکی ہے کہ افغانستان میں سرگرم بین الاقوامی منشیات اسمگلنگ نیٹ ورکس مخصوص جغرافیہ محل وقوع کی وجہ سے پاکستان کی سرزمین اور سمندری راستوں کو دیگر ممالک تک منشیات پہنچانے کیلئے بطور راہداری استعمال کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ اے این ایف کے عملے نے ایک ماہ قبل انٹیلی جنس بیسڈ معلومات پر کولمبو ایئرپورٹ پر کنٹینر سے 463 کلوگرام میتھ ایمفیٹامائن (آئس) برآمد کر کے نیٹ ورک کے افغان سرغنہ کو اے این ایف نے گرفتار کیا جس کے نتیجے میں افغانستان سے فعال منظم منشیات نیٹ ورکس کے علاقائی اور بین الاقوامی روابط مزید نمایاں ہوئے۔ موجودہ کارروائی بھی اسی وسیع تر چیلنج کی عکاسی ہے کہ اے این ایف ایسے نیٹ ورکس اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں مسلسل جاری رکھے ہوئے ہے۔ اے این ایف کی ملک بھر میں انسداد منشیات کارروائیاں پوری قوت اور عزم کے ساتھ جاری ہیں تاکہ منشیات کے خلاف جنگ میں "منشیات سے پاک پاکستان" کی منزل کے حصول کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 21

باطل قوتوں کے مذموم عزائم کی مزاحمت میں ہمیشہ علماء کرام نے قائدانہ اور تاریخی کردار ادا کیا ہے آج بھی قوم کی نظریں علماء حق کی جانب مرکوز ہیں۔ عوام علماء کرام کا دست و بازو بنیں اور دینی و ملی مقاصد کے حصول کے لیے ان کا بھرپور ساتھ دیں۔ دریں اثناء ضلعی ترجمان کی جانب سے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق جمعرات 8 اکتوبر کو صبح 9 بجے جامع مطلع العلوم بروری روڈ میں ضلعی مجلس عمومی کا اہم اجلاس منعقد ہوگا جس میں ضلعی مجلس عمومی کے اراکین شرکت کریں گے۔ اجلاس کے لیے تمام اراکین کو باقاعدہ دعوت نامے جاری کیے جا چکے ہیں۔ اعلامیہ کے مطابق 9 اکتوبر کو بعد از نماز جمعہ جناح روڈ سے عظیم الشان امن ریلی نکالی جائے گی جس سے جمعیت علماء اسلام کے قائدین خطاب کریں گے۔ ریلی کی بھرپور تیاری اور کامیابی کے لیے ضلع بھر کے تمام یونٹوں کو ضروری ہدایات جاری کر دی گئی ہیں، جبکہ کارکنان اور عوام سے بھرپور شرکت کی اپیل کی گئی ہے۔

بقیہ 22

ہے بلکہ مزدوروں اور اسٹاف سے اضافی اوقات میں کام لینے پر بھی مجبور ہیں۔ اضافی ڈیوٹی کے عوض اوور ٹائم کی ادائیگی سے کاروباری اخراجات میں مزید اضافہ ہو رہا ہے صنعتکاروں کا کہنا ہے کہ صوبے میں امن و امان کی موجودہ صورتحال کے باعث رات کے اوقات میں صنعتی یونٹس اور ملز چلانا بھی ایک مشکل امر ہے۔ دوسری جانب رات کے اوقات میں زیادہ بجلی استعمال کرنے کی صورت میں بجلی کے نرخ میں اضافے کا مسئلہ بھی درپیش ہے، جس سے صنعتکاروں پر مالی بوجھ مزید بڑھ جاتا ہے صنعتکاروں نے مزید کہا کہ بجلی کے بل پر موجود متعلقہ حکام اور شکایات کے نمبرز پر رابطہ کرنے کی صورت میں بھی کوئی جواب موصول نہیں ہوتا، جس کے باعث صارفین کو اپنی شکایات کے ازالے کے لیے شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے کیسکو چیف سے درخواست کی کہ شکایات کے بروقت ازالے اور صارفین کو جواب دہی یقینی بنانے کے لیے اس حوالے سے کوئی موثر اور بہتر لائحہ عمل وضع کیا جائے ان کا کہنا تھا کہ صنعتی ادارے اپنے بجلی کے واجبات بروقت ادا کرنے کے باوجود بجلی کی سہولت سے مستفید نہیں ہو پا رہے، جو ایک لمحہ فکریہ ہے۔ بروقت بلوں کی ادائیگی کے باوجود طویل اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے صنعتوں کی پیداواری صلاحیت متاثر ہونا صنعتی شعبے کے لیے باعث تشویش ہے صنعتکاروں اور فلور ملز مالکان نے حکومت بلوچستان اور کیسکو حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ صنعتی علاقوں کو بجلی کی فراہمی کے دورانیے میں اضافہ کیا جائے، غیر ضروری اور طویل لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ کم کیا جائے اور صنعتوں کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے فوری اور موثر اقدامات کیے جائیں ان کا کہنا تھا کہ صنعتی شعبہ روزگار اور صوبائی معیشت میں اہم کردار ادا کرتا ہے، اس لیے بجلی کی فراہمی میں بہتری کے بغیر صنعتی و کاروباری سرگرمیوں کا فروغ ممکن نہیں۔

بقیہ 23

سکالرشپ پروگرام کے حوالے سے ایک آگاہی سیمینار منعقد ہوا جبکہ بوائز ڈگری کالج استا محمد کے طالب علموں نے بھی بذریعہ ویڈیو لنک کے شرکت کی سیمینار میں چیف ایگزیکٹو آفیسر BEEF خالد خان نے دیگر متعلقہ حکام کے ہمراہ ویڈیو لنک کے ذریعے خصوصی شرکت کی اس موقع پر انہوں نے طلبا و طالبات اساتذہ اور تعلیمی اداروں کے سربراہان کو BEEF اسکالرشپ پروگرام کے طریقہ کار اہلیت درخواست جمع کرانے کے مراحل تعلیمی سہولیات اور دیگر اہم امور کے بارے میں تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ سیمینار میں ڈپٹی کمشنر استا محمد رمضان پلال اسسٹنٹ کمشنر استا محمد ماریہ شمعون پرنسپل بوائز ڈگری کالج استا محمد پرنسپل گرلز ڈگری کالج استا محمد مختلف سرکاری و نجی تعلیمی اداروں کے ہیڈ ماسٹرز و ہیڈ مسٹریسز، اساتذہ گرلز و بوائز ڈگری کالج کے طلبا و طالبات اور دیگر متعلقہ افراد نے بھرپور شرکت کی۔

بقیہ 24

بریفنگ دی انہوں نے بتایا کہ ہسپتال میں آنے والے مریضوں کو دستیاب وسائل کے مطابق طبی سہولیات اور ضروری ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عبدالغفور جمالی نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا بھی جائزہ لیا اور متعلقہ افسران و طبی عملے سے مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں انہوں نے ہدایت کی کہ ہسپتال میں ادویات کے اسٹاک کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جائے تاکہ کسی بھی ضروری دوا کی قلت پیدا نہ ہو اور مریضوں کو بروقت ادویات کی فراہمی میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے انہوں نے محکمہ صحت کے افسران اور طبی عملے پر زور دیا کہ دور دراز علاقوں سے علاج کی غرض سے آنے والے مریضوں کی خدمت کو مقدس فریضہ سمجھتے ہوئے ان کے ساتھ حسن سلوک ہمدردی اور ذمہ داری کا مظاہرہ کیا جائے مریضوں کو بہتر سے بہتر طبی امداد ضروری ادویات اور علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی اور سرکاری ہسپتالوں میں طبی خدمات کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے جبکہ ہسپتالوں کی کارکردگی اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کی نگرانی کا سلسلہ بھی جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 25

اساتذہ کی شخصیت روشنی کا وہ مینار ہے جو اندھیروں میں راستے دکھاتی ہے اور معاشرے کی بنیاد کو مضبوط کرتی ہے، استاد کسی بھی قوم کا حقیقی معمار ہوتا ہے جو صرف نصابی تعلیم ہی نہیں دیتا بلکہ نسلوں کے کردار اور اخلاق کی تعمیر کرتا ہے، استاد کا لباس، لب و لہجہ، سچائی اور باوقار انداز طلبا کے لیے ایک عملی نمونہ ہوتا ہے، استاد کا احترام طلبا و طالبات سمیت تمام معاشرے پر لازم ہے۔ آخر میں اول دوم اور سوم آنے والے طلبا و طالبات میں انعامات تقسیم کیے گئے۔

بقیہ 26

بنانے کی ہدایت کی۔ ڈاکٹر نقیب اللہ نیازی نے ایمرجنسی شعبے کا بھی تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے موجود مریضوں سے ملاقات کی اور طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکس اور دیگر تمام عملے کو ہدایت کی کہ مریضوں کو بروقت اور بہترین طبی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ایم ایس نے کہا کہ ہسپتال آنے والا ہر مریض ہماری اولین ترجیح ہے، اس لیے تمام ملازمین اپنے فرائض پوری ذمہ داری، خلوص اور پیشہ ورانہ انداز میں سرانجام دیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ تمام عملہ اپنی ڈیوٹی پر بروقت حاضر رہے اور غیر حاضری کی بھی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے صفائی کے عملے کو بھی ہدایت کی کہ ہسپتال کے تمام شعبہ جات، وارڈز، ایمرجنسی اور دیگر مقامات پر صفائی و ستھرائی کے بہترین انتظامات کو یقینی بنایا جائے تاکہ مریضوں کو صاف، محفوظ اور بہتر ماحول فراہم کیا جا سکے۔ ایم ایس ڈاکٹر نقیب اللہ نیازی نے کہا کہ ٹیچنگ ہسپتال لورالائی میں مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی، عملے کی حاضری، صفائی و ستھرائی اور ہسپتال کے نظم و ضبط پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 27

شکایات سے پولیس افسران کو آگاہ کیا، جن میں متعدد شکایات کا موقع پر ہی ازالہ کیا گیا جبکہ دیگر مسائل کے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کی گئیں۔ شہریوں کی جانب سے اینگل اسکواڈ سے متعلق شکایات پر پولیس نے اہلکاروں کے چہرے ڈھانپنے پر پابندی عائد کرنے کا فیصلہ کیا۔ گشت کے مؤثر نظام کے لیے اینگل اسکواڈ کی موٹر سائیکلوں کی تعداد دو سے بڑھا کر چار کر دی گئی جبکہ گشت پر مامور اہلکاروں کی تعداد چار سے بڑھا کر آٹھ کر دی گئی۔ شہریوں نے سنیچرز اور چوروں کے خلاف پولیس کارروائیوں اور مسروقہ سامان کی برآمدگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے پولیس کا شکریہ ادا کیا۔ پولیس افسران کا کہنا تھا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد پولیس اور عوام کے درمیان رابطے کو مزید مضبوط بنانا، شہریوں کی شکایات براہ راست سننا اور ان کے مسائل کا بروقت اور مؤثر ازالہ یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 28

صدر پولیس نے ملزم اکرم سے چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد کر لی اسی طرح خروٹ آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سمیع اللہ اور پرویز سے چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد کر لی۔ ایس ایچ او بروری نے کارروائی کرتے ہوئے ممتاز علی سے غیر قانونی، اسلحہ، پسٹل، میگزین بمعہ راؤنڈ برآمد کر لئے تمام گرفتار ملزمان کیخلاف مقدمات درج کر کے کارروائی شروع کر دی۔

بقیہ 29

صورتحال، سیاسی سرگرمیوں اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے عوامی مسائل کے حل، سیاسی رابطوں کے فروغ اور باہمی تعاون کو مزید مؤثر بنانے پر زور دیا اس موقع پر صوبے میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق امور پر بھی گفتگو کی گئی۔

بقیہ 30

انتخابی اتحاد تھا ہم اُنکی قیادت اور کارکنوں کے شکر گزار ہیں وہ مندوخیل شرقی علاقائی یونٹ کے زیر اہتمام کلی تکئی سلیازہ اور گردہ بابڑ میں عوامی اجتماعات سے خطاب کر رہے تھے جس سے پارٹی کے سینئر ڈپٹی چیئرمین رضا محمد رضا، صوبائی نائب صدر عبدالقیوم ایڈووکیٹ، ضلعی سینئر ڈپٹی سیکرٹری نعمت اللہ مندوخیل، ڈاکٹر افراسیاب مندوخیل، سردار محمد انور بابڑ، اکبر خان، اعظم خان نے بھی خطاب کیا جبکہ گردہ بابڑ میں سیف الرحمن نے پارٹی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ اور عزیز اللہ خان نے سینئر ڈپٹی چیئرمین رضا محمد رضا کو پشتنی دستار پہنائے۔ پارٹی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پشتون قوم کو زندگی کے ہر شعبے میں اذیت ناک صورتحال کا سامنا ہے اُن کی بہت بڑی اکثریت مسافرانہ زندگی پر مجبور ہے اور آئی ڈی پیز کی شکل میں دربدر ہے

بقیہ 31

سیاحت اور ٹیکنالوجی تک ہر شعبے میں نئے کاروباری ماڈلز کی گنجائش موجود ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ان امکانات کو فائلوں اور رپورٹس سے نکال کر قابل عمل منصوبوں میں تبدیل کیا جائے۔ بلال خان کاکڑ نے کہا کہ سرمایہ کاری بورڈ کی ترجیح صرف سرمایہ کاری لانا نہیں بلکہ سرمایہ کاری کو کامیاب بنانا ہے۔ اس مقصد کے لیے سرمایہ کاروں کو درست معلومات، بروقت رہنمائی اور اداروں تک آسان رسائی فراہم کرنا ضروری ہے۔

بقیہ 32

ڈائریکٹر ایجوکیشن نے اساتذہ اور طلباء کے حاضری رجسٹر کا بھی معائنہ کیا اور سکول ریکارڈ کو باقاعدگی سے مکمل رکھنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے ہیڈ ماسٹرز اور سکول عملے سے ملاقات کر کے تدریسی و انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے سکول کی عمارت، کلاس رومز، صحن اور صفائی ستھرائی کی صورتحال بھی دیکھی اور سکول انتظامیہ کو تعلیمی ماحول مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ ڈاکٹر سلیم زرکون نے کہا کہ تعلیم کے شعبے میں غفلت اور لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اساتذہ اپنی حاضری یقینی بنائیں اور طلباء کی بہتر تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ دیں تاکہ علاقے میں تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔

بقیہ 33

کے عین مطابق ہوا اس موقع پر کلسٹر اسپیکشن کمیٹی کے اراکین نے اسکول میں موجود خریدے گئے سامان کا موقع پر باریک بینی سے معائنہ کیا اور سامان کی تعداد، معیار، حالت اور استعمال کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا کمیٹی نے کلسٹر سے متعلق دستیاب ریکارڈ، خریداری کی تفصیلات اور دیگر متعلقہ دستاویزات بھی چیک کیے تاکہ تمام معاملات میں شفافیت اور قواعد و ضوابط کی پابندی کو یقینی بنایا جا سکے کمیٹی نے اس بات پر بھی زور دیا کہ کلسٹر کے تحت آنے والے تمام اسکولوں میں تعلیمی سامان اور فرنیچر کی منصفانہ، ضرورت کے مطابق اور شفاف تقسیم کو یقینی بنایا جائے، تاکہ ہر اسکول کے طلباء اور اساتذہ کو یکساں طور پر سہولیات میسر آسکیں اور تعلیمی سرگرمیوں کو مزید موثر بنایا جا سکے اس موقع پر کمیٹی نے اسکول انتظامیہ کو ہدایت کی کہ فراہم کردہ تعلیمی سامان کو طلباء کی تعلیمی ضروریات کے مطابق بروئے کار لایا جائے اور اس کی مناسب دیکھ بھال کو یقینی بنایا جائے کمیٹی نے واضح کیا کہ سرکاری وسائل کے شفاف اور موثر استعمال، تعلیمی معیار میں بہتری اور طلباء کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے ایسے معائنے کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 34

والی تدریسی سہولیات کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کو بریفنگ دی گئی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ تمام سرکاری تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی بروقت اور یقینی حاضری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، جبکہ غیر حاضر رہنے والے ملازمین کے خلاف قواعد و ضوابط کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جدید اور معیاری تعلیم کے فروغ کے بغیر کوئی بھی قوم ترقی کی منازل طے نہیں کر سکتی۔ تعلیم ہی وہ بنیادی ذریعہ ہے جس کے ذریعے نوجوان نسل کو مستقبل کے چیلنجز سے نمٹنے کے قابل بنایا جا سکتا ہے انہوں نے کہا کہ اساتذہ معاشرے میں انتہائی اہم اور ذمہ دارانہ کردار ادا کر رہے ہیں اس لیے ان پر لازم ہے کہ وہ اپنے فرائض منصبی کو قومی ذمہ داری سمجھتے ہوئے پوری ایمانداری لگن اور محنت کے ساتھ انجام دیں انہوں نے مزید کہا کہ بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی ان کی تعلیمی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور اسکولوں میں سازگار تعلیمی ماحول پیدا کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ وہ تعلیمی اداروں کے باقاعدگی سے دورے کریں اساتذہ اور طلبا کی حاضری کی موثر نگرانی کریں اور جہاں کہیں بھی کمی یا کوتاہی سامنے آئے اسے فوری طور پر دور کیا جائے انہوں نے کہا کہ سرکاری اسکولوں میں طلبا کی تعداد میں اضافے کے ساتھ ساتھ تعلیم کے معیار کو بہتر بنانا بھی محکمہ تعلیم کی اولین ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے اس سلسلے میں والدین، اساتذہ اور محکمہ تعلیم کے افسران باہمی تعاون کے ذریعے بچوں کو بہتر تعلیمی سہولیات فراہم کرنے میں اپنا کردار ادا کریں ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ تعلیم کے شعبے میں کسی قسم کی غفلت یا لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی اور افسران و ملازمین اپنی ذمہ داریاں پوری تندہی سے ادا کریں تاکہ ضلع نصیر آباد میں تعلیمی نظام کو مزید موثر اور بہتر بنایا جا سکے۔

بقیہ 35

کرنے والے اداروں نے شرکت کی، جہاں نوجوانوں کو ملازمتوں کے مختلف مواقع، بھرتی کے طریقہ کار اور مطلوبہ اہلیت کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ بڑی تعداد میں نوجوانوں نے جاب فیئر میں شرکت کی اور مختلف کمپنیوں کے نمائندگان کو اپنے تعلیمی کوائف اور تجربے سے آگاہ کیا۔ پاکستان مائنارٹیز موومنٹ کے چیئرمین پیٹر چارلس سہوترا نے کہا کہ ہماری منزل انحصار سے بااختیاری، انتخاب کے بجائے حقیقی شرکت اور محرومی کے بجائے مساوی مواقع ہیں، حقیقی بااختیاری کیلئے نوجوانوں کو تعلیم، ہنر اور روزگار کے عملی مواقع فراہم کرنا ضروری ہے، ہمارا مشن 'مضبوط اقلیتیں، مضبوط پاکستان' ہے، پاکستان مائنارٹیز موومنٹ اقلیتوں کو متحد کرنے، آئینی حقوق سے آگاہی، معاشی مواقع اور جمہوری و انتخابی عمل میں براہ راست شرکت کیلئے شعور اجاگر کر رہی ہے، درست مردم شماری، ووٹر رجسٹریشن، سیاسی شعور اور اقلیتی شہریوں کی قومی سیاست میں مؤثر شرکت کیلئے بھی آواز بلند کر رہی ہے۔ پیٹر چارلس سہوترا نے کہا کہ نوجوان کسی بھی ملک کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں اور انہیں تعلیم، ہنر اور روزگار کے مساوی مواقع فراہم کرنا معاشرے کی اجتماعی ذمہ داری ہے، اقلیتی برادری کے نوجوانوں کو قومی دھارے میں مؤثر انداز میں شامل کرنے کیلئے فنی تعلیم، ہنرمندی اور روزگار کے مواقع میں اضافہ ناگزیر ہے، اس نوعیت کے جاب فیئرز نہ صرف نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرتے ہیں بلکہ انہیں اپنی صلاحیتوں کو عملی میدان میں بروئے کار لانے کا موقع بھی دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی میں اقلیتی برادری کے نوجوانوں کا کردار نہایت اہم ہے اور انہیں مساوی مواقع فراہم کر کے ملک کی معاشی و سماجی ترقی کو مزید مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔ پیٹر چارلس سہوترا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اقلیتی برادری کے نوجوانوں کی فلاح و بہبود، تعلیم، فنی تربیت اور روزگار کے فروغ کیلئے ایسے اقدامات مستقبل میں بھی جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ 36

مقتول گزشتہ روز لاپتہ ہوا تھا جس کی گمشدگی کی اطلاع تھانہ انڈسٹریل کو تحریری طور پر دی گئی۔ نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی۔

بقیہ 37

ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے اور شہریوں کو درپیش مشکلات کے حوالے سے مختلف امور پر بھی گفتگو ہوئی۔ ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) حبیب شجاع نے وفد کے مؤقف کو غور سے سنا اور عوامی مسائل کے حل کے حوالے سے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں عوام کو بہتر بنیادی سہولیات کی فراہمی، شہری مسائل کا بروقت ازالہ اور عوامی مشکلات کو کم کرنا شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ جائز عوامی مسائل کے حل کے لیے متعلقہ محکموں کو ضروری ہدایات جاری کی جائیں گی اور دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے مؤثر اقدامات کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی نمائندوں، سیاسی و سماجی حلقوں اور شہریوں کے ساتھ رابطے کو اہمیت دیتی ہے تاکہ عوامی مسائل کی نشاندہی اور ان کے حل کے لیے مشترکہ طور پر عملی اقدامات کیے جا سکیں۔ ملاقات کے دوران اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ عوامی مفاد سے متعلق معاملات کے حل کے لیے باہمی رابطہ اور تعاون کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 38

ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن ظریف احمد اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ ڈائریکٹر جنرل نے نئے رکشوں کا معائنہ کیا، جبکہ پروجیکٹ ڈائریکٹر واٹر میر جان بلوچ اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر میونسپل ونگ یحییٰ واڈیلہ نے ان کی ٹیسٹ ڈرائیو بھی کی۔ نئے لوڈر رکشے پانی کی فراہمی کے نظام کی دیکھ بھال و مرمت، پائپ اور دیگر ضروری سامان کی ترسیل، شہر کی صفائی، کچرے اور ملبے کی منتقلی، سیوریج و ڈرینج لائنوں کی صفائی اور دیگر میونسپل امور میں استعمال ہوں گے۔ اسی طرح شعبہ باغبانی میں یہ گاڑیاں پارکس، گراؤنڈز، گرین بیلٹس اور شاہراہوں پر شجرکاری، پودوں کی دیکھ بھال، پانی دینے اور باغبانی کے سامان کی ترسیل کے لیے معاون ثابت ہوں گی۔ جی ڈی اے کے ٹرانسپورٹ افسر حاجی شکیل احمد کے مطابق کم سائز اور بہتر نقل و حرکت کے باعث لوڈر رکشے شہر کی گلیوں اور مختلف فیلڈ مقامات تک رسائی کے لیے موزوں ہیں۔ ان کے اضافے سے متعلقہ شعبوں کی فیلڈ آپریشنل استعداد اور شہری خدمات کی فراہمی میں بہتری آئے گی اور روزمرہ کے چھوٹے و درمیانے درجے کے کام زیادہ تیزی سے انجام دیے جا سکیں گے۔ نئے لوڈر رکشوں کا مشینری فلیٹ میں اضافہ جی ڈی اے کی جانب سے گوادر میں صاف ستھرے، سرسبز اور بہتر شہری ماحول کے قیام اور شہریوں کو مؤثر سہولیات کی فراہمی کے لیے جاری اقدامات کا حصہ ہے۔

بقیہ 39

اسمبلی جمال شاہ کاکڑ اور مسلم لیگ ن بلوچستان کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر مواصلات محمد سلیم خان کھوسہ کا شکریہ ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں رہنماؤں نے بلوچستان میں مسلم لیگ ن کو مزید فعال اور منظم بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے اور اپنی سیاسی و تنظیمی کاوشوں سے پارٹی کو صوبے میں مضبوط کیا ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ بالخصوص جمال شاہ کاکڑ کی دن رات پارٹی کے لیے محنت، لگن اور تنظیمی سرگرمیوں نے مسلم لیگ ن کو بلوچستان میں ایک بڑی اور مضبوط سیاسی جماعت بنانے میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی سیکرٹریٹ کا قیام پارٹی کارکنوں کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے، جس سے پارٹی کی تنظیمی سرگرمیوں کو مزید فروغ ملے گا اور کارکنوں کو بہتر انداز میں اپنے قائدین اور جماعتی امور سے منسلک ہونے کا موقع ملے گا۔ مسلم لیگ ن کے رہنماؤں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ پارٹی کی مضبوطی، تنظیم سازی اور عوامی رابطہ مہم کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لاتے رہیں گے۔

بقیہ 40

باہر میڈیا سے گفتگو میں سلمان اکرم راجا نے کہا کہ بانی چیئرمین نے اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی اور سینیٹر علامہ ناصر عباس کو مذاکرات کا مکمل اختیار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت بات کرنا چاہتی ہے تو اپوزیشن قائدین سے رابطہ کرے، مذاکرات کرنے کا فیصلہ محمود خان اچکزئی اور علامہ ناصر عباس کریں گے۔

بقیہ 41

اڈیالہ جیل کو درخواست دے دی ہے اور درخواست میں انکشاف کیا کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق معلومات حکومتی مذاکراتی کمیٹی کے ارکان سے بھی ملی ہیں۔ درخواست میں انہوں نے دعویٰ کیا کہ رانا ثنا اللہ، نوید قمر اور اعجاز جاکھرانی سمیت حکومتی کمیٹی کے ارکان نے معلومات کی تصدیق کی ہے، بانی پی ٹی آئی کا بلڈ پریشر انتہائی حد تک بڑھنے کی اطلاعات ملی ہیں۔ فیصل فرید چوہدری نے درخواست میں کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی صحت کے باعث غیر ملکی ڈاکٹر سے مشورہ کیے جانے کی اطلاع ملی ہے، بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق معلومات انتہائی سنگین ہیں اور ان معلومات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے اڈیالہ جیل کے سپرنٹنڈنٹ سے درخواست کی ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت، سلامتی اور خیریت جاننے کے لیے فوری ملاقات ضروری

بقیہ 42

اسحاق ڈار نے ان کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے استقبال کیلئے موجود وزارت خارجہ کے اعلیٰ حکام کا سیکرٹری جنرل سے تعارف کرایا۔ قبل ازیں اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریش منگل کو تین روزہ سرکاری دورے پر اسلام آباد پہنچے، قائم مقام سیکرٹری خارجہ سفیر نبیل منیر نے ان کا استقبال کیا۔ انتونیو گوتریش یہ دورہ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی دعوت پر کر رہے ہیں۔ دفتر خارجہ کے مطابق دورے کے دوران اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل صدر مملکت، وزیراعظم، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اور چیف آف ڈیفنس فورسز و چیف آف آرمی سٹاف سے ملاقاتیں کریں گے۔

بقیہ 43

پی آر کے مطابق فتح-4 کا توسیع شدہ ورژن جدید ایویانکس اور جدید ترین نیوی گیشنل معاون نظام سے لیس ہے، جس کے باعث یہ ہتھیار نظام طویل فاصلے پر موجود اہداف کو انتہائی درستگی کے ساتھ نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے بتایا کہ تجرباتی لانچ کے دوران بہتر درستگی اور نظام کی بقا کی صلاحیت میں اضافے کے لیے شامل کیے گئے مختلف ذیلی نظاموں کے اضافی تکنیکی پیرامیٹرز کو بھی جانچا اور کامیابی سے توثیق کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق تجرباتی لانچ کا مشاہدہ پاک فوج کے سینئر افسران کے علاوہ اس نظام کو تیار کرنے والے ادارے کے سائنسدانوں اور انجینئرز نے کیا۔ کامیاب تجربے کے دوران ہتھیاروں کے نظام کی مختلف تکنیکی خصوصیات کا جائزہ لیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق صدر مملکت، وزیراعظم پاکستان، چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز اور سروسز چیفس نے فتح-4 کے توسیع شدہ ورژن کے کامیاب تجرباتی لانچ کو سراہا ہے۔ ملکی قیادت نے اس اہم سنگ میل کے حصول میں کردار ادا کرنے والے تمام سائنسدانوں، انجینئرز، ماہرین اور متعلقہ افراد کی تکنیکی مہارت، لگن اور عزم کو بھی سراہا۔ پاکستان کی جانب سے مقامی سطح پر جدید دفاعی نظاموں کی تیاری اور ان کے تجربات کا سلسلہ دفاعی ٹیکنالوجی کے شعبے میں ملکی استعداد کار کے فروغ کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ 44

اور مساوی مواقع کو عالمی تعلقات کی بنیاد بنانا ہوگا۔ چیئرمین سینیٹ کا جامع طرز حکمرانی، امن اور عالمی تعاون کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہنا تھا کہ پاکستان تنازعات کے پرامن حل، مکالمے اور کشیدگی میں کمی کا حامی ہے۔ سف رضانی نے کہا کہ نے عالمی برادری پر زور دیا کہ مسائل کے حل کے لیے بات چیت اور باہمی تعاون کو فروغ دیا جائے۔ چیئرمین سینیٹ نے کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت ملنا چاہیے۔

بقیہ 45

سے وزیر داخلہ نے خیبرپختونخوا میں دہشت گردی کا معاملہ اٹھایا تھا، پہلے دن اس معاملے پر اتفاق ہوا اور دہشت گردی سے متعلق نکات پر بات ہوئی، مذاکرات میں شامل کچھ لوگوں نے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سے جاکر بات کی اور اگلے روز ٹیم واپس آئی۔ انہوں نے کہا کہ پہلے دن بات چیت شروع ہونے سے قبل وزیر داخلہ نے فون کر کے کہا تھا کہ خیبرپختونخوا حکومت کا ایک شخص مذاکرات میں لے کر آئیں، تاہم مذاکرات کاروں نے کہا کہ خیبرپختونخوا حکومت کو ہم پر اعتماد ہے۔ پہلے دن کی بات چیت کے بعد اپوزیشن رہنما پشاور گئے، ہمیں رات کو یقین دلایا گیا کہ خیبرپختونخوا حکومت دہشت گردی کے معاملے پر اتفاق کرتی ہے، جس کے بعد وزیراعظم نے وزیر داخلہ سے کہا کہ اپوزیشن کو جتنی سیاسی اسپیس دی جا سکتی ہے، دی جائے۔ طلال چوہدری نے بتایا کہ وزیراعظم نے واضح کیا کہ ملک کی بہتری چاہیے، خواہ اس سے اپوزیشن کو سیاسی فائدہ بھی ہو تو کوئی مسئلہ نہیں، تاہم دہشت گردی کے معاملے پر 100 فیصد تعاون چاہیے، مذاکرات کے اگلے دن دہشت گردی کے معاملے پر مکمل اتفاق پایا جانا تھا۔ وزیر مملکت نے کہا کہ دوسرے روز پہلے ڈرافٹ میں تمام سیاسی معاملات پر اتفاق رائے ہو گیا تھا، اس ڈرافٹ میں بانی پی ٹی آئی کی صحت سمیت دیگر ایشوز بھی شامل تھے۔ انہوں نے کہا کہ میں اسے میثاق جمہوریت تو کہوں گا، یہ ایک بہت بڑا بریک تھرو تھا۔ طلال چوہدری نے کہا کہ وزیراعظم اور آرمی چیف روز جنازوں کو کندھا دیتے ہیں، یہ بڑا مشکل کام ہے۔ روز جنازے ہم اٹھا رہے ہیں اور جنگ عوام کی لڑ رہے ہیں۔ طلال چوہدری نے بتایا کہ پہلا ڈرافٹ رات 9 بجے تیار ہوا، جسے وزیر داخلہ صدر مملکت کے پاس لے کر گئے۔ مذاکرات کے آخری لمحات میں مسلسل وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سے رابطے میں تھے اور اس وقت اپوزیشن کے مذاکرات کار ہم سے آنکھیں نہیں ملا پا رہے تھے۔ وزیر مملکت نے کہا کہ انسداد دہشت گردی کا ایکشن پلان صرف ہمارا نہیں، یہ پلان قرآن و سنت کی آیات کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔ انہوں نے سوال کیا کہ کیا بانی پی ٹی آئی کا بنایا ہوا نیشنل ایکشن پلان پختونوں کے خلاف تھا؟ کیا نیشنل ایکشن پلان بانی پی ٹی آئی نے خود نہیں بنایا تھا؟ طلال چوہدری نے کہا کہ کیا یہ ممکن ہے کہ جہاں پاکستان کا کوئی فرقہ یا سیاسی جماعت جلسہ نہ کر سکے، اس علاقے میں آپ پھر رہے ہوں اور کوئی آپ پر پتھر بھی نہ مارے؟ کوئی تو چیز مشترک ہے آپ دونوں میں۔ انہوں نے کہا کہ وہاں سول سوسائٹی کا کوئی فرد محفوظ نہیں، سوائے پی ٹی آئی کے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ کیا یہ آپ کا ایک مسلح ونگ ہے؟ کیوں وہ آپ کو پتھر بھی نہیں مارتے اور باقیوں پر خودکش حملے کرتے ہیں؟ طلال چوہدری نے سوال کیا کہ آپ چاہتے ہیں ہماری سیکیورٹی فورسز ڈرونز استعمال نہ کریں؟ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے معاملات پر اتفاق رائے کے بعد آپ کو سیاسی اسپیس ملی، وزیراعظم نے بھی کہا کہ جتنی سیاسی اسپیس چاہتے ہیں، وہ ملے گی۔ وزیر مملکت نے کہا کہ بات چیت آگے بڑھ سکتی ہے لیکن مشروط طور پر۔ آج پشاور میں لانگ مارچ کی وجہ سے امتحانات موخر کر دیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب تک ایسے معاملات ختم نہیں ہوتے اور وزیر داخلہ نے جو ٹویٹ کی تھی اس پر 100 فیصد عمل نہیں کیا جاتا، بات چیت نہیں ہو سکتی۔ طلال چوہدری نے کہا کہ اس دفعہ ان کی جو غلط فہمی نکلے گی، اس کے بعد ملک میں مارچ نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ وقت آ گیا ہے کہ دہشت گردوں کے سہولت کاروں کے ساتھ نرمی نہ کی جائے، ریاست ماں ہوتی ہے لیکن ریاست کو باپ کا کردار بھی ادا کرنا پڑتا ہے، جب بچے ماں کو نقصان پہنچانا شروع کریں تو ریاست باپ کا کردار بھی ادا کرتی ہے۔ طلال چوہدری نے کہا کہ ٹی ایل پی ہو یا کوئی اور، اب کوئی نان سنس نہیں ہوگی۔

بقیہ 46

ممالک میں لیویٹی ویلفیئر اتاشیز کا نوٹیفکیشن جاری کرنے سے روکنے کے حکم میں توسیع کر دی گئی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے آرڈر کے باوجود اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کا جواب جمع نہ ہو سکا، اسلام آباد ہائیکورٹ نے اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کو 26 اکتوبر تک جواب جمع کرانے کی ہدایت کی، عدالت نے کہا کہ آئندہ سماعت تک جواب جمع نہیں کرایا جاتا تو سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ ذاتی حیثیت میں پیش ہوں۔ کیمونٹی ویلفیئر اتاشیز کیلئے اگست 2026 میں ہونے والے انٹرویو کے نتائج جاری کرنے سے روکنے کے حکم میں 26 اکتوبر تک توسیع کر دی گئی، اسلام آباد ہائیکورٹ نے فریقین کو آئندہ سماعت سے قبل تحریری جواب جمع کرانے کی ہدایت کی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس ایاز شوکت نے رضا حسن کی درخواست پر سماعت کی، عدالت نے اسٹیبلشمنٹ ڈویژن سے جواب طلب کرتے ہوئے سماعت 26 اکتوبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 47

علی زرداری نے معزز مہمان کو نشان امتیاز کا اعزاز عطا کیا۔ تقریب میں وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق، وفاقی کابینہ کے ارکان اور غیر ملکی سفرا نے شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کو پاکستان کی جانب سے نشان امتیاز کا اعزاز پیش کیا، تقریب میں اعلیٰ حکومتی شخصیات اور سفارتی نمائندوں کی شرکت نے تقریب کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

بقیہ 48

مشن اور پاکستانی حکام نے ایم ای ایف پی کی تیاری پر کام شروع کر دیا، آئی ایم ایف مشن نے وزارت خزانہ، ایف بی آر اور وزارت پٹرولیم کے حکام سے ملاقاتیں کیں، آئی ایم ایف نے صوبوں کی رضامندی سے شوگر سیکٹر ڈی ریگولیٹ کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ ذرائع کے مطابق سندھ نے مرکز کی شوگر پالیسی کو صوبائی خودمختاری میں مداخلت قرار دے دیا۔ ذرائع وزارت خزانہ نے کہا کہ سندھ کے اختلاف کے باعث شوگر پالیسی پر اتفاق نہ ہو سکا، آئی ایم ایف نے آٹو پالیسی میں ای وی گاڑیوں کو دی گئی ٹیکس چھوٹ ختم کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ ایف بی آر نے رواں سال کا ٹیکس ہدف حاصل کرنے کی یقین دہانی کرا دی، آئی ایم ایف نے جولائی تا ستمبر محصولات میں پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ آئی ایم ایف نے گردشی قرضے میں کمی اور ڈسکوز کے نقصانات پر قابو پانے پر زور دیا اور ڈسکوز کی نجکاری کے لیے اقدامات تیز کرنے پر بھی زور دیا۔ اقتصادی ٹیم نے دسمبر 2026 تک نئے این ایف سی کی یقین دہانی کرائی، رواں مالی سال پاکستان کی جی ڈی پی شرح نمو چار فیصد رہنے کا امکان ہے، علاقائی کشیدگی کے باعث کرنٹ اکاؤنٹ خسارے پر دباؤ بڑھنے کا خدشہ ہے۔ تاریخیں ہیں مذاکرات کامیاب ہوئے تو آئی ایم ایف مجموعی جائزے کا اعلامیہ جاری کرے گا، پاکستان کو قرض پروگرام کی پانچویں قسط کے لیے آئی ایم ایف ایگزیکٹو بورڈ کی منظوری درکار ہوگی۔

بقیہ 49

وزیرستان میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائیاں دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم ناکام بنانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فورسز نے شمالی وزیرستان میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کی، جس کے دوران 5 خوارج ہلاک اور 2 زخمی ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان اور گردونواح میں فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں کو کامیابی سے نشانہ بنایا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے فتنہ الخوارج کی نقل و حرکت پر مسلسل نگرانی رکھتے ہوئے ان کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کی۔ سیکیورٹی فورسز عزم استحکام وژن کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے پرعزم ہیں۔ دریں اثناء صدر مملکت آصف علی زرداری نے شمالی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائیاں دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم ناکام بنانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان میں صدر مملکت نے کارروائی میں 5 خوارج کو جہنم واصل اور 2 کو زخمی کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ صدر مملکت نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور مؤثر کارروائیاں دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم ناکام بنانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک جاری رہیں گی۔ اپنے بیان میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ وزیراعظم نے کارروائی میں فتنہ الخوارج کے 5 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو سراہتے ہوئے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے فتنہ الخوارج کے خلاف بروقت اور فیصلہ کن کارروائی کر کے دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، عزم استحکام وژن کے تحت دہشت گردی کا مکمل خاتمہ اور پائیدار امن حکومت کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 50

ظاہر نہیں کیں البتہ بنوں بورڈ کی طرف سے کہا گیا ہے کہ حالات کی خرابی اور ڈسٹرکٹ میں انٹرنیٹ سروس نہ ہونے کی وجہ سے امتحانات منسوخ کیے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ پی ٹی آئی کی جانب سے خیبرپختونخوا میں لانگ مارچ بھی نکالا جا رہا ہے جس کے باعث وہاں بعض علاقوں میں معمولات متاثر ہیں۔

بقیہ 51

جنگ میں سکیورٹی فورسز نے لازوال قربانیاں دی ہیں جن پر قوم کو ناز ہے۔ وزارت ریلوے سے جاری بیان کے مطابق محمد حنیف عباسی نے کہا کہ شمالی وزیرستان میں بروقت کارروائی کرتے ہوئے متعدد خوارج کو جہنم واصل کرنا سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور چوکسی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری فورسز کا عزم، بہادری اور بلند حوصلہ پوری قوم کے لیے باعث فخر ہے، اور پوری قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ محمد حنیف عباسی نے واضح کیا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز نے لازوال قربانیاں دی ہیں جن پر قوم کو ناز ہے۔ انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ جب تک ملک سے دہشت گردی کا مکمل خاتمہ نہیں ہو جاتا، یہ جنگ پوری قوت سے جاری رہے گی اور اس قومی مقصد کے لیے قوم اور سکیورٹی ادارے ایک پیج پر متحد ہیں۔

بقیہ 52

منگل کو اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ خوارجی دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت کا مظہر ہے۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے 5 خوارجی دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے مؤثر کارروائی کرتے ہوئے دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنائے، قوم کو اپنی بہادر سکیورٹی فورسز پر فخر ہے، دہشتگردی کے خاتمے کیلئے سکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ ملک میں امن و استحکام کے لیے دہشتگردی کا خاتمہ ناگزیر ہے، دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 53

پرانی ہے۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ مشکل وقت میں کارکن آگے اور خود پیچھے ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ علی امین گنڈاپور ٹول پلازا سے واپس جاتے ہوئے دفعہ 144 کا بہانہ بنا رہے تھے۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ دفعہ 144 ڈی آئی خان کے مخصوص علاقوں میں مخصوص اوقات کے لیے نافذ تھی، یارک ٹول پلازا پر نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کی قیادت اپنے ہی کارکنوں کو بے وقوف بنانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑتی۔

بقیہ 54

محترمہ مریم نواز شریف کے پنجاب سے کرپشن کے خاتمے، شفافیت اور احتساب کے ویژن کے تحت بدعنوانی کے خلاف سخت کارروائیاں تیز کر دی گئی ہیں حکومت پنجاب کی جانب سے حالیہ دنوں میں بھی سرکاری افسران واہلکاروں کو کرپشن کے خلاف سخت ہدایات جاری کی گئی ہیں، اسی ویژن اور حکومتی ہدایات کی روشنی میں محکمہ جیل خانہ جات پنجاب میں ایک اہم کارروائی عمل میں آئی، سپرنٹنڈنٹ جیل اٹک عمران برتھ، مورخہ 05 اکتوبر 2026 کو تقریباً رات 10 بجے آئی جی جیل خانہ جات پنجاب میاں سالک جلال سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کیلئے آئے۔ ملاقات کے دوران ڈسٹرکٹ جیل اٹک کے سکیورٹی، سیفٹی اور دیگر انتظامی امور پر گفتگو ہوئی بعد ازاں وہ وہاں سے روانہ ہو گئے لیکن تقریباً دو منٹ بعد سپرنٹنڈنٹ جیل اٹک دوبارہ واپس آئے اور ایک اہم بات کرنے کی خواہش ظاہر کی۔ آئی جی جیل خانہ جات ڈرائنگ روم میں پہنچے تو عمران برتھ وہاں موجود تھے۔ اسی دوران انہوں نے نوٹوں سے بھرا ہوا ایک لفافہ براہ راست آئی جی جیل خانہ جات کی میز پر رکھ دیا، آئی جی جیل خانہ جات پنجاب نے فوری طور پر رشوت کی رقم قبول کرنے سے انکار کیا اور واقعہ کی اطلاع فوری طور پر سیکرٹری ہوم پنجاب کو دی۔ بعد ازاں اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ پنجاب کو فوری کارروائی کے لیے اطلاع دی گئی۔ اینٹی کرپشن حکام نے فوری کارروائی کرتے ہوئے سپرنٹنڈنٹ جیل اٹک عمران برتھ کو رشوت کے لفافے سمیت رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ یہ کارروائی اس لحاظ سے بھی اہم ہے کہ کرپشن کے خلاف کارروائی کسی نچلے درجے کے اہلکار کے خلاف نہیں بلکہ محکمہ جیل خانہ جات کے ایک اہم انتظامی عہدے پر فائز سپرنٹنڈنٹ جیل کے خلاف عمل میں لائی گئی ہے۔ کارروائی سے یہ واضح پیغام دیا گیا ہے کہ محکمہ جیل خانہ جات میں کرپشن کے خلاف کارروائی بلا امتیاز اور عہدے سے بالاتر ہو کر کی جائے گی۔ آئی جی جیل خانہ جات پنجاب میاں سالک جلال نے واضح کیا کہ محکمہ جیل خانہ جات میں کرپشن، رشوت ستانی اور اختیارات کے ناجائز استعمال کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، کسی بھی افسر یا اہلکار کو قانون سے بالاتر نہیں سمجھا جائے گا۔ محکمہ جیل خانہ پنجاب کے مطابق واقعہ کے حوالے سے مزید قانونی کارروائی اور تحقیقات اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ پنجاب کی جانب سے قانون کے مطابق جاری ہیں۔

بقیہ 55

بلاتعطل رسد کو یقینی بنانے کے لیے ایرانی حکام سے رابطہ کرنے کی تیاری بھی کر رہی ہے تاکہ سمندری راستے میں کسی بھی قسم کی رکاوٹ سے بچا جا سکے، یہ اہم پیشرفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب قطر انرجی نے پاکستان کو ایل این جی کی فراہمی پر فورس میجور کی مدت میں 4 نومبر تک توسیع کر دی ہے۔ دوسری جانب حکام نے خدشہ ظاہر کیا کہ توانائی کا یہ تعطل آنے والے موسم سرما کے دوران بھی برقرار رہ سکتا ہے جس کے باعث ملک میں گیس کے بحران سے نمٹنے کے لیے فوری اور متبادل اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 56

روابط کے فروغ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وزیراعظم کے مشیر ہارون اختر خان نے کہا کہ پاکستان ازبکستان کے ساتھ اپنے اقتصادی تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانے اور تجارت، سرمایہ کاری، برآمدات اور سیاحت کے شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے کا خواہاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ازبکستان کے درمیان برادرانہ اور دوستانہ تعلقات قائم ہیں جو باہمی مفاد پر مبنی اقتصادی اور تجارتی روابط کو وسعت دینے کے لئے مضبوط بنیاد فراہم کرتے ہیں۔ مشیر وزیراعظم نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کے وژن کے مطابق پاکستان برادر اور دوست ممالک کے ساتھ اقتصادی اور تجارتی تعلقات کے فروغ پر خصوصی توجہ دے رہا ہے اور کاروباری و سرمایہ کاری تعاون کے لئے نئے مواقع پیدا کیے جا رہے ہیں۔ ملاقات میں ازبکستان کے صدر کے متوقع دورہ پاکستان کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس ضمن میں دورے کی تیاریوں اور دونوں ممالک کے درمیان باہمی تعاون کو مزید آگے بڑھانے کے مواقع کا جائزہ لیا گیا۔ ازبک فریق کی جانب سے پاکستانی وفد کو ازبکستان کے دورے اور مختلف صوبوں کے گورنرز سے ملاقاتوں کی دعوت بھی دی گئی تاکہ تجارت، سرمایہ کاری اور کاروباری سطح پر تعاون کے فروغ کے نئے مواقع تلاش کیے جا سکیں۔ ہارون اختر خان نے پاکستان اور ازبکستان کے درمیان براہ راست فضائی رابطوں کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ بہتر فضائی روابط دونوں ممالک کے عوام کے درمیان رابطوں، تجارت اور سیاحت کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔

بقیہ 57

زراعت اور ہاؤسنگ کے لیے طویل مدتی اور قابل استطاعت مالی سہولیات تک بہتر رسائی سے نجی سرمایہ کاری بڑھے گی، کاروبار کو وسعت ملے گی اور پیداواری سرگرمیوں کو فروغ حاصل ہوگا۔ انہوں نے یہ بات منگل کو یہاں آئی ایف سی کے پاکستان، افغانستان، کرغز جمہوریہ، تاجکستان اور ترکمانستان کے ڈائریکٹر سائمن اینڈریوز سے ملاقات میں کہی۔ آئی ایف سی کی پاکستان کی پرنسپل کنٹری آفیسر ناز خان بھی اس موقع پر موجود تھیں۔ ملاقات میں پاکستان میں نجی شعبے کی ترقی، سرمایہ کاری اور مالی سہولیات تک رسائی بڑھانے کے لیے آئی ایف سی کی جاری اور ممکنہ معاونت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خزانہ نے آئی ایف سی کے نمائندوں کا خیر مقدم کیا اور پاکستان کے ساتھ بالخصوص نجی شعبے کے لیے مالی معاونت اور سرمایہ کاری پر مبنی معاشی ترقی کے حوالے سے آئی ایف سی کی تسلسل شراکت داری کو سراہا۔

بقیہ 58

نے کہا کہ سعودی عرب کے دفاع پر پاکستان کا عزم واضح اور ناقابل سمجھوتہ ہے، سعودی عرب کے دفاع پر پاکستان کا عزم واضح اور ناقابل سمجھوتہ ہے، مشترکہ دفاع کی آپریشنل تفصیلات عملیاتی رازداری کا معاملہ ہیں۔ وزارت اطلاعات کے مطابق غیر مصدقہ اور گمنام ذرائع پر مبنی قیاس آرائیوں سے گریز کیا جائے، من گھڑت اعداد و شمار کے بجائے سرکاری بیانات پر انحصار کیا جائے۔

بقیہ 59

نے مینول بینک چالان کو ترجیح دی ہے۔ ڈیجیٹل حج پورٹل کے ذریعے گھر بیٹھے آن لائن ادائیگی کا تناسب 75 فیصد سے بڑھ گیا ہے۔ حج واجبات کی دوسری قسط کی مد میں 9 اعشاریہ 3 ارب روپے موصول ہو گئے۔ سرکاری سکیم میں حج واجبات کی دوسری قسط کی ادائیگی کی حتمی تاریخ 20 اکتوبر مقرر ہے۔ دوسری قسط کی ادائیگی سے قبل حج پورٹل پر میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹ اپلوڈ کرنا لازم ہے۔

بقیہ 60

جس پر انہوں نے باریک بینی سے نگرانی کے بعد گواڈ کا پٹر کے ذریعے حملہ کر کے 4 خوارج کو ہلاک کر کے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ ایمونیشن، گولہ بارود برآمد کر لیا۔ سکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشت گردوں کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 61

حکومت کی کوئی نمایاں کارکردگی نظر نہیں آئی، عوام بنیادی سہولیات سے بھی محروم ہیں۔ شہریوں نے کہا کہ 13 سال سے پی ٹی آئی کی حکومت صرف احتجاج اور دھرنوں میں مصروف ہے عوامی فلاح کیلئے کوئی کام نہیں کیا، پی ٹی آئی کی حکومت کے پاس ریلیف دینے کا کوئی روڈ میپ نہیں، عوام مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں۔ عوام نے کہا کہ صوبے میں نکاسی آب کا مسئلہ، تباہ حال اسپتال، اسکولوں میں طلبہ کے لیے بنیادی سہولیات تک میسر نہیں۔

بقیہ 62

کئی کمرے مکمل طور پر تباہ ہو گئے، جبکہ کمپنی کا قیمتی سامان کو بھی نقصان ہوا ہے مائنز اونر ملک سمیع اللہ تو تیزئی کے مطابق گزشتہ روز پوستی موکنٹوک زردکوہ میں واقع ان کی مائنز کمپنی کے لیبر کے لیے بنائے گئے کمروں کو مبینہ ڈرون حملے کا نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں کئی کمرے مکمل طور پر تباہ ہو گئے اور وہاں موجود سامان کو بھی شدید نقصان پہنچا۔ ملک سمیع اللہ تو تیزئی کے مطابق دھماکا انتہائی شدید تھا، جس کے باعث کمروں میں موجود سامان کے ٹکڑے کافی دور تک جا گرے۔ انہوں نے بتایا کہ علاقے میں خراب امن و امان کی صورتحال کے باعث تقریباً پانچ ماہ قبل مائنز کو بند کرنا پڑا تھا، تاہم کمپنی کا سامان اور دیگر ضروری اشیاء موقع پر موجود تھیں، جو مبینہ حملے کے نتیجے میں تباہ ہو گئیں۔ مائنز اونر ملک سمیع اللہ تو تیزئی نے آئی جی ایف سی ویسٹ اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے شفاف تحقیقات کرائی جائیں اور معلوم کیا جائے کہ مائنز کے کمروں پر مبینہ ڈرون حملہ کس نوعیت کا تھا اور اس کے حقائق سامنے لائے جائیں۔ اس حوالے سے ایس پی چاغی کا موقف ہے مبینہ ڈرون حملے کی مختلف ذرائع سے ہمیں بھی معلوم ہوا تاہم ہماری تحقیقات جاری ہے جو بھی حقائق ہوں تحقیقات کے بعد سامنے آ جائیں گے۔

بقیہ 63

اور وزیر داخلہ محسن نقوی نے ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گردی کے واقعات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیرونی سرپرستی اور مقامی سہولت کاروں کی طرف سے جاری دہشت گردی کے خلاف پاکستانی عوام اور سیکورٹی ادارے فولادی دیوار کی طرح کھڑے ہیں، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک دہشت گرد عناصر کے خلاف قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری رہیں گی۔

بقیہ 64

پرروٹ توڑنے اور لوگوں میں اشتعال پیدا کرنے کے کیس کی سماعت کی۔ پراسیکیوٹر راجا نوید اور ملزمان کے مرکزی وکلا کے جونیئر عدالت میں پیش ہوئے۔ جونیئر وکیل نے استدعا کی کہ مرکزی وکلا ہائیکورٹ میں ہیں لہذا عدالت چالان کی کاپیاں اور تاریخ دے دے۔ جج طاہر عباس سپرا نے ریمارکس دیے کہ چالان کی کاپیاں پہلے ہی دی جا چکی ہیں، آج عدالت نے اس کیس میں فرد جرم عائد کرنا ہے۔ جونیئر وکیل نے کہا کہ کلائنٹ سے ملنے کی رسائی نہیں دی جا رہی۔ جج طاہر عباس سپرا نے ریمارکس دیے کہ وکالت ناموں پر دستخط ہو کر آ چکے ہیں، عدالت کورٹ کی سماعت کو مینیج کرنے کی اجازت نہیں دے سکتی، مرکزی وکلا ساڑھے گیارہ بجے عدالت پیش ہوں پھر فرد جرم عائد کی جائے گی۔ عدالت نے کیس کی سماعت میں ساڑھے گیارہ بجے تک وقفہ کیا تاہم اڈیالہ جیل میں بجلی کی بندش کے باعث ملزمان کو ویڈیو لنک کے ذریعے عدالت پیش نہ کیا جا سکا جس کے سبب فرد جرم عائد نہ کی جا سکی۔ جج طاہر عباس سپرا نے ہدایت کی کہ جیل حکام آئندہ سماعت پر ملزمان کی ویڈیو لنک کے ذریعے حاضری یقینی بنائیں، بصورت دیگر جیل حکام کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی کی جائے گی۔ جیل حکام ایمان مزاری اور ہادی کی وکلا سے ملاقات یقینی بنائیں۔ عدالت نے کیس کی سماعت (آج) بدھ تک ملتوی کر دی، ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ پر فرد جرم کل عائد کی جائے گی۔ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے خلاف تھانہ آبپارہ میں مقدمہ درج ہے۔

بقیہ 65

ہوئے بتایا کہ علی مراد خان تالپور ایس آئی یو ٹی ہسپتال سکھر میں زیر علاج تھے۔ میر علی مراد خان تالپور 29 جون 1933 کو انگلینڈ کے شہر برائٹن سسکس میں پیدا ہوئے اور ابتدائی تعلیم سینٹ بونا وینچر ہائی اسکول حیدرآباد سے حاصل کی۔ اہل خانہ کے مطابق میر علی مراد خان تالپور نے اعلیٰ تعلیم برطانیہ کی کیمبرج یونیورسٹی سے حاصل کی۔ ڈپٹی کمشنر کے مطابق سابق ریاست خیرپور کے آخری حکمران ہز ہائینس میر علی مراد خان تالپور کے انتقال پر ضلع بھر میں عام تعطیل کی گئی ہے۔

بقیہ 66

اسمبلی کا اجلاس منگل کو اسپیکر عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت شروع ہوا، اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن اسمبلی زابد ریکی نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے عمرہ ادائیگی کے لیے بیرون ملک روانگی کے موقع پر ایئرپورٹ پر روکے جانے کا معاملہ ایوان میں اٹھاتے ہوئے اسے اپنا استحقاق مجروح کرنے کے مترادف قرار دیتے ہوئے کہا کہ انہیں ایئرپورٹ پر عمرہ ادائیگی کے لیے روانگی کے دوران روکا گیا اور ایف آئی اے حکام نے انہیں دہشت گرد قرار دے کر سفر سے روک دیا۔

بقیہ 67

سے پی ٹی آئی پر سہولت کاری کے الزامات بے بنیاد ہیں، کسی لیڈر کے خلاف کوئی ایک ثبوت ہو تو سامنے لائیں، ملکی معیشت لانگ مارچ سے تباہ نہیں ہوئی، پرائم منسٹر صاحب آپ کو چار سال ملے آپ کی معاشی پالیسیاں ناکام ہیں، حکومت نے معیشت پر توجہ دینے کے بجائے پی ٹی آئی کو ختم کرنے پر توانائی ضائع کی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے 2025 اے پی سی اعلامیہ پر عمل درآمد کرایا جائے، دہشت گردی کے خاتمے کے لیے کے پی حکومت نے کبھی تعاون سے انکار نہیں کیا، ایمرجنسی یا گورنر راج صوبے کے پانچ کروڑ عوام کے مینڈیٹ کی توہین ہے۔ شوکت یوسف زئی نے کہا کہ توقع ہے گورنر ہاؤس سازشوں کا گڑھ نہیں بنے گا، بیرسٹر گوہر اور سلمان اکرم راجہ آج بھی مذاکرات کی بات کر رہے ہیں، حکومت کو چاہیے بغیر کسی تعطل کے اپوزیشن سے مذاکرات شروع کرے، گورنر راج کا مشورہ دینے والے وزرا حکومت کو مزید بند گلی میں لے جانا چاہتے ہیں، ہمارے مطالبات جائز ہیں ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کے احکامات پر عمل درآمد چاہتے ہیں، عمران خان سے ملاقات، ہسپتال منتقلی اور ان کے کیسز کی جلد سماعت اور بہنوں کی رہائی ہی اس کا واحد حل ہے۔

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی صوبے میں سیکورٹی صورتحال سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان کی ڈیجیٹل ہیلتھ اصلاحات کو عالمی سطح پر پذیرائی ملنا باعث اطمینان ہے، سرفراز بگٹی

حکومت بلوچستان ٹیکنالوجی اور ڈیٹا پر مبنی نظام کے ذریعے صحت کے شعبے میں شفافیت اور جوابدہی کو مزید مضبوط بنا رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں صحت کے شعبے کی ڈیجیٹلائزیشن عالمی توجہ کا مرکز بن گئی صوبے کی ڈیجیٹل ہیلتھ پالیسی اور اصلاحات کو 26 ممالک کی شرکت والی بین الاقوامی کانفرنس میں نمایاں کیا گیا ہے سری لنکا کے دارالحکومت کولمبو میں منعقدہ ڈی ایچ آئی ایس ٹو ایشیا پیسیفک کانفرنس میں بلوچستان کے ڈیجیٹل ہیلتھ ماڈل اور صحت کے نظام میں ٹیکنالوجی کے عملی استعمال کو بین الاقوامی سطح پر متعارف کرایا گیا کانفرنس میں مختلف ممالک کے نمائندگان، ماہرین صحت اور ترقیاتی شراکت دار شریک ہوئے صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کانفرنس کی افتتاحی تقریب (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ، سینیٹ کے قائمقام چیئرمین سیدال خان ناصر میٹروپولیٹن کارپوریشن کے چیف انجینئر حاجی اسحاق مینگل کے کزن عبدالغنی مینگل کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

نوجوانوں کو معیاری فنی تعلیم سے آراستہ کر کے روزگار کے مواقع پیدا کیے جائیں، شعیب نوشیروانی

صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کا بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (B-TEVTA) آفس کا دورہ

خاران کے نوجوانوں میں خود روزگاری کے فروغ کے لیے انٹرپرینیورشپ اور "قرض حسنہ اسکیم" بھی متعارف کرائی جائے گی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (B-TEVTA) آفس کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ایم ڈی بی ٹیوٹا عبدالکبیر زرکون سے تفصیلی ملاقات کی۔ اس موقع پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ یونٹ کے سربراہ ڈاکٹر نور محمد، بی ٹیوٹا کے ڈائریکٹرز سمیت دیگر حکام بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران صوبائی وزیر کو بی ٹیوٹا کی موجودہ کارکردگی، صوبے بھر میں جاری فنی و پیشہ ورانہ تربیتی پروگرامز اور مستقبل کی حکمت عملی پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ دوران گفتگو ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر (TTC) خاران کو مکمل طور پر فعال بنانے اور مقامی ضروریات کے مطابق نئے ٹریڈز شامل کرنے پر مکمل اتفاق کیا گیا۔ صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا (بقیہ نمبر 13 صفحہ 7 پر)

عوامی تعاون سے بلوچستان کو پائیدار امن کی راہ پر گامزن کیا جاسکتا ہے، عبیداللہ گورگیج

بلوچستان کی ترقی، بے روزگاری کے خاتمے اور عوام کو درپیش مشکلات کا ازالہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے

پیپلز پارٹی عوامی خدمت کے ایجنڈے پر گامزن ہے، بلوچستان کی ترقی اور عوامی مسائل کا حل حکومت کی اولین ترجیحات ہیں، رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) رکن بلوچستان اسمبلی و پیپلز پارٹی کے رہنما سردار عبیداللہ گورگیج نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی عوامی خدمت کے ایجنڈے پر گامزن ہے، بلوچستان کی ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود، بلوچستان کی ترقی اور بنیادی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی، بے روزگاری کے خاتمے اور عوام کو درپیش مشکلات کا ازالہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ سردار عبیداللہ گورگیج نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کے حقوق، جمہوریت اور پسماندہ طبقات کی ترقی کے لیے جدوجہد کی ہے۔ بلوچستان میں ترقیاتی عمل کو تیز کرنے کے ساتھ ساتھ نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنا اور تعلیم، صحت، انفراسٹرکچر سمیت دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی (بقیہ نمبر 4 صفحہ 7 پر)

بلوچستان کے ترقیاتی وسائل کی تقسیم میں ناانصافی برداشت نہیں کی جائیگی، عبدالقادر

ادھوری شاہراہوں کا سب سے زیادہ بوجھ بلوچستان کے عوام برداشت کر رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) سینیٹر محمد عبدالقادر نے بلوچستان میں قومی شاہراہوں کے جاری منصوبوں کے لیے ناکافی فنڈز کی فراہمی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کے ساتھ ترقیاتی وسائل کی تقسیم میں ناانصافی برداشت نہیں کی جائے گی۔ وفاقی حکومت، وزارت منصوبہ بندی اور نیشنل ہائی وے اتھارٹی صوبے کے برسوں سے زیر التوا منصوبوں کی تکمیل کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کریں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی کوئٹہ شاہراہ کے لیے فنڈز کی فراہمی کا علاوہ بلوچستان بھر میں قومی شاہراہوں (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

جناح پیپلز ٹرین کو نقصان پہنچانے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائیگا، بابر یوسفزئی

شرپسند عناصر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی مقبولیت سے خائف ہیں

کوئٹہ (این این آئی) معاون برائے داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ جناح پیپلز ٹرین عوام کی ملکیت اور عوامی سہولت کا منصوبہ ہے، نقصان پہنچانے یا خطرے میں ڈالنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ جناح پیپلز ٹرین کو نقصان پہنچانے یا خطرے میں ڈالنے والوں کے خلاف فوری قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، عوامی سہولت کے منصوبے کو نقصان پہنچانا کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ بابر یوسفزئی نے کہا کہ جناح پیپلز ٹرین عوام کے لیے ہے، عوام اس سے مستفید ہوں اور اسے نقصان پہنچانے (بقیہ نمبر 3 صفحہ 7 پر)

وزیر صحت بلوچستان کی 26 ممالک کی شرکت والی کانفرنس میں بطور مہمان خصوصی شرکت

کولمبو یونیورسٹی کی جانب سے وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی قیادت اور بلوچستان میں ڈیجیٹلائزیشن کے اقدامات کی تحسین

کولمبو (آن لائن) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے سری لنکا کے دارالحکومت کولمبو میں منعقدہ ڈی ایچ آئی ایس ٹو ایشیا پیسیفک کانفرنس 2026 کی افتتاحی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ ایشیا اور دیگر خطوں کے 26 ممالک کے نمائندگان کی موجودگی میں پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے انہوں نے سری لنکا میں بلوچستان میں صحت کے شعبے کی ڈیجیٹلائزیشن، انتظامی اصلاحات اور اعداد و شمار پر مبنی پالیسی سازی کے حوالے سے پیش رفت اجاگر کی۔ سری لنکا آمد پر وزیر صحت بلوچستان کا ائیرپورٹ پر پاکستانی سفارتی حکام، جن میں افتخار حسین بھی شامل (بقیہ نمبر 15 صفحہ 7 پر)

خالق آباد منگچر کے علاقے لاپتہ ہونے والے

ایس ایچ او علی اصغر بنگلزئی گھر پہنچ گئے

قلات (این این آئی) خالق آباد منگچر کے علاقے لاپتہ ہونے والے ایس ایچ او علی اصغر بنگلزئی گھر پہنچ گئے۔ خاندانی (بقیہ نمبر 14 صفحہ 7 پر)

صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ سے اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری و دیگر کی ملاقات

کوئٹہ (آن لائن) پارلیمانی لیڈر پاکستان مسلم لیگ (ن) و صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ سے (بقیہ نمبر 5 صفحہ 7 پر)

کیڈٹ کالجز کی دیرپا ترقی مستقل بنیادوں پر آگے بھی جاری و ساری رہیں، گورنر بلوچستان

کیڈٹ کالجز کو بہترین کیڈٹ کالجز کے معیار کے مطابق لانے کیلئے ٹھوس اور مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ صوبے میں کیڈٹ کالجز کی تعداد بڑھانے کے بجائے موجودہ کیڈٹ کالجز کے معیار اور کارکردگی کو ملک کے بہترین کیڈٹ کالجز کے معیار کے مطابق لانے کیلئے ٹھوس اور مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ مزید طلبہ کیلئے گنجائش پیدا کرنے اور ان پر تعلیمی فیس کا اضافی بوجھ ڈالنے کے بجائے ہماری ترجیح موجودہ کیڈٹ کالجز کے اساتذہ اور زیر تعلیم کیڈٹس کو بہتر سہولیات، معیاری تعلیم اور سازگار تعلیمی ماحول فراہم کرنا ہے۔ کیڈٹ کالجز کی تمام انتظامی، تدریسی اور بنیادی ضروریات کو ترجیحی بنیادوں پر (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ، چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹری کے صدر نوید یوسف بیوٹمر کے طلباء و طالبات کے دورے کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں

جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کیلئے عوام کے تعاون سے کارروائیاں جاری رکھیں گے، شفقت امیر جنجوعہ

پولیس کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بناتے ہوئے امن کے قیام کے لیے اپنا کردار ادا کریں

کوئٹہ (آن لائن) ایس پی صدر ڈویژن شفقت امیر جنجوعہ اور ایس پی سٹی آصف غفور نے کہا ہے کہ پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بناتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کے لیے عوام کے تعاون سے کارروائیاں جاری رکھے گی اور نیو کچلاک کے علاقے میں عوام کی درخواست پر اینگل اسکواڈ کے گشت کو بڑھاتے ہوئے 8 جوانوں کو تعینات کردیا گیا ہے شہری چہرہ ڈھانپنے سے گریز کرتے ہوئے پولیس کے ساتھ تعاون کریں۔ یہ بات انہوں نے ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ عمران شوکت اور ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی (بقیہ نمبر 16 صفحہ 7 پر)

بلوچستان میں ہنگامی حالات کے دوران صنفی بنیاد پر تشدد سے تحفظ کیلئے GBViE فریم ورک جاری

کوئٹہ (خ ن) صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (PDMA) بلوچستان کے زیر اہتمام ہنگامی حالات میں صنفی بنیاد پر تشدد in Violence Based-Gender) Emergencies) کے حوالے سے بلوچستان فریم ورک کے اجراء کی تقریب کانفرنس ہال پی ڈی ایم اے بلوچستان کوئٹہ میں منعقد ہوئی ہے۔ تقریب کی صدارت ڈائریکٹر پی ڈی ایم اے بلوچستان نوید احمد شیخ نے کی جبکہ پروگرام میں متعلقہ سرکاری اداروں، (بقیہ نمبر 12 صفحہ 7 پر)

بلوچستان پولیس کی تین ہفتوں میں بڑی کارروائیاں، 838 ملزمان گرفتار، 8 مغوی بازیاب

4 کلاشنکوف، 122 پسٹل اور 8 شارٹ گن کے علاوہ 787 گولیاں اور 70 میگزین برآمد

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان پولیس نے صوبہ بھر میں جرائم پیشہ عناصر، اشتہاریوں اور مفرور سمیت دیگر جرائم میں ملوث ملزمان کے خلاف جاری خصوصی مہم کے دوران 1067 ملزمان کو گرفتار کرکے 8 مغویوں کو بازیاب کرانے کے علاوہ ان کے قبضے سے پسٹل 122، کلاشنکوف 4، شارٹ گن 8، راؤنڈ 787، میگزین 70، اور بھاری مقدار میں منشیات 3 مسروقہ گاڑیاں، 20 موٹرسائیکلیں، 12 موبائل فون برآمد کر کے 2500 سے زائد گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے بلوچستان پولیس کے ترجمان کے مطابق انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر کی ہدایت پر کوئٹہ سمیت (بقیہ نمبر 10 صفحہ 7 پر)

تعلیم نوجوان نسل کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے، انجینئر عائشہ زہری

قلات (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے خصوصی احکامات پر ضلع قلات میں بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ (BEEF) اسکالرشپس کے حوالے سے آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ آگاہی سیشن ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری کی سربراہی میں منعقد ہوا، جس میں محکمہ تعلیم قلات و خالق آباد کے افسران، مختلف کالجز کے پرنسپلز، اسکولوں کے ہیڈ ماسٹرز و ہیڈ مسٹریسز سمیت طلباؤ طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ سیشن کے دوران BEEF کی (بقیہ نمبر 8 صفحہ 7 پر)

گوادر میں ٹیکس بیس وسیع کرنے اور محصولات بڑھانے کیلئے بی آر اے اور ضلعی انتظامیہ کا تعاون پر اتفاق

اہل کاروبار اور سروس فراہم کنندگان کو ٹیکس نیٹ میں شامل کیا جائے گا، چیئرمین بی آر اے عبداللہ خان

گوادر (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بی آر اے) کے چیئرمین عبداللہ خان اور ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کے درمیان ایک اہم ملاقات ہوئی۔ جس میں ضلع گوادر میں ٹیکس بیس کی توسیع اور محصولات کی وصولی کو بہتر بنانے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں چیئرمین بی آر اے نے کہا کہ تمام اہل کاروبار اور سروس فراہم کرنے والوں کو قانون کے تحت رجسٹر کر کے ٹیکس نیٹ میں شامل کیا جائے گا۔ انہوں نے بی آر اے اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان قریبی رابطہ کاری، ڈیجیٹل نظاموں کے استعمال، ٹیکس دہندگان کو سہولتوں کی فراہمی اور (بقیہ نمبر 7 صفحہ 7 پر)

بولان' نامعلوم افراد نے ریلوے ٹریک کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا

کوئٹہ پولیس نے ایک شخص کی نعش قبضے میں لے کر مردہ خانے میں رکھ دی

بولان (این این آئی) بولان کے علاقے میں نامعلوم افراد نے ریلوے ٹریک کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا۔ پولیس کے مطابق بولان کے علاقے پولیس تھانہ بالاناڑی کی حدود میں نامعلوم افراد نے ریلوے ٹریک پر دھماکہ خیز مواد نصب کر رکھا تھا جو زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں ریلوے ٹریک کا 6 فٹ حصہ تباہ ہوگیا جس سے ٹرینوں کی آمد و رفت معطل ہوگئی تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور مزید کارروائی شروع کردی۔ کوئٹہ پولیس نے ایک شخص کی نعش (بقیہ نمبر 17 صفحہ 7 پر)

لورالائی میں امن و امان اور سیکورٹی صورتحال کا جائزہ، حساس مقامات کی نگرانی مزید مؤثر بنانے کی ہدایت

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی، فورتھ شیڈول افراد کی کڑی نگرانی اور اداروں میں مؤثر رابطہ یقینی بنایا جائے، اعجاز احمد جعفر

لورالائی (خ ن) ایڈیشنل کمشنر لورالائی ڈویژن اعجاز احمد جعفر کی زیر صدارت ڈویژنل مانیٹرنگ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں لورالائی ڈویژن کے مختلف اضلاع میں امن و امان سیکورٹی صورتحال، انتظامی امور اور متعلقہ اداروں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع، ڈی ایس پی کلیم اللہ مندوخیل، ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل، ڈپٹی کمشنر ہرنائی، ڈپٹی کمشنر دکی، ڈپٹی کمشنر زیارت سمیت آئی بی، ایم آئی، سی ٹی ڈی، ایکسائز، پولیس، ایف سی اور دیگر انٹیلیجنس سیکورٹی اداروں کے نمائندگان (بقیہ نمبر 11 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ پولیس نے موٹرسائیکل سنیچر سمیت 5 ملزمان کو گرفتار کر کے چھینی گئی موٹرسائیکل، اسلحہ ایمونیشن برآمد کرلیا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے موٹرسائیکل سنیچر سمیت ملوث ملزمان غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کر کے چھینی گئی موٹر سائیکل، اسلحہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر پشتون آباد پولیس نے ملزم محمد کو گرفتار کر کے اسلحہ ایمونیشن برآمد کرلیا اسی طرح (بقیہ نمبر 28 صفحہ 7 پر)

پاکستان پیپلز پارٹی شہداء کی جماعت ہے، حاجی خان محمد بڑیچ

صوبائی حکومت صوبے میں بلاول بھٹو زرداری کے عوامی منشور پر عمل پیرا ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی رہنما حاجی خان محمد بڑیچ نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی شہداء کی جماعت ہے جس نے ہمیشہ جمہوریت کے فروغ اور عوام کی فلاح کیلئے کام کیا ہے، پیپلز پارٹی کی حکومت صوبے میں بلاول بھٹو زرداری کے عوامی منشور پر عمل پیرا ہے اور عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ یہ بات انہوں نے منگل کو یہاں ملاقات کرنے والے پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی اس موقع پر پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما حاجی اختر بلوچ، (بقیہ نمبر 9 صفحہ 7 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی اور انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر خان ملاقات کر رہے ہیں

قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کی کوئٹہ میں مختلف شخصیات کے اہل خانہ سے تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر نے منگل کو اسلام آباد سے کوئٹہ پہنچنے کے بعد بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما و سینیٹر میر نصیب اللہ بازئی کی وفات، سینئر صحافی عبدالستار کاکڑ کی وفات، کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے چیف انجینئر حاجی اسحاق مینگل کے کزن عبدالغنی کی وفات اور صحافی ظاہر خان ناصر کے بھائی کی وفات (بقیہ نمبر 18 صفحہ 7 پر)

پسنی میں آئس فیکٹری کا اچانک معائنہ، صفائی کے ناقص انتظامات پر فیکٹری سیل

برف کی تیاری میں حفظان صحت کے اصولوں پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، خسرو داوری

پسنی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر پسنی خسرو داوری نے آئس فیکٹری کا اچانک معائنہ کیا اور فیکٹری کے مختلف حصوں، برف کی تیاری کے عمل اور صفائی و ستھرائی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ معائنے کے دوران برف کی تیاری کے مقام پر صفائی و ستھرائی کے ناقص انتظامات پائے گئے، جبکہ وہاں پان، شکر، گٹکا، پان پراگ اور دیگر اشیاء بھی موجود تھیں۔ فیکٹری میں موجود واٹر ٹینک کی صفائی کے انتظامات بھی تسلی بخش نہیں تھے اور پانی کے ٹینک میں صفائی کا فقدان پایا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر پسنی نے صورتحال کا فوری نوٹس لیتے ہوئے آئس فیکٹری کو موقع پر سیل کر دیا اور متعلقہ حکام کو (بقیہ نمبر 19 صفحہ 7 پر)

صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی، پارلیمانی سیکرٹری میر عبیداللہ گورگیج اور رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اسمبلی اجلاس سے قبل بات چیت کر رہے ہیں

صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ زہری سے پارلیمانی سیکرٹری عبدالمجید بادینی کی ملاقات

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ زہری سے پارلیمانی سیکرٹری عبدالمجید بادینی کی ملاقات، سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے پارلیمانی سیکرٹری عبدالمجید بادینی نے جھالاوان ہاس کوئٹہ میں ملاقات کی۔ ملاقات میں موجودہ سیاسی و علاقائی (بقیہ نمبر 29 صفحہ 7 پر)

پشتون قوم کو زندگی کے ہر شعبے میں اذیت ناک صورتحال کا سامنا ہے، خوشحال خان کاکڑ

عوام کے سر و مال اور عزت کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے بہت بڑے اور وسیع بنیادوں پر قومی اتحاد و اتفاق کی ضرورت ہے

ژوب (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ قومی اسمبلی میں پشتونخوا نیپ کو نمائندگی ملنے میں ژوب کے غیور عوام کا بہت بڑا حصہ ہے ہم ژوب کے غیور عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے یہ واضح کرتے ہیں کہ گزشتہ انتخابات میں ژوب کے عوام کی پشتونخوانیپ کی بھرپور تائید و حمایت کرنے پر احسان مند ہے اور اس احسان کی ادائیگی کو قومی فرض سمجھ کر یہاں کے غیور عوام کو درپیش تمام مشکلات کو حل کرنے کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کرینگے جبکہ ژوب کے ضلع کی سطح پر عوامی نیشنل پارٹی کا بھی ہمارے ساتھ (بقیہ نمبر 30 صفحہ 7 پر)

علماء حق کی قیادت و رہنمائی وقت کی اہم ضرورت ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

باطل قوتوں کے مذموم عزائم کی مزاحمت میں ہمیشہ علماء کرام نے قائدانہ اور تاریخی کردار ادا کیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سرپرست اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مینگل، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد فاروقی اور حاجی نعمت اللہ اچکزئی نے کہا ہے کہ ملک و قوم کو درپیش مسائل و مشکلات سے نجات اور صحیح سمت کے تعین کے لیے علماء حق کی قیادت و رہنمائی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ملک کے اسلامی تشخص کے تحفظ دینی اقدار کی پاسداری اور (بقیہ نمبر 21 صفحہ 7 پر)

کیچ' خفیہ ٹھکانے پر چھاپہ کروڑوں روپے مالیت کی 3825 کلوگرام منشیات برآمد

کوئٹہ (آن لائن) اینٹی نارکوٹکس فورس کے عملے نے 56 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی منشیات سمگل کرنے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے کیچ کے علاقے جوسک سے برآمد کر کے قبضے میں لے لی تاہم کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق اے این ایف کے عملے کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ نامعلوم (بقیہ نمبر 20 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ، مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری سے پارلیمانی سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی عبدالمجید بادینی ملاقات کر رہے ہیں

سرمایہ کاری بورڈ کا مقصد ترجیح سرمایہ کاری کو کامیاب بنانا ہے، بلال خان کاکڑ

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت بلوچستان کو ترقی کے لیے کسی ایک شعبے یا ایک بڑے منصوبے پر انحصار کرنے کے بجائے اپنی پوری معیشت کو متحرک کرنے کیلئے کوشاں ہے

بلوچستان میں معدنیات سے لیکر ساحلی معیشت، زراعت، لائیواسٹاک، ماہی گیری، سیاحت اور ٹیکنالوجی تک ہر شعبے میں نئے کاروباری ماڈلز کی گنجائش موجود ہے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت بلوچستان کو ترقی کے لیے کسی ایک شعبے یا ایک بڑے منصوبے پر انحصار کرنے کے بجائے اپنی پوری معیشت کو متحرک کرنے کیلئے کوشاں ہے۔ ہمارا ہدف ایسا معاشی ماحول تشکیل دینا ہے جہاں مقامی کاروبار آگے بڑھیں، نوجوان روزگار کے بجائے روزگار پیدا کرنے کی طرف آئیں اور سرمایہ کار بلوچستان کو ایک قابل اعتماد کاروباری مقام سمجھیں۔ اپنے دفتر میں کاروباری شخصیات سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی سب سے بڑی طاقت اس کے غیر معمولی معاشی امکانات ہیں۔ معدنیات سے لے کر ساحلی معیشت، زراعت، لائیواسٹاک، ماہی گیری، (بقیہ نمبر 31 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ، بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، گھریلو صارفین اور صنعتی شعبے شدید مشکلات سے دوچار

ایک سے ڈیڑھ گھنٹے بجلی فراہم کرنے کے بعد 3 سے 4 گھنٹے تک بجلی بند کردی جاتی ہے، جبکہ یہی صورتحال رات کے اوقات میں بھی برقرار رہتی ہے

صوبے میں امن و امان کی موجودہ صورتحال کے باعث رات کے اوقات میں صنعتی یونٹس اور ملز چلانا بھی ایک مشکل امر ہے، صنعت کار

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بجلی کی اعلانیہ اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے نہ صرف گھریلو صارفین بلکہ صنعتی شعبے اور فلور ملز کو بھی شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ سرکی روڈ سال انڈسٹریز سے وابستہ صنعتکاروں اور فلور ملز مالکان کا کہنا ہے کہ دن بھر جاری رہنے والی طویل لوڈشیڈنگ کے باعث کاروباری سرگرمیاں تقریباً مفلوج ہو کر رہ گئی ہیں انہوں نے بتایا کہ ایک سے ڈیڑھ گھنٹے بجلی فراہم کرنے کے بعد 3 سے 4 گھنٹے تک بجلی بند کردی جاتی ہے، جبکہ یہی صورتحال رات کے اوقات میں بھی برقرار رہتی ہے۔ بجلی کی مسلسل بندش کے باعث صنعتی یونٹس اور فلور ملز اپنی پیداواری سرگرمیاں معمول کے مطابق جاری رکھنے سے قاصر ہیں، جس سے نہ صرف کاروباری نقصانات میں اضافہ ہو رہا (بقیہ نمبر 22 صفحہ 7 پر)

اوستہ محمد میں BEEF اسکالرشپ پروگرام پر آگاہی سیمینار

طلبا و طالبات کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع سے استفادے کی ترغیب

اوستہ محمد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے کے نوجوانوں کو معیاری تعلیم کے بہتر سے بہتر مواقع اور سہولیات کی فراہمی کے لیے حکومت بلوچستان کی جانب سے مؤثر اقدامات کا سلسلہ جاری ہے اسی سلسلے میں بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ (BEEF) کے تحت مستحق ہونہار اور اہل طلبا و طالبات کو ملک کے معروف اور معیاری تعلیمی اداروں میں اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کے لیے اسکالرشپ پروگرام جاری ہے۔ اس حوالے سے ضلعی انتظامیہ استہ محمد کے زیر اہتمام میونسپل کارپوریشن ہال استہ محمد میں BEEF (بقیہ نمبر 23 صفحہ 7 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اسمبلی اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری میر عبیداللہ گورگیج بات چیت کر رہے ہیں

ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن ڈاکٹر سلیم زرکون کا بارکھان، رکنی کے مختلف اسکولوں کا اچانک دورہ

بارکھان/رکنی (خ ن) ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن کوہ سلیمان ڈویژن رکھنی ڈاکٹر سلیم زرکون نے گورنمنٹ ہائی سکول بارکھان، گورنمنٹ ہائی سکول کوڈی موڑ گورنمنٹ ہائی سکول رکنی اور دیگر ملحقہ سکولوں کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے مختلف کلاس رومز کا معائنہ کیا اور طلباء سے نصابی سوالات پوچھ کر ان کے تعلیمی معیار کا جائزہ لیا۔ انہوں نے طلباء کی کاپیاں اور اسباق بھی چیک کیے۔ ڈویژنل (بقیہ نمبر 32 صفحہ 7 پر)

اے ڈی سی جھل مگسی کا ڈی ایچ کیو ہسپتال گنداواہ کا دورہ، ادویات اور طبی سہولیات کا جائزہ لیا

مریضوں کو بروقت ادویات اور بہتر طبی سہولیات کی فراہمی میں غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، عبدالغفور جمالی

جھل مگسی (خ ن) ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ کی ہدایات کی روشنی میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جھل مگسی عبدالغفور جمالی نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال گنداواہ کا تفصیلی دورہ کیا جہاں انہوں نے ہسپتال میں دستیاب ادویات مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور ادویات کے اسٹاک کا باریک بینی سے جائزہ لیا اس موقع پر سینئر میڈیکل آفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق آرائیں نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کو ہسپتال میں موجود مختلف اقسام کی ادویات ان کے اسٹاک کی موجودہ صورتحال مریضوں کو ادویات کی فراہمی اور علاج معالجے کے حوالے سے تفصیلی (بقیہ نمبر 24 صفحہ 7 پر)

استاد کسی بھی قوم کا حقیقی معمار ہوتا ہے، پروفیسر سعداللہ بڑیچ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن (بلوچستان چیپٹر) کے زیر اہتمام یوم اساتذہ پر تو نہ ہوتا میں خاک نشین ہوتا کے عنوان سے تقریری مقابلے کا انعقاد کیا گیا جس میں شہر کے مختلف سکولوں کے طلبا و طالبات نے شرکت کی مقابلے کے ججز ادیب شاعر ڈرامہ نگار افضل مراد، طلعت الرحمن ایڈووکیٹ اور پروفیسر وسیع اختر تھے جبکہ مہمان خصوصی پروفیسر سعداللہ بڑیچ جبکہ پی ای ایف کے ممبران جنرل سیکرٹری محمد انور کاکڑ، خزانچی پروفیسر آصف اختر سپورٹس سیکرٹری شاہ محمد عمرانی اور دیگر بھی موجود تھے مقابلے کے دوران طلبا و طالبات نے اساتذہ کی شخصیت پر تقریریں کی جنہیں خوب داد دیا گیا تقریب سے مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ (بقیہ نمبر 25 صفحہ 7 پر)

کوہاٹ، وزیراعلیٰ کے پی کے سہیل آفریدی کوہاٹ سے روانگی پر یونیورسٹی چوک پر لانگ مارچ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال لورالائی کا رات گئے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا دورہ

مریضوں کی خیریت دریافت کی اور انہیں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں

لورالائی (آن لائن) ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال لورالائی ڈاکٹر نقیب اللہ نیازی نے رات گئے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا اور ہسپتال میں جاری طبی سہولیات، صفائی و ستھرائی اور عملے کی حاضری کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ایم ایس نے مختلف وارڈز میں زیر علاج مریضوں سے ملاقات کی، ان کی خیریت دریافت کی اور انہیں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے مریضوں اور ان کے لواحقین سے بھی سہولیات کے حوالے سے دریافت کیا اور متعلقہ عملے کو مریضوں کی بہتر دیکھ بھال یقینی (بقیہ نمبر 26 صفحہ 7 پر)

ڈپٹی کمشنر نصیرآباد کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کا اہم اجلاس

فراہم کی جانے والی تدریسی سہولیات کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر نصیرآباد کو بریفنگ دی گئی

نصیرآباد (آن لائن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد ویدر لعل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر میل فیمیل، منظور شیرازی سمیت محکمہ تعلیم کے دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس میں ضلع نصیرآباد میں تعلیمی نظام کی مجموعی صورتحال سرکاری اسکولوں میں اساتذہ کی حاضری تدریسی سرگرمیوں طلبا و طالبات کی تعداد غیر حاضر ملازمین کے خلاف کارروائی تنخواہوں میں کٹوتی اور محکمہ تعلیم کو درپیش دیگر مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس کے دوران افسران کی جانب سے مختلف اسکولوں میں اساتذہ اور طلبا کی حاضری، تعلیمی سرگرمیوں کے تسلسل اور اسکولوں میں فراہم کی جانے (بقیہ نمبر 34 صفحہ 7 پر)

جی ڈی اے کے مشینری فلیٹ میں 6 نئے لوڈر رکشوں کا اضافہ، شہری خدمات مزید مؤثر بنانے کا فیصلہ

گوادر (خ ن) گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے شہری خدمات کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اپنے مشینری ٹرانسپورٹ فلیٹ میں چھ نئے جدید لوڈر رکشوں کا اضافہ کر دیا۔ ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمن خان نے نئے لوڈر رکشے واٹر، باغبانی اور میونسپل ونگ سمیت متعلقہ شعبوں کے حوالے کر دیے۔ اس موقع پر چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد، پی ڈی واٹر میر جان بلوچ، ڈائریکٹر فنانس عبدالشکور، اسسٹنٹ ڈائریکٹر میونسپل سروسز یحییٰ واڈیلہ اسسٹنٹ (بقیہ نمبر 38 صفحہ 7 پر)

گنداخہ کلسٹر کے اسکولوں میں تعلیمی سامان، فرنیچر اور تدریسی معاونت کا تفصیلی معائنہ

سرکاری وسائل کا شفاف استعمال اور تعلیمی سامان کی منصفانہ تقسیم یقینی بنائی جائے، کلسٹر انسپکشن کمیٹی

اوستہ محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر استا محمد محمد رمضان پالال کی ہدایات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر استا محمد ماریہ شمعون کی سربراہی میں کلسٹر انسپکشن کمیٹی گنداخہ نے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول گنداخہ کے کلسٹر کا تفصیلی معائنہ کیا۔ معائنے کا مقصد کلسٹر کے تحت مختلف اسکولوں کے لیے خریدے گئے ریڈنگ و رائٹنگ میٹریل فرنیچر، تدریسی معاونت کے سامان اور دیگر ضروری تعلیمی اشیاء کی مقدار، معیار اور دستیابی کا جائزہ لینا تھا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ طلباء کی تعلیمی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے خریدا گیا سامان مقررہ معیار اور منظور شدہ ضروریات (بقیہ نمبر 33 صفحہ 7 پر)

تھانہ نیو کچلاک اور کچلاک سرکل میں پولیس کی جانب سے کھلی کچہری کا انعقاد

شہریوں کے مسائل اور شکایات سنے گئے اور متعدد مسائل موقع پر ہی حل کر دیے گئے

کوئٹہ (این این آئی) تھانہ نیو کچلاک اور کچلاک سرکل میں پولیس کی جانب سے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہریوں کے مسائل اور شکایات سنے گئے اور متعدد مسائل موقع پر ہی حل کر دیے گئے۔ ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت اور ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی ہدایات پر منعقدہ کھلی کچہری میں ایس پی صدر شفقت جنجوعہ، آصف غفور، ڈی ایس پی کچلاک عابد جدون، ایس ایچ او حاجی عبدالحی گرانی اور جمیل الرحمن کاکڑ سمیت علاقے کے معتبرین، معززین اور شہریوں نے شرکت کی۔ کھلی کچہری کے دوران شہریوں نے مختلف مسائل اور (بقیہ نمبر 27 صفحہ 7 پر)

مسلم لیگ (ن) کی صوبائی سیکرٹریٹ کا قیام پارٹی کارکنوں کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے، عرض محمد بڑیچ

کوئٹہ (آن لائن) مسلم لیگ (ن) رخشان ڈویژن کے صدر حاجی عرض محمد بڑیچ، مکران ڈویژن کے صدر اشرف ساگر بلوچ، سبی ڈویژن کے صدر قربان بگٹی، لورالائی ڈویژن کے صدر وڈیرہ خیرالدین سلارانی، نصیرآباد ڈویژن کے جنرل سیکرٹری محمد حسین گولہ، رخشان ڈویژن کے سینئر نائب صدر نثار احمد، کوئٹہ ڈویژن کے سینئر رہنما ارباب اقبال کاسی اور خضدار ڈویژن کے سینئر رہنما عبدالخالق موسیانی نے اپنے مشترکہ بیان میں مسلم لیگ ن بلوچستان کے صوبائی سیکرٹریٹ کے قیام پر پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری و رکن قومی (بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر)

پاکستان مائنارٹیز موومنٹ کے جاب فیئر میں نوجوانوں کی بڑی تعداد شریک

نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنا، مضبوط اقلیتیں، مضبوط پاکستان ہمارا مشن ہے: پیٹر چارلس

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مائنارٹیز موومنٹ کے چیئرمین پیٹر چارلس سہوترا کے وژن کے تحت تعلیم، فنی تربیت، روزگار اور معاشی خودمختاری کے ذریعے پسماندہ اور محروم طبقات کو بااختیار بنانے کیلئے پاکستان مائنارٹیز موومنٹ نے ٹیوٹا کے اشتراک سے جاب فیئر کا انعقاد کیا۔ جس کا مقصد اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں اور خواتین کو روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنا، فنی و تکنیکی تعلیم کو روزگار سے منسلک کرنا اور نوجوانوں کو باعزت روزگار کے حصول میں معاونت فراہم کرنا تھا۔ جاب فیئر میں مختلف صنعتی و تجارتی اداروں، کمپنیوں اور روزگار فراہم (بقیہ نمبر 35 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ کے نواحی علاقے کلی شموزئی بائی پاس سے نوجوان کی نعش برآمد جسے ہسپتال منتقل کر دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے نواحی علاقے کلی شموزئی بائی پاس سے نوجوان کی نعش برآمد جس کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز ایک نامعلوم شخص کی نعش شموزئی بائی پاس سے ملی جس کو ہسپتال منتقل کیا گیا جس کی شناخت سعادعلی کے نام سے کی گئی بتایا جاتا ہے کہ (بقیہ نمبر 36 صفحہ 7 پر)

جمعیت علمائے اسلام لورالائی کے وفد کی ڈپٹی کمشنر سے ملاقات

عوامی مسائل اور بنیادی سہولیات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

لورالائی (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام لورالائی کے ضلعی امیر مولوی محمد امین زاہد کی قیادت میں جمعیت علمائے اسلام کے وفد نے ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) حبیب شجاع سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ضلع لورالائی بالخصوص شہر اور گرد و نواح کو درپیش مختلف عوامی مسائل، بنیادی سہولیات کی فراہمی، شہری مشکلات، انتظامی امور اور عوامی ریلیف سے متعلق مختلف معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے ڈپٹی کمشنر کو عوام کو درپیش مختلف مسائل سے آگاہ کرتے ہوئے ان کے فوری اور مؤثر حل کے لیے تجاویز پیش کیں۔ وفد کی جانب سے شہریوں کو درپیش مشکلات کے خاتمے، بنیادی سہولیات کی فراہمی، عوامی مسائل کے بروقت ازالے اور ضلعی سطح پر متعلقہ محکموں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ اس موقع پر عوامی مسائل کو (بقیہ نمبر 37 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے برطانیہ کے وزیر مملکت برائے مشرق وسطیٰ، شمالی افریقہ، افغانستان و پاکستان ہیمش فالکنر ملاقات کر رہے ہیں

پرنٹر و پبلشر وسیم احمد نے اولس پرنٹرز یونیورسل کمپلیکس کانسی روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر
"روزنامہ عوام"
302 یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
ای میل ایڈریس
dailyawamqta@gmail.com
فون نمبر: 2832244 فیکس نمبر: 2832255

کوئٹہ، مسلم لیگ (ن) کے جنرل سیکرٹری و اراکین قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ، اختر بی بی، سابق وفاقی وزیر خلیل جارج، زینت شاہوانی، حیدر خان اچکزئی، فائزہ، فاطمہ خان سمیت دیگر مسلم لیگ اقلیتی خواتین کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں